اسلامی سال کا آغاز ماہ محرم الحرام سے ہوتا ہے اور اس کا اختتام ماہ ذوالحجہ پر ہوتا ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حیات اسلام کا سفر قربانی سے شروع ہوتا ہے اور قربانی پر ہی ختم ہوتا ہے۔ اس سے یہ معلوم کرنا نہایت سہل ہے کہ ایک مسلمان کی تمام زندگی قربانیوں سے معمور ہے۔ ماہ ذوالحجہ کی 10 تاریخ کو حضرت اسماعیل رضائے الٰہی کی خاطر اپنے آپ کو قربانی کے لئے پیش کرتے ہیں جبکہ ماہ محرم الحرام کی 10 تاریخ کو حضرت امام حسین رضائے الٰہی کی خاطر سجدے کی حالت میں اپنا سر کٹوا کر دین اسلام کو حیات ابدی عطا کر دیتے ہیں اور اس بات پر مہر تصدیق ثبت کر دیتے ہیں کہ یہ سر اللہ کے حضور کٹ تو سکتا ہے مگر کسی ظالم اور جابر کے سامنے جھک نہیں سکتا۔ یہ تاریخ انسانیت کی بہت بڑی قربانی تھی جو ماہ محرم الحرام میں پیش آئی۔ اسلامی سال کا آغاز جس مہینے سے ہوتا ہے وہ 'محرم الحرام' ہے، جسے قرآن وسنت کی روشنی میں حرمت والا، عظمت والا اور احترام والا مہینہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں تاریخ اسلام کی ان لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو صبر، استقامت، ایثار اور حق پر ڈٹے رہنے کی مثالیں قائم کرتی ہیں۔ محرم کا مہینہ خصوصاً واقعہ کربلا کی نسبت سے ہمیں صبر کی اعلیٰ ترین تعلیمات دیتا ہے۔ صبر محض ایک اخلاقی خوبی نہیں بلکہ ایک روحانی مقام ہے جس کا انعام اللہ کی طرف سے بے حساب ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس مہینے کی روحانی کیفیت، جذباتی وابستگی اور فکری پیغام ہر صاحب ایمان کے لیے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ امت مسلمہ کو چاہئے کہ وہ اپنے اندر وحدت، یگانگت، یک جہتی اور اخوت و بھائی چارے کا جذبہ پیدا کرے۔ ہر سال ماہ محرم الحرام کا چاند اپنے ساتھ غم واندوہ، مصائب وآلام، گریہ واشک زاری اور حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کو ان کے لخت جگر، میوہ دل، نور عین حضرت ابا عبداللہ الحسین علیہ السلام کا پرسہ دینے کے لیے فرش عزاء ؑ بچھانے کا پیغام لے کر طلوع کرتا ہے لیکن حقیقت میں ہر سال محرم الحرام کی آمد ہمیں مقصد حسینی کی یاد دلاتی ہے کہ کبھی بھی اور کہیں بھی ظلم کے خلاف خاموشی اختیار نہ کریں اور ہر ایک اپنی توان وطاقت اور استطاعت کے مطابق ظلم کے خلاف قیام کرے۔ واقعہ کربلا میں ہمیں جاں نثاری وفداکاری، ایثار وقربانی، وفاداری و وفاشعاری، اطاعت و فرمانبرداری اور شہادت طلبی کے ایسے بے مثال نمونے ملتے ہیں جو کسی اور واقعے میں نہیں پائے جاتے۔ کربلا میں شش ماہہ شیرخوار سے لے کر 80 سال کے بوڑھے افراد تک موجود ہیں، جو جوش وجذبے اور مروّت وجوانمردی میں کسی سے کم نظر نہیں آتے۔ جیسے اصحاب حضرت امام حسین علیہ السلام کو ملے، نہ اس سے پہلے کسی کو ملے اور نہ رہتی دنیا تک کسی کو ملیں گے۔ امام عالی مقام کے باوفا اصحاب کے نقش پاء میں دنیا کے تمام انسانوں کے لیے ہر قسم کا بے مثال اور بے نظیر نمونہ موجود ہے، یہی وجہ ہے کہ کربلا قیامت تک انسانوں کے لیے ایک ناقابل انکار دائمی درسگاہ ہے جو مسلسل حریت وآزادی اور ایثار وفداکاری کا پیغام دے رہی ہے۔ لہٰذا ہر سال ماہ محرم الحرام کی آمد تمام انسانوں بالخصوص حسینیوں کے اعتقادی، فکری اور ذہنی دریچوں کو کھولنے اور تجدید عہد کے لیے ایک بہترین فرصت ہے، جسے ہرگز ہاتھ سے نہیں دینا چاہیے۔ کربلا کا واقعہ اسلامی تاریخ کا ایسا روشن باب ہے جو تا قیامت انسانیت کو حریت، قربانی، اور صبر کی تعلیم دیتا رہے گا۔ نواسہ رسول حضرت امام حسین نے وقت کے جابر حکمران یزید کے ظلم کے خلاف سراپا احتجاج بن کر صرف اپنی جان ہی نہیں قربان کی بلکہ اپنی اولاد، اعزاء ؑ، اصحاب اور اہل بیت کی جانوں کو بھی قربان کر دیا۔ یہ قربانی محض ایک سیاسی احتجاج نہ تھا، بلکہ دین کے اصل روح کو محفوظ رکھنے کی جدوجہد تھی۔ امام حسین نے فرمایا: میں یزید کی بیعت اس لیے نہیں کرتا کہ وہ فاسق، فاجر، شرابی، قاتل نفس محترمہ اور دین کے احکام کو پامال کرنے والا ہے۔ امام کی شہادت نے امت مسلمہ کو یہ درس دیا کہ اگر دین کو بچانے کے لیے جان دینی پڑے، تو یہ ایک سعادت ہے۔ یہ مہینہ بیداری، شعور، اصلاح اور تقویٰ کی تجدید کا موقع بھی ہے۔ آئمہ معصومین کی سیرت ہمیں سکھاتی ہے کہ کس طرح اس مہینے کی تعظیم وتکریم کریں اور اس کی روحانی وفکری تیاری کریں۔ واقعہ کربلا کے بعد صبر کا ایک اور عظیم پیکر حضرت زینب کی صورت میں سامنے آیا۔ شام کے دربار میں یزید کے سامنے، جہاں ظلم کی انتہا ہو چکی تھی، حضرت زینب بنت علی نے جو کلمات ادا کیے، وہ صبر، شجاعت اور دینی غیرت کی لازوال مثال ہیں۔ صبر کامل یقین اور اللہ کی رضا پر راضی رہنے کا نام ہے۔ آج جب مسلم معاشرہ اخلاقی، سماجی اور سیاسی بحرانوں سے دوچار ہے، تو محرم ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایمان، اخلاص اور صبر کے بغیر ہم ظلم، ناانصافی اور باطل قوتوں کے سامنے کامیاب نہیں ہو سکتے۔ امام حسین نے ہمیں یہ سبق دیا کہ حق کے لیے جان کی بازی لگا دینا ہی اصل کامیابی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم کربلا کے پیغام کو اپنے معاشرتی ڈھانچے کا حصہ بنائیں۔ ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں، حق کی حمایت کریں اور ذاتی مفادات کی خاطر جھوٹ، منافقت اور کرپشن کا حصہ نہ بنیں۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ امام حسین کے کردار کو سمجھیں، تاریخ اسلام کے ان صفحات کو پڑھیں جو قربانی اور صبر سے لبریز ہیں۔ اسوہ حسینی کو اپنانا صرف عزاداری میں شرکت تک محدود نہ ہو بلکہ ان کی سیرت کو عملی زندگی میں لانا اصل مقصد ہونا چاہیے۔ آج جب نوجوان سوشل میڈیا، فیشن اور مادی دنیا میں کھو گئے ہیں، ان کے لیے امام حسین کی حیات رہنمائی کا روشن چراغ ہے۔ ان کا پیغام ہے کہ جیو عزت سے، مرو حق پر۔ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں تقویٰ، عبادت، صبر، قربانی اور سچائی کے ساتھ جینے کا سلیقہ سکھاتا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ حق کی خاطر کھڑے ہونا، اگرچہ جان کا نذرانہ ہی کیوں نہ دینا پڑے، سب سے بڑی کامیابی ہے۔ کربلا کے میدان میں امام حسین اور ان کے جانثاروں نے ثابت کر دیا کہ صبر کرنے والے ہی اصل فاتح ہوتے ہیں اور ظالم وقت کی دھول میں گم ہو جاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم محرم کی ظاہری رسومات کے ساتھ ساتھ اس کے باطنی پیغام، یعنی صبر، قربانی، استقامت اور حق پر ڈٹے رہنے کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ تبھی ہم خود کو 'امت حسینؑ' کہلوانے کے قابل ہو سکیں گے۔ اگرچہ اہل ع ہر سال محرم الحرام کے آغاز سے قبل ہی پیغمبر خدا کی لخت جگر حضرت فاطمہ زہراء ؑ کو ان کے میوہ دل اور نور عین حضرت امام حسین اور دیگر اعزاء ؑ، اقرباء ؑ اور انصار کا پرسہ دینے کا اہتمام کرتے ہیں۔ شہید انسانیت حضرت امام حسین علیہ السلام کی لازوال قربانی کو صرف محرم وصفر کے ایام کے ساتھ مخصوص نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی سید الشہداء ؑ کی قربانی ان اہداف کے لیے تھی بلکہ آپ کی شہادت کا اصل مقصد انسانوں کو بیدار کرنا تھا تاکہ ان میں حریت پسندی اور آزاد منشی کو فروغ دیتے ہوئے ایک ایسے اسلامی معاشرے کا تصور پیش کریں جس میں رواداری و برادری اور عفو و درگزر کے ساتھ ساتھ، ظلم وستم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کا جذبہ بھی موجود ہو اور وہ ایثار وقربانی کے جذبے سے بھی سرشار ہوں اور ایسے انسانوں کے لیے کربلا ہر لحاظ سے تا قیام قیامت ایک آئیڈیل درسگاہ ہے۔ محرم الحرام ایثار، قربانی، اتحاد امت، باہمی رواداری اور پرامن بقائے باہمی کا درس دیتا ہے۔

☆☆

ایران میں افغان پناہ گزینوں کی زندگی اجیرن

مدیحہ فصیح

ایران میں پھنسے افغان پناہ گزینوں کو ایران اسرائیل جنگ میں بھلا دیا گیا ہے — یہ وہ لوگ ہیں جو ایک خطرناک علاقے سے فرار ہوئے، لیکن دوسرے میں پھنس گئے، جہاں کوئی محفوظ پناہ گاہ نظر نہیں آتی۔ ایران میں تقریباً 35 لاکھ پناہ گزین اور ان جیسے حالات میں رہنے والے افراد موجود ہیں، جن میں تقریباً 7.5 لاکھ رجسٹرڈ افغان شامل ہیں۔ لیکن 26 لاکھ سے زیادہ افراد بغیر دستاویزات کے ہیں۔ طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے اور امریکہ کے افغانستان سے انخلاء ؑ کے بعد، ہزاروں افغان — جن میں کارکنان، صحافی، سابق فوجی اور دیگر کمزور لوگ شامل ہیں — ایران میں پناہ کے لیے آئے۔ صرف تہران صوبے میں ہی تقریباً 15 لاکھ افغان پناہ گزین رہتے ہیں — جن میں اکثریت بغیر دستاویزات کے ہیں — اور جب جمعہ 13 جون کو اسرائیل نے تہران اور اس کے گردونواح میں شہری اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا، تو بہت سے افغانوں کو اپنی شدید غیر محفوظ حالت کا تلخ احساس دوبارہ ہوا۔ جمعہ 13 جون کو جب اسرائیلی میزائل تہران پر برسنے لگے، تب بہت سے لوگ تہران سے ایران کے شمالی علاقوں کی طرف فرار ہو گئے، لیکن شمسی جیسے افغان پناہ گزینوں اور ان کے خاندانوں کے پاس جانے کے لیے کوئی جگہ نہ تھی۔ شمسی کو ایک بار پھر احساس ہوا کہ وہ اور ان کا خاندان کتنے غیر محفوظ ہیں۔ 34 سالہ شمسی، جو دو بچیوں کی ماں ہیں شمالی تہران میں سلائی کا کام کر رہی تھیں۔ خوف اور گھبراہٹ کے عالم میں بھاگ کر گھر پہنچیں تو دیکھا کہ ان کی پانچ اور سات سال کی بیٹیاں خوف سے میز کے نیچے چھپی ہوئی تھیں۔ شمسی نے طالبان کے قبضے کے بعد افغانستان سے ایک سال قبل تحفظ کی غرض سے ایران کا رخ کیا تھا۔ لیکن اب، وہ بغیر دستاویزات کے، خوف زدہ حالت میں، ایک اور خطرناک صورتحال میں پھنس چکی ہیں — اس بار نہ کوئی پناہ، نہ کوئی قانونی حیثیت، نہ نکلنے کا کوئی راستہ۔ حفاظتی وجوہات کی بنا پر صرف اپنا پہلا نام ظاہر کرنے کی درخواست کیساتھ شمسی نے 'الجزیرہ' کو بتایا، "ہم طالبان سے بچ کر نکلے تھے، ہم یہاں حفاظت کے لیے آئے تھے لیکن یہاں ہمارے سروں پر بم برس رہے تھے۔" افغانستان میں ایک سرگرم کارکن رہی شمسی اور ان کے شوہر، جو ایک سابق افغان فوجی ہیں، عارضی ویزا پر ایران آئے۔ انہیں طالبان کے انتقام کا خوف تھا۔ لیکن وہ ویزا کی مدت بڑھانے سے قاصر رہے کیونکہ اس کے لیے انہیں ایران چھوڑ کر طالبان کے زیر کنٹرول افغانستان واپس جانا لازمی تھا — جو ایک نہایت خطرناک سفر ہوتا۔ ایران میں شمسی کی زندگی آسان نہیں رہی۔ قانونی رہائش نہ ہونے کی وجہ سے ان کو کام پر کوئی تحفظ حاصل نہیں، کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں اور کسی امداد تک رسائی نہیں۔ انہیں کسی بین الاقوامی ادارے سے اور نہ ہی ایرانیوں سے کوئی مدد ملی۔ تہران میں انٹرنیٹ بندش نے معلومات حاصل کرنا اور اہل خانہ سے رابطہ قائم رکھنا بھی مشکل بنا دیا۔ ڈرائیونگ لائسنس نہ ہونے کی وجہ سے کہیں جا نہیں سکتیں۔ تہران کی ہر سڑک پر پولیس کی سخت نگرانی ہے۔ بمباری سے پہلے وہ کسی نہ کسی طرح کھانے پینے کی اشیاء ؑ خریدنے میں کامیاب ہو جاتی تھیں، لیکن جب اسرائیل نے حملے شروع کیے، تو یہ سب کچھ مزید مشکل ہو گیا۔ 22 جون کی رات کو ایک دھماکہ شمسی کے محلے میں ہوا، جس سے ان کے اپارٹمنٹ کی کھڑکیاں ٹوٹ گئیں۔ وہ صبح 3 بجے تک جاگتی رہیں، اور جیسے ہی ایک گھنٹے کے لیے سوئی، ایک اور دھماکہ نے انہیں جگا دیا۔ ان کی عمارت کے قریب ایک پورا رہائشی اپارٹمنٹ زمیں بوس ہو گیا۔ انہوں نے ایک بیگ میں بچوں کی ضروری چیزیں رکھیں، تاکہ اگر ان کے اپارٹمنٹ کو کچھ ہو جائے تو وہ فوراً وہاں سے نکل سکیں۔ 23 جون کو ہونے والی جنگ بندی نے کچھ راحت دی، لیکن اب دیگر مسائل درپیش ہیں: شمسی کے پاس پیسے نہیں ہیں۔ ان کا آجر نقد تنخواہ دیتا تھا، لیکن وہ شہر چھوڑ چکا ہے اور فون نہیں اٹھا رہا۔ ایران میں پھنسے تمام افغان پناہ گزینوں کے لیے اسرائیل کے ساتھ 12 دن کی جنگ نے صدمے اور بے وطنی کے احساس کو شدت سے دوبارہ جگا دیا ہے۔ ایرانی محکمہ صحت کے مطابق، حالیہ حملوں میں مارے گئے 610 افراد میں تین افغان تارکین وطن بھی شامل تھے۔ 18 جون کو، 18 سالہ افغان مزدور عبدالولی تہران کے علاقے تہران؟ پارس میں ایک تعمیراتی جگہ پر اسرائیلی حملے میں ہلاک ہو گیا، جبکہ دیگر کئی زخمی ہوئے۔ مقتول کے والد کے مطابق، عبدالولی نے تقریباً چھ ماہ قبل افغانستان میں تعلیم چھوڑ کر ایران آ کر کام شروع کیا تاکہ اپنے خاندان کی کفالت کر سکے۔ دیگر افغان اب بھی اسرائیلی حملوں کے بعد سے لاپتہ ہیں۔ افغانستان کے صوبے تخار سے تعلق رکھنے والے ایک بزرگ افغان، حکیمی نے الجزیرہ کو بتایا کہ ایران میں اس کے تین پوتوں سے چار دن سے کوئی رابطہ نہیں ہو پایا۔ وہ تہران کے وسطی علاقے میں ایک تعمیراتی جگہ میں پھنسے ہوئے تھے۔ اگر وہ بچ بھی گئے ہوں، تو وہ بغیر کاغذات کے ہیں۔ اگر باہر نکلیں گے تو پولیس انہیں ڈیپورٹ کر دے گی۔ تنازع کے دوران، اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے رچرڈ بینیٹ نے تمام فریقوں سے ایران میں افغان مہاجرین کی حفاظت پر زور دیا۔ افغان کارکن لیلیٰ فروغ محمدی، جو اب ملک سے باہر رہتی ہیں، سوشل میڈیا کے ذریعے ایران میں افغانوں کے سنگین حالات کے بارے میں آگاہی پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا، "اکثر کے پاس قانونی دستاویزات نہیں، اور اس سے ان کی پوزیشن مزید خطرناک ہو جاتی ہے، حتیٰ کہ وہ اپنے بھاگے ہوئے آجر سے بقایا تنخواہ بھی نہیں لے سکتے۔" انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران-اسرائیل تنازع کے دوران افغانوں کے لیے کوئی سرکاری ادارہ موجود نہیں تھا، جو لوگ ایران کے خطرناک علاقوں سے نکلنے میں کامیاب ہوئے، وہ زیادہ تر افغان تنظیموں کی مدد سے نکلے۔ افغان ویمن ایکٹیوسٹس کوآرڈینیٹنگ باڈی، جو یورپی تنظیم برائے انضمام کا حصہ ہے، نے سینکڑوں خواتین اور ان کے خاندانوں کو نکلنے میں مدد دی۔ انہوں نے انہیں تہران، اصفہان اور قم جیسے بڑے خطرے والے علاقوں سے — جو اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے ہدف بننے والی اہم جوہری تنصیبات کے مقامات ہیں — ملک کے شمال مشرق میں واقع محفوظ شہروں جیسے مشہد منتقل کیا۔ اس تنظیم نے ایران میں جاری انٹرنیٹ بندش کے دوران افغانستان میں موجود خاندانوں سے رابطہ قائم کرنے میں بھی مدد فراہم کی۔ ایران نے حال ہی میں اعلان کیا ہے کہ وہ 20 لاکھ تک بغیر دستاویزات افغانوں کو ملک بدر کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے، لیکن 12 دن کی جنگ کے دوران، کچھ افراد نے خطرات اور مشکلات کے باوجود وطن واپسی کا فیصلہ کیا ہے۔ ورلڈ ویژن افغانستان نے رپورٹ کیا کہ جنگ کے دوران روزانہ تقریباً سات ہزار افغان ایران سے ہرات صوبہ کے اسلام قلعہ بارڈر کے ذریعے افغانستان واپس جا رہے تھے۔ اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین نے ایران میں افغانوں کی بگڑتی ہوئی انسانی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے، اور کہا ہے کہ وہ اس بات کی نگرانی کر رہا ہے کہ لوگ ایران کے اندر حرکت میں ہیں اور کچھ ہمسایہ ممالک کی طرف بھی جا رہے ہیں۔ اگرچہ اسرائیلی حملے رک چکے ہیں، لیکن کشیدگی اب بھی بہت زیادہ ہے، اور ایران سے فرار ہونے والے افغانوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔ لیکن بہت سے لوگوں کے لیے، اب کوئی جائے پناہ باقی نہیں بچی۔ شمسی سے جب یہ پوچھا گیا کہ اگر حالات مزید خراب ہو گئے تو کیا کریں گی، شمسی نے لمحہ بھر بھی نہیں سوچا اور کہا کہ "میں اپنے خاندان کے ساتھ یہیں رہوں گی۔ میں طالبان کے پاس واپس نہیں جا سکتی۔"

نوئیڈا کے اولڈ ایج ہوم سے متعلق روح فرسا حقیقت اجاگر

خورشید فرازی

ایسا لگ رہا ہے کہ اتر پردیش میں جنگل راج چل رہا ہے اور وہاں کی حکومت تو امن و قانون کی صورتحال کو سنبھالنے میں تو ناکام ہے دوسری طرف سماجی، اخلاقی اور قانونی سطح پر اس حکومت کا توازن اس قدر بگڑ گیا ہے جس سے کسی بھی وقت وہاں عوامی غدر جیسی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ یوگی آدتیہ ناتھ کی وزیر اعلیٰ شپ میں اتر پردیش کی حالت ناگفتہ بہ ہے یوگی نے اپنی پولس کو انکاؤنٹر اسپیشلسٹ بنا دیا ہے اور وہاں قانون نام کی کوئی شئے بچی ہوئی نہیں ہے۔ یوگی حکومت پولس والوں کو بھرتی لیتے وقت دریافت کرتی ہے انکاؤنٹر اسپیشلسٹ بننے میں کتنا وقت لگے گا کیونکہ اس ریاست کو معصوم اور نیک کردار پولس والوں کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تو پولس انتظامیہ کی بات رہی اگر سماجی نکتہ نظر سے نظر دوڑائی جائے تو پتہ چلے گا کہ یہاں ہر شعبہ میں چوری، چماری، بدعنوانی، دھوکہ دہی، جعلسازی کی دنیا شاد وآباد ہے کیونکہ وزیر اعلیٰ یوگی کو ایسی ہی حکومت کی ضرورت ہے۔ اتر پردیش کے نوئیڈا میں ایک اولڈ ایج ہوم ہے جہاں ان لوگوں کی کھانے پینے، رہنے سہنے کا انتظام حکومت بالکل مفت کرتی ہے اور وہ لوگ جو اپنے بوڑھے والدین کی دیکھ بھال نہیں کر پاتے اور ان کے کھانے پینے، علاج معالجہ کی جسارت نہیں رکھتے، وہ اس اولڈ ایج ہوم کے رکھوالوں کے سربراہ کو ایک خاص رقم کے ذریعہ مٹھی گرم کر کے اپنے والدین کو وہاں رکھوا دیتے ہیں تاکہ انہیں روز روز کے عذاب سے نجات مل جائے ویسے تو کچھ لوگ نوکری اور آمدنی کا کوئی ذریعہ ہونے کے سبب کسی نہ کسی طرح سے اپنے والدین کو اولڈ ایج ہوم میں بھرتی کرا دیتے ہیں لیکن یہ وبا عام ہے اور اگر کوئی رپورٹر اس قسم کے اولڈ ایج ہوم کے رہنے والوں سے انٹرویو لینے میں کامیاب ہو جائے تو پتہ چلے گا کہ وہ لوگ اپنے بوڑھے والدین کو اس اولڈ ایج ہوم میں ڈال دیتے ہیں جو اچھی کمائی کرتے ہیں اور ان کے بچے شہر کے اعلیٰ اسکولوں میں پڑھتے ہیں ان کے آنے جانے کا بندوبست بھی گاڑی کے ذریعہ ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ اپنے بوڑھے والدین کا بوجھ اٹھانا پسند نہیں کرتے، نہ ان کی تیمارداری میں دلچسپی لیتے ہیں اور نہ ہی ان کی بنیادی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہیں گھر میں بچوں کی سالگرہ ہو یا دوستوں کی پارٹی ہو تو ہزاروں روپے خرچ کر ڈالتے ہیں لیکن بوڑھا ضعیف اور لاغر باپ ماں کے لئے سو روپئے کی دوائی لانا انہیں گوارا نہیں اور ایسے وقت میں گرانی اور پیسے کی عدم دستیابی کا رونا روتے ہیں لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ وہ اپنے والدین کو اپنی عیش وعشرت والی زندگی کی رکاوٹ کا ایک بوجھ تصور کرتے ہیں۔ اسی طرح کا ایک اولڈ ایج ہوم نوئیڈا میں ہے جہاں اس اولڈ ایج ہوم کی دیکھ بھال کرنے والوں نے وہ جرائم کئے ہیں جس کی مناسب سزا سپریم کورٹ بھی طے نہیں کر سکتی۔ نوائیڈا کے اس اولڈ ایج ہوم میں بوڑھے اور ضعیف العمر لوگوں (مرد، عورت) کو مبینہ طور پر باندھ کر زنجیروں سے جکڑ کر رکھا جاتا تھا تاکہ وہ اپنی مرضی سے برآمدے تک بھی نکل نہ سکیں انہیں کھانا بھی ہر دن نہیں دیا جاتا تھا اور ان کے بستر بھی اس قدر گندے تھے جس پر کتا بھی سونے سے انکار کر دے، اس بابت کسی نے اندرونی معاملے کو جان لیا اور پولس کے اعلیٰ افسروں کو مطلع کیا کہ آپ لوگ اس مسئلے پر کچھ کرنا چاہیں گے یا اس ویڈیو کو سوشل میڈیا میں وائرل کر دیا جائے جس کے بعد جمعرات کی شام کو پولس والوں کی ایک ٹیم نے نوئیڈا کے اس اولڈ ایج ہوم میں چھاپہ مارا اور وہاں سے ایسے 39 لوگوں کی جان بچائی جو حد درجہ بیمار، نحیف اور عمر دراز لوگ تھے اور ان سبھوں کو زنجیروں سے باندھ کر رکھا گیا تھا۔ اتر پردیش کی اسٹیٹ ویمنس کمیشن، سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ اور پولس والون نے مل کر مشترکہ چھاپہ مارا آنند نکیتن وردھ سیوا آشرم سیکٹر 55 پر چھاپہ مارا اور 39 ضعیف العمر لوگوں کو بچا لیا جنہیں بھوکا پیاسا رکھ کر زنجیروں سے باندھ کر رکھا گیا تھا۔ اگرچہ اس اولڈ ایج ہوم کو ریاستی حکومت کی طرف سے پوری اعانت حاصل تھی ایسے میں کئی برسوں سے یہ ناٹک جو چل رہا تھا اور جن کی ذمہ داریوں پر یہ اولڈ ایج ہوم تھا ان سبھوں نے اپنی زبانیں بند کر رکھی ہیں۔ اس اولڈ ایج ہوم کے رکھوالوں نے اپنی زبان سختی سے بند کر رکھی ہے اور کوئی بھی یہ کہنا نہیں چاہتا کہ اس ہوم کا ٹرسٹی اور منیجر کون ہے۔ جس کی بناء پر اب تک کوئی بھی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی ہے اس ہوم کے بارے میں ایک خاتون پینل کی شامل خاتون نے پولس کو اس چھاپہ مارنے کے لئے کہا جب اسے پتہ چلا کہ اس ہوم میں رہنے والے ضعیف العمر لوگوں کو زنجیروں سے باندھ کر رکھا گیا ہے۔

☆☆☆

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | سوموار، ۳۰ ؍ جون ۲۰۲۵ء

بارش سے بچنے کے لئے مندر میں پناہ دلت مزدور کو پجاری نے زدوکوب کیا

آدتیہ ناتھ یوگی کی حکومت اتر پردیش میں تمام شرپسند، غنڈے کیا مندروں کی آڑ میں غیر قانونی حرکتیں کر رہے ہیں اور ایمانداری سے دیکھا جائے تو احساس ہوگا کہ ان مندروں کے پجاری اور مندروں میں رہنے والے کس قدر غنڈہ گردی کرتے ہیں اور پی ایم مودی جو بار بار یہ نعرہ لگا دیتے ہیں کہ سب کا وکاس سب کے ساتھ، تو یہ بھی ان کی ایک جملہ بازی ہے، جس میں حقیقت بول کر کچھ بھی نہیں۔ یوں تو کہا جاتا ہے کہ پی ایم مودی صرف مسلمانوں کے کٹر دشمن ہیں لیکن اصلیت یہ ہے کہ وہ غریب، دلت، او بی سی، پست ذات/پست قبائل، کسان، مزدور ان سبھوں کے دشمن ہیں کیونکہ انہوں نے سرکاری خرچ پر لاکھوں کی تعداد میں غنڈوں کا پالن پوشن جاری رکھا ہے۔ کوئی خود کو گئو رکھشک کہتا ہے اور گائے بھیڑ بکری جیسی مویشیوں کے کاروبار کرنے والوں پر حملہ کرنے انہیں جان سے مار دینے کی ہدایت کر رکھا ہے اور پولس والوں کو سختی سے ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ کسی گئو رکھشک یا مندروں کے اندر پناہ لئے ہوئے غنڈوں کے خلاف کوئی بھی کیس درج نہ کریں اور اگر کوئی ایسا کیس سامنے آئے تو فریاد کرنے والے کو سب سے پہلے پکڑ کر اندر کر دیا جائے تاکہ آواز اٹھانے والے کی آواز بند کر دی جائے۔

ابھی لکھنو سے موصولہ خبر سے پتہ چلا کہ ایک دلت 34 سالہ راجو جاتوب کے ساتھ بھی بہت برا سلوک ہوا۔ یہ دلت جو یومیہ اجرت پر کام کرنے والا مزدور ہے اور اس کا تعلق علی گڑھ سے ہے اس کے خلاف پولس نے ایک جھوٹا کیس تیار کیا ہے کہ وہ مبینہ شرپسند ہے اور اس پر الزام لگایا گیا کہ اس نے مندر کی بے حرمتی کی کوشش کی ہے اور مندروں کی ہیئت بگاڑ دینے کی سازش رچی ہے۔ یہ پولس والوں کا الزام ہے جو انہوں نے ایک غریب دلت یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور کے خلاف ایف آئی آر میں درج کیا لیکن اس غریب دلت مزدور نے بتایا کہ وہ اپنے ساتھ مزدور کے ساتھ اس مندر کے پاس سے گزر رہا تھا تو انہوں نے مندر میں پوجا کی اور باہر نکل کر جانے کا ارادہ کیا تو تیز بارش ہونے لگی اور اس بارش سے بچنے کے لئے انہوں نے مندر کے ایک شیڈ کے نیچے پناہ لی تب اچانک مندر کا پجاری جے کشور دیگر 10 افراد کے ساتھ وہاں آیا اور پوچھا کس ذات سے تعلق ہے، جس پر راجو جاتوب نے کہا وہ ایک پست ذات سے تعلق رکھتا ہے، بس اتنا سننا تھا کہ پجاری جے کشور اور وہ تمام غنڈے اس پر پل پڑے اور اسے مار مار کر ادھ مرا کر دیا اور پولس والوں سے کہا کہ اس پر مندر کی بے حرمتی اور اس کی ہیئت بگاڑنے کا چارج لگا کر اندر کر دو اور یوگی راج کی پولس نے وہی کیا جو مندر کے پجاری نے کہا۔ اس دلت نے کہا کہ شدید زخموں سے چور وہ مندر کے پجاری اور ان کے غنڈوں اور پولس والوں کے ڈر سے خاموش رہا لیکن پھر اس نے اس وقت ہمت کی اور پولس اسٹیشن جا کر کل واقعات کہہ سنایا۔ دوسری طرف پولس بھی سخت مخمصے میں پڑ گئی جب کسی نے ایک ویڈیو تیار کر کے سوشل میڈیا میں پوسٹ کر دیا تھا جب اس دلت کو مندر کے شیڈ میں بارش سے بچتے ہوئے دکھایا گیا اور پھر مندر کے پجاری اور اس کے غنڈوں کی طرف سے مار پیٹ کی پوری تفصیل اس ویڈیو کلپ سے ظاہر ہو گئی اور اس ویڈیو میں وہ مناظر بھی تھے جس میں خائر تھانہ کے افسر انچارج کو مندر کا پجاری ہدایت دے رہا تھا کہ اسے کسی طرح سے کیس کو سجانا ہے اور وہ پولس افسر اس پجاری کو یس سر یس سر کہہ رہا تھا اس ویڈیو کے ذریعہ راجو جاتوب کی بے گناہی، مندر کے پجاری کی غنڈہ گردی اور مندر کے اندر غنڈوں کی پرورش کے ساتھ ساتھ پولس والوں کی جی حضوری اور غنڈوں کو یس سر یس سر کہنے کی پوری ویڈیو کلپ اس وقت سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے اور ایسے میں اس قسم کے مذہب کے رکھوالوں اور ٹھیکہ داروں کو آنکھ ملاتے ہوئے شرم آ رہی ہے۔ یوگی کی حکومت میں رام مندر بنا ہے اور اتر پردیش میں رام راجیہ ہے تو کیا ایسے ہی مندروں کے پجاریوں کے ذریعہ رام راجیہ ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ پولس کی اعلیٰ ٹیم تمام مندروں پر چھاپے مارے اور اندر سے ایسے لوگوں کو باہر نکالے اور اپنی حراست میں لے جو مندر کی پاکیزگی کو تہہ و بالا کرنے پر تلے ہیں علاوہ ازیں خوب جانچ کرنے کے بعد کسی کو مندر کا پجاری بنوائیں ہر ایرے غیرے کو نہیں جو وقت کے ساتھ غنڈہ گردی کرتے ہیں۔ (خ الف ف)

انسان کی دلآزاری کرنے والا رحمت کردگار سے محروم ہوجاتا ہے

پروفیسر ابوزاہد شاہ سید وحید اللہ حسینی القادری الملتانی

کامل الحدیث جامعہ نظامیہ، M.A M.Com
((OsmPh.D

عبادت کا اصل مقصد انسان کو حیوانیت سے نکال کر زیور انسانیت سے آراستہ کرنا ہے۔ اگر مسلمان رسماً عبادت کرنے کے بجائے عبادت کی روح کو سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں تو صالح معاشرے کی تشکیل بہت آسان ہوجائے گی۔ جب مسلمان کے شب و روز اسلامی ہدایات کے مطابق گزرتے ہیں تو وہ کامل مومن بن جاتا ہے جس کے کردار کی شان یہ ہوتی ہے کہ اس پر مال و دولت، جاہ و منصب، قوت و طاقت، اثر و رسوخ اور اقتدار کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ حقیقی مومن دنیا کی ان موقتی نعمتوں پر اترانے اور فخر کرتے ہوئے غلط استعمال کرنے کے بجائے ان نعمتوں کے حصول پر اللہ تعالی کا شکر ادا کرتا ہے اور عاجزی و انکساری کا مجسم نمونہ بن کر ان نعائم کا صحیح استعمال کرتا ہے نتیجتاً وہ ہر انسان کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرنے لگتا ہے چونکہ وہ اس حقیقت سے اچھی طرح واقف ہوتا ہے کہ جو لوگ دوسروں کی خوشیوں کے لیے جیتے ہیں اللہ تعالی انہیں دنیا و آخرت میں عظمتوں و رفعتوں سے سرفراز کرتا ہے اور جو لوگ اپنے ذاتی مفادات کے حصول اور اپنی ذات کی فلاح و بہبود کے لیے زندگی گزارتے ہیں وہ ذلت و رسوائی کا شکار ہوکر ہمیشہ کے لیے گوشہ گمنامی میں چلے جاتے ہیں اور ان کی دنیا و آخرت تباہ و برباد ہوجاتی ہے۔ انسان کو راحت پہنچانا نہ صرف افضل عبادت ہے بلکہ قرب الٰہی کے حصول کا موثر ذریعہ بھی ہے لیکن اس حقیقت سے واقف ہونے کے باوجود موجودہ مسلم معاشرے کی یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ آج کے بیشتر مسلمان لوگوں کے لیے دشواریاں پیدا کرنے میں اپنی راحت تلاش کرنے لگے ہیں۔ ایک زمانہ تھا جب کسی کے نکاح ٹوٹنے کی خبر آتی تو ایک گھر نہیں بلکہ پورے محلہ میں غم و ماتم کی فضا چھا جاتی تھی ہر کوئی مغموم و پریشان نظر آتا ہے لیکن آج یہ عالم ہے کہ میاں بیوی میں علاحدگی کی اطلاع ملنے پر اغیار تو در کنار قریبی رشتہ داروں میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے جبکہ ہمارا دین یہ تعلیم دیتا ہے کہ دکھی انسان کے غم میں شریک ہوجانا اور اس کے درد کا مداوا کرنے کی کوشش کرنا افضل ترین عبادت ہے۔ آج کا مسلمان لوگوں کو راحت و سکون پہنچانے سے زیادہ ان کو اذیت و تکلیف پہنچانے میں مصروف ہے، رشتے جوڑنے سے زیادہ تعلقات توڑنے پر اپنی صلاحیتیں اور توانائیاں صرف کررہا ہے جبکہ مرقع ہر خوبی و زیبائیؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کو یہ پسند ہو کہ اس کے رزق میں وسعت اور اس کی عمر میں برکت ہو اسے صلہ رحمی کرنا چاہیے۔ یعنی اگر انسان چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں فراوانی اور عمر میں برکت ہو تو اس کو چاہیے کہ لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کرے، اگر مریض ہے تو اس کی عیادت کرے، معاشی تنگدستی کا شکار ہے تو اس کی مالی مدد کرے، ہمت ٹوٹ چکی ہے تو اس کی ڈھارس بندھائے، غموں سے چور ہے تو اس کو تسلی دے، فاقہ کشی میں مبتلا ہے تو اس کی غذا کا انتظام کرے، الغرض بلا تفریق مذہب و ملت انسان کی ضروریات کا خیال کرے چونکہ یہ وہ اعمال ہیں جس سے انسان دوسروں کے سکون و راحت کا باعث بنتا ہے اور اس کے نتیجے میں اسے بھی اطمینان قلب اور روحانی خوشی میسر آتی ہے۔ انسان عبادات کے ذریعہ رب کی رضا، قرب اور دیدار کا متمنی رہتا ہے جبکہ انسان کو راحت پہنچانے سے رب کائنات بندوں کی رضا چاہتا ہے، اسے اپنی قرب خاص عطا فرماتا ہے اور اس کی زیارت کو آتا ہے۔ کچھ دہائی قبل تک پریشان حال لوگوں کی مدد و اعانت کرنے میں مسلمان دنیا و آخرت کی کامیابی تلاش کرتا تھا لیکن اب لوگوں کو تکلیف دینے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جارہا ہے جو نہ صرف غیر انسانی بلکہ غیر اسلامی ہے۔ دین اسلام میں کسی انسان کو ناحق ایذا و تکلیف پہنچانا انتہائی قبیح جرم ہے۔ اللہ تعالی نے ان لوگوں کی سرزنش فرمائی ہے جو لوگوں کو بغیر کسی قصور کے ستاتے ہیں۔ یہ ہماری غفلت ہے یا پھر دنیا پرستی میں غرق ہونے کا نتیجہ ہے کہ ہم مختلف طریقوں سے انسان کو تکلیف و اذیت پہنچانے پر مصر ہیں جبکہ ہمیں یہ تعلیم دی گئی کہ جو انسان کو تکلیف پہنچانے کا سبب بنتا ہے وہ رب کائنات کی رحمتوں سے دور ہوجاتا ہے۔ خلیفہ ثانی حضرت سیدنا عمر ابن الخطاب ؓ ایک دن حضرت سیدنا ابی بن کعب سے فرماتے ہیں کہ میں نے کل رات سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 58 کی تلاوت کی جس میں رب کائنات ارشاد فرماتا ہے ترجمہ: ''جو لوگ دل دکھاتے ہیں مومن مردوں اور مومن عورتوں کا بغیر کسی اس کے کہ انہوں نے کوئی (معیوب) کام کیا ہو تو انہوں نے اٹھالیا ہے (اپنے سر پر) بہتان باندھنے اور کھلے گناہ کا بوجھ''۔ تو میں اس کی وجہ سے بہت ڈر گیا کیونکہ خدا کی قسم! میں مسلمانوں کو مارتا ہوں اور انہیں جھڑکتا ہوں، حضرت سیدنا ابی ؓ نے ان سے عرض کی: اے امیر المومنین آپ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں، آپ تو محض معلم اور نظام کو قائم کرنے والے ہیں۔ علامہ اسماعیل حقیؒ اسی آیت کی تفسیر کے ضمن میں رقمطراز ہیں کہ یہاں ایمان والوں کو اذیت دینے کا ذکر نبی کریم ؐ کو اذیت دینے کے ساتھ ہوا جیسا کہ حضور اکرم ؐ کو اذیت دینے کا ذکر اللہ تعالی کو اذیت دینے کے ساتھ ہوا، اس سے معلوم ہوا کہ ایمان والوں کو اذیت دینا گویا کہ رسول اللہ ؐ کو اذیت دینا ہے اور رسول کریم ؐ کو اذیت دینا گویا کہ اللہ تعالی کو اذیت دینا ہے تو جس طرح اللہ تعالی اور اس کے حبیب ؐ کو اذیت دینے والا دنیا اور آخرت میں لعنت کا مستحق ہے اسی طرح ایمان والوں کو اذیت دینے والا بھی دونوں جہاں میں لعنت و رسوائی کا حقدار ہے۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے حضور نے فرمایا لعنت کا سبب بننے والی دو چیزوں سے بچو صحابہ کرام نے دریافت کیا اے اللہ کے رسول لعنت کا سبب بننے والی دو چیزیں کونسی ہیں؟ آپ ؐ نے فرمایا ایک یہ کہ آدمی عام گزرگاہ پر قضائے حاجات (یعنی پاخانہ یا پیشاب) کرے دوسرے یہ کہ سائے کی جگہ پر ایسا کرے۔ اس حدیث پاک سے یہ بات ثابت ہوتی ہے جو لوگ عوام الناس کو تکلیف یا اذیت پہنچاتے ہیں وہ رحمت کردگار سے محروم ہوجاتے ہیں۔ مسلم معاشرے پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ کئی مواقع ایسے ہیں جہاں ہم دانستہ یا نادانستہ طور پر لوگوں کو تکلیف پہنچانے کا کام کررہے ہیں۔ ہمارا کردار ہمدردی، غمخواری اور شفقت کے حسین جذبات سے خالی ہوچکے ہیں، ہماری تقریباً نجی تقاریب میں شور شرابا ہورہا ہے، ذاتی اغراض کے لیے راستوں کو مسدود کیا جارہا ہے، تقاریب کے لیے گلیوں کو بند کیا جارہا ہے، عام شاہراہوں پر گاڑیاں پارک کی جارہی ہیں، گھر کی صفائی کے بعد مستعمل و گندے پانی کو عام شاہراہوں پر بہایا جارہا ہے، اسٹنٹ کے نام پر تیز رفتار انداز میں موٹر سیکلیں چلائی جارہی ہیں، آمد و رفت کی جگہوں پر کوڑا کرکٹ ڈالا جارہا ہے، بڑی آواز سے ٹی وی لگاکر پڑوسیوں کو تنگ کیا جارہا ہے، سوشیل میڈیا پر سب و شتم اور نازیبا تبصرے کیے جارہے ہیں، بغیر محنت کے پیسہ کمانے کے جنون میں فحش و عریاں ریل بنائی جارہی ہیں، ذاتی مفادات کے حصول کے لیے لوگوں کی عزت سے کھلواڑ کیا جارہا ہے، دوران گفتگو نازیبا الفاظ اور ترش لہجہ اپنایا جارہا ہے، دلائل نہ ہونے کی صورت میں لوگوں کو زدوکوب کیا جارہا ہے، جان بوجھ کر فتنہ انگیزی کو بڑھاوا دیا جارہا ہے، جسمانی خواہشات کی تکمیل کے لیے آبروریزی کی جارہی ہے، غرباء و ماتحتوں کے ساتھ حقارت آمیز سلوک روا رکھا جارہا ہے، تفریح طبع کے نام پر انسان کا مذاق اڑایا جارہا ہے، بدگمانیاں پھیلائی جارہی ہیں، پوشیدہ عیبوں کو ظاہر کیا جارہا ہے، قرض کی ادائیگی میں عمداً ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے، مظلوم کے بجائے طاقتور لوگوں کی تائید و حمایت کی جارہی ہے، ضرورت مند اور مصیبت زدہ لوگوں کا استحصال کیا جارہا ہے، محتاجوں کی عزت نفس کو مجروح کیا جارہا ہے، لوگوں کی تکالیف کا تماشہ بنایا جارہا ہے، لالچی معالج مریض کے مرض کا فائدہ اٹھا رہا ہے، تعلیمی ادارے دولت کمانے کا ہر حربہ استعمال کررہے ہیں یہ سب ایسی اوچھی حرکتیں ہیں جس سے انسان کی دلآزاری ہوتی ہے اور عین ممکن ہے کہ اللہ تعالی ہمارے ان افعال قبیحہ کے نتیجہ میں ہماری عبادتیں بھی رد فرمادے چونکہ اسلام کے نظام عبادت کی روح انسان دوستی اور انسانیت ہے اسی لیے صوفیائے کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ بے روح ظاہری عبادات سے تو نفس مزید متکبر ہوتا ہے۔ حضرت ابوذر ؓ سے روایت ہے حضور ؐ نے فرمایا تم لوگوں کو (اپنے) شر سے محفوظ رکھو، یہ ایک صدقہ ہے جو تم اپنے نفس پر کروگے۔ حضرت سیدنا فضیلؒ فرماتے ہیں کتے اور سور کو بھی ناحق ایذا دینا حلال نہیں تو مومنین اور مومنات کو ایذا دینا کس قدر بدترین جرم ہے۔ لہذا مسلمانوں پر لازم ہے کہ عبادات کے ساتھ انسان کو راحت و سکون پہنچانے کی ہر ممکنہ کوشش کریں تب ہی ہم دنیا و عقبی میں کامیابی و کامرانی حاصل کرسکتے ہیں ورنہ میدان حشر میں ہماری عبادتیں ہمارے منہ پر ماری جائیں گی اور ہمارے تمام اعمال صالحہ اکارت کردیئے جائیں گے۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ہمیں اسلامی تعلیمات کی روح کو سمجھنے اور اس پر صدق دل کے ساتھ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین طہ و یسین۔

ہندوستان میں علوم اسلامیہ

ریاض فردوسی
عالم گنج پٹنہ

مذہب اسلام میں تعلیم کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آنحضرت ﷺ پر سب سے پہلی وحی میں جو آیت نازل ہوئی اس میں تعلیم کا ہی ذکر ہے۔ ''پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے تمہیں پیدا کیا'' (سورہ علق پارہ ۳۰) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے۔ علم کی اہمیت لوگوں کے دلوں میں بٹھانے کے لیے آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: علم وحکمت کی باتیں ایک گھنٹہ سننا ایک ہزار شہیدوں کے جنازے میں شامل ہونے اور ایک ہزار راتوں کی عبادت سے زیادہ قابل تعریف ہے۔ جو عالم کی قدر کرتا ہے وہ میری قدر کرتا ہے اور جس نے ایک عالم کی عزت کی اس نے ستر نبیوں کی عزت کی اور جس نے ایک طالب علم کی توقیر کی اس نے ستر شہیدوں کی توقیر کی۔ ''صفہ'' پہلا باضابطہ اسلامی اسکول تھا، (صفہ اس چبوترے کو کہتے ہیں جو اللہ کے رسول ﷺ کے زمانے میں تھا، اور اب بھی وہاں موجود ہے) اس چبوترے پر لوگ جمع ہوتے تھے اسلامی تعلیمات سیکھتے اور اللہ کا ذکر اور عبادت میں مشغول رہتے۔ کئی کئی دنوں کا فاقہ ہوتا، لیکن وہ صادق طالب علم رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین، علوم دینیہ سیکھنے اور ہمہ وقت دیدار نبی آخر الزماں ﷺ کے لئے ہر طرح کی مشقت وپریشانی کو برداشت کرتے ہوئے دونوں عالم کے استاد ﷺ سے علم سیکھ رہے ہوتے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا، علم سیکھو گود سے گور تک۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا، میری بات لوگوں تک پہنچا دو، اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔ (او کما قال ﷺ) آپ ﷺ کے اس قول کو لے کر ہمارے اکابرین ہندستان تشریف لائے۔ اسی مشن کو لے کر ہمارے اکابرین نے سرزمین ہندوستان میں بھی علوم اسلامیہ کو فروغ دیا۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد کا سلسلہ تو اسلام کی ابتدائی صدیوں ہی سے شروع ہوگیا تھا۔ مسلمان تاجر جنوب کے راستے سے آئے، تو فاتحین محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی سرکردگی میں مغرب کی طرف داخل ہوئے۔ مگر ہندوستان میں ایک منظم اور پائیدار مسلم سلطنت شہاب الدین غوری کے ۱۱۹۲ء میں (سلطان الہند خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ کی دعاؤں کی برکت سے) ہندوستان کو فتح کرنے کے بعد قائم ہوئی اور یہ مسلم سلطنت مختلف حکمراں خاندان کی تبدیلیوں کے ساتھ ۱۸۵۷ء تک قائم رہی۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہونے کے بعد نہ صرف عرب، ایران، افغانستان، اور ترکستان سے مسلمانوں کی بڑی تعداد یہاں آکر آباد ہوئی، بلکہ مقامی باشندوں کی بڑی تعداد نے بزرگان دین کی محنت ومشقت کے سبب اس دین کو اپنے طریقے حیات کے طور پر منتخب کیا اور حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ ان حالات میں یہاں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کی بھی ضرورت محسوس ہوئی۔ یہاں کے باشندوں کے مزاج اور ذہنی استعداد کے پیش نظر علوم قرآن، تفسیر، حدیث، فقہ، نیز تاریخ و دیگر علوم پر متعدد کتابیں لکھی گئیں اور ان علوم کی اشاعت کی گئی۔ شروعات میں عربی زبان میں، پھر فارسی زبان اور اس کے بعد دیگر زبانوں میں بھی بڑی تعداد میں اسلامی علوم پر کام ہوئے۔ ہندوستان میں مسلمانوں کے عہد میں جتنے فقہاء گزرے ہیں اور فقہ اور اصول فقہ پر انہوں نے جو کام سرانجام دیے ہیں اس کی فہرست بہت لمبی ہے۔ صرف مغلیہ عہد سلطنت میں تقریباً تین سو فقہاء موجود تھیں۔ ان علماء کرام کا احسان عظیم امت مسلمہ پر بے انتہا ہے۔ ان کے کارنامے بہت اہم ہیں۔ ہندوستان میں عہد وسطی میں جو علوم قرآن میں کارہائے نمایاں انجام دیئے گئے ہیں ان میں سے چند مشہور کتابوں کا ذکر حسب ذیل ہیں۔ (۱) ''دستور المفسرین''۔ اس کے مصنف مولانا عماد الدین محمد عارف عرف عبد النبی اکبر آبادی (م:۱۰۲۱ھ/۱۶۱۱ء) ہیں۔ (۲) ''الفوز الکبیر''۔ اس کے مصنف شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ہیں۔ یہ کتاب فارسی زبان میں لکھی گئی ہے۔ (۳) ''الرسالۃ الواضحۃ فی تخریج الآیات موسوم بہ بادیہ قطب شاہی''۔ اس کو محمد علی کربلائی (۱۰۸۳ھ/۱۶۷۲ء) نے مرتب کیا ہے۔ (۴) ''مجمع الفوائد''۔ اس کے مصنف قلی بن پادشاہ قلی (م ۱۱۱۱ھ/۱۶۹۹ء) ہیں۔

چند عربی تفاسیر اس سے قبل لکھی گئی تھی، ان کے نام یہ ہیں۔ (۱) ''جواہر القرآن''۔ اس کے مصنف تاج الدین حنفی (متوفی ۷۳۶ھ/۱۳۳۶ء) ہیں۔ (۲) ''کاشف الحقائق وقاموس الدقائق''۔ یہ محمد بن احمد گجراتی (۸۲۱ھ/۱۴۱۸ء) کی تفسیر ہے۔ (۳) ''تفسیر ملتقط''۔ اس کے مصنف سید گیسودراز (۸۲۸ھ/۱۴۲۵ء) ہیں۔ (۴) ''تبصیر الرحمن فی تفسیر القرآن''۔ یہ تاج علاء الدین علی ابن احمد مہائمی (متوفی ۸۳۵ھ/۱۴۳۲ء) کی تفسیر ہے۔ (۵) ''نور النبی''۔ اس کے مصنف شیخ حسین ابن خالد ناگوری (متوفی ۹۰۱ھ/۱۴۹۶ء) ہیں۔ (۶) ''تفسیر القرآن''۔ یہ شیخ حاجی عبد الوہاب بخاری (متوفی ۸۶۹ھ/۹۳۳ء) کی ہے۔ (۷) ''تفسیر القرآن''۔ اس کے مصنف شیخ محمد یوسف (متوفی ۸۲۵ھ) ہیں۔ (۸) ''النور بخشہ''۔ اس کے مصنف سید اشرف ابن ابراہیم کچھوچھوی ہیں (متوفی ۹۰۱ھ)۔ (۹) ''تفسیر منبع عیون المعانی''۔ اس کے مصنف شیخ مبارک ابن خضر ناگوری (متوفی ۱۰۰۱ء) ہیں۔ (۱۰) ''تفسیر محمد''۔ یہ شیخ محمد بن عاشق چریاکوٹی (متوفی ۹۷۲ھ) کی تصنیف ہے۔ (۱۱) ''انوار الاسرار''۔ یہ عیسیٰ ابن قاسم برہان پوری نے لکھی ہے۔ (۱۲) ''تفسیر نظامی''۔ یہ شیخ نظام الدین ابن عبد الشکور تھانیسری (متوفی ۱۰۳۶ھ) کی تصنیف ہے۔ (۱۳) ''تفسیر احمدی''۔ اس کے مصنف ملا جیون انبیٹھوی جو استاد اورنگ زیب عالمگیر ہیں۔ (۱۵) ''تفسیر جہانگیری''۔ اس کے مصنف شیخ نعمت اللہ فیروز آبادی ہیں۔ (۱۵) ''شرح القرآن''۔ اس کے مؤلف شیخ معین الدین ابن خاوند محمد کشمیری ہیں۔ (۱۶) ''فتح الرحمان''۔ یہ شاہ ولی اللہ (متوفی ۱۱۷۴ھ) کی تصنیف ہے۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت خواہ وہ سلاطین کی رہی ہو یا مغلوں کی، اسلامی شریعت کو قانون کے طرز پر نافذ کئے رہی اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ فقہ اسلامی کا دور دورہ ایک طرف قاضیوں اور شیوخ اسلام کی عدالتوں میں رہا تو دوسری طرف اس کی گونج مدارس اور مکاتب میں بھی سنائی دیتی رہی۔ ہندوستان میں مسلمانوں کے دور اقتدار میں جتنے فقہا گزرے ہیں اور اصول فقہ پر انہوں نے جو کام سرانجام دیئے ہیں اس کی مثل آپ نہیں ملتی بعض مصنفوں کو حکومت وقت کی سرپرستی حاصل تھی۔ کچھ فتاویٰ حکومت کی سرپرستی میں کچھ انفرادی اور باقی شرح اور حواشی بھی تصنیف ہوئے۔

چند فتاویٰ کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) ''فتاویٰ تاتارخانیہ'' تاتار خانیہ سلطان غیاث الدین تغلق ۱۳۹۷ء کے دربار کا ایک عالم اور فاضل امیر تھا۔ اس کے ایک ہم عصر عالم مولانا عالم بن علاء الدین حنفی دہلوی نے اس کے فیصلوں اور فتووں کو کتابی شکل میں ''فتاویٰ تاتارخانیہ'' کے نام سے تین جلدوں میں مرتب کیا جس کی حیثیت ایک فقہی انسائیکلو پیڈیا کی تھی اس فتاویٰ کا امتیاز یہ ہے کہ مسائل کی تشریح وتوضیح میں نہایت باریک بینی اور تفصیل سے کام لیا گیا ہے۔

(۲) ''فتاویٰ فیروزشاہی'' فتاویٰ فیروزشاہی کی امتیازی خصوصیات یہ ہے کہ باب وفصل کے تحت مسائل استفتا فتویٰ کے پیرایہ میں بیان کیے گئے ہیں۔ زبان کے سلسلہ میں بھی یہ کتاب انفرادی حیثیت رکھتی ہے۔ سوال وجواب کی حد تک اس کی زبان فارسی ہے لیکن فتویٰ یا جواب کی تائید میں اقتباسات عربی کتابوں سے نقل کئے گئے ہیں۔ یہ سوالات اس زمانے کے سیاسی، معاشی وسماجی حالات سے متعلق ہیں۔

(۳) ''فتاویٰ عالمگیری'' فتاویٰ عالمگیری کی تالیف اس زمانے کا بلاشبہ ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اس کی تدوین کے لیے تقریباً پچاس علماء پر مشتمل ایک مرکزی جماعت تشکیل ہوئی۔ جماعت کے صدر شیخ نظام الدین برہان پوری تھے۔ مرکزی جماعت کے تحت ذیلی جماعتیں بھی تھیں۔ ''فتاویٰ عالمگیری'' کو ''فتاویٰ ہندی'' بھی کہا جاتا ہے۔ اورنگزیب خود اس کا مطالعہ کرتے کہ اس میں کسی قسم کی کمی نہ ہوجائے۔ آپ اس کی خودنشاندہی کرتے، اور اس کی اصلاح فرماتے۔ اس کی تدوین میں تمام معتبر کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ایک ایک مسئلے کی اچھی طرح چھان بین کی جاتی تھی بقول 'مولانا اسحاق بھٹی' ان فتاویٰ کی تالیف کا آغاز (۱۰۷۸ھ/۱۶۶۸ء) میں ہوا اور (۱۰۸۰ھ/۱۶۷۰ء) میں تکمیل ہوئی۔ اس پر دو لاکھ روپے خرچ ہوئے۔ اس کی مرکزی جماعت کے علماء زیادہ تر بہار اور اودھ کے تھے۔ کچھ لوگ لاہور اور سندھ کے بھی تھے۔ ان میں مشہور، ملا محمد جمیل جون پوری، شاہ عبد الرحیم، شیخ رضی الدین بھاگلپوری، سید علی اکبرالہ آبادی، سعید اللہ خاں سید محمد اکبر لاہوری، شیخ محمد غوث کاکوروی وغیرہ۔ مولانا نجم الدین ثاقب قاضی القضاۃ (م ۱۲۲۹ھ/۱۸۱۱ء) نے لارڈ سرجان (۱۷۹۲ء-۱۷۹۸ء) کے مشورے سے اس کا فارسی میں ترجمہ کیا تھا۔ فتاویٰ عالمگیری کو نہ صرف برصغیر میں قبولیت حاصل ہوئی بلکہ پورے عالم اسلام میں اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا۔ ترکی، شام، مصر اور دیگر ممالک میں شرعی فیصلوں میں اسے بطور سند استعمال کیا جانے لگا۔ یہ وہ فتاویٰ کی تصنیفات ہیں۔ جن کی تالیف میں حکومت کی سرپرستی حاصل تھی۔ اس کے علاوہ انفرادی طور پر تصنیف کی گئی فتاویٰ کی ترتیب یہ ہے۔

(۱) فوائد فیروز شاہی (۲) تحفۃ النصائح (۳) طرفۃ الفقہاء (۴) فتاویٰ ابراہیم شاہیہ (۵) فتاویٰ حمادیہ (۶) شروح وحواشی وغیرہ۔

'علامہ رشید رضا' کے قول کے مطابق موجودہ زمانہ میں علم حدیث کی تعلیم واشاعت میں ہندی مسلمان سب سے آگے ہیں۔ اگر ہندی مسلمان علم حدیث کے لیے اس قدر جان فشانی سے کام نہ لیتے تو یہ علم اب تک ختم ہوچکا ہوتا۔ صوفی علماء نے علم حدیث کی درس وتدریس پر خود بھی توجہ دی اور اپنے مریدوں میں بھی اسے حاصل کرنے کا شوق پیدا کیا، اور صالح مریدوں نے یہ کام بہ حسن خوبی انجام دیا۔ چند مشہور ومعروف صوفی علماء کی سرکردگی میں شمال ہند میں علم حدیث کے چار مکاتب قائم ہوئے۔ سیدنا شیخ نظام الدین اولیاء اس مکتب کے مشہور محدثین میں شامل ہیں۔ اس مکرم گروہ محدثین میں شیخ نظام الدین اولیا (۱۲۲۶-۱۳۲۵ء) صف اول میں ہیں۔ شمس الدین محمد یحیٰ اور (متوفی ۱۳۴۶ء) فخر الدین زرادسانوی دہلوی (متوفی ۱۳۴۷ء) ضیاء الدین معید الملک برنی، محی الدین بن جلال بن قطب الدین کاشانی (م ۱۳۱۹ء) نظام الدین علامی الہاشمی ظفرآبادی (م ۱۳۳۴ء) شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی (م ۱۳۵۶ء) سید محمد گیسودراز (م ۱۳۲۱-۱۴۲۲ء) شیخ وجیہ الدین، قاضی شہاب الدین دولت آبادی (م ۱۴۴۵ء) اور شمس الدین خواجگی کڑوائی (م ۱۴۷۳ء) ہیں۔ بہار میں مخدوم شرف الدین منیری اور ان کا مکتب (۱۲۶۳ء-۱۳۸۱ء) اس مکتب میں شیخ مخدوم مظفر بلخی (م ۱۳۸۴ء) مخدوم حسین بن معیز بلخی بہاری (م ۱۴۴۱ء) مخدوم احمد دریا لنگر بلخی (م ۱۴۸۱ء) شاہ علیم الدین بلخی دوم (م ۱۲۸۷ھ کے تصنیفات اور تالیفات) وغیرہ ہیں۔ کشمیر میں میر سید علی ہمدانی، سید جمال الدین قاضی حسین شیرازی، میر سید علی ہمدانی مشہور ومعروف محدثین میں شامل ہیں۔ ملتان میں شیخ زکریا ملتانی (۱۱۸۰ء-۱۲۶۷ء) جمال الدین محدث، مخدوم سید جلال الدین بخاری (۱۳۰۸-۱۳۷۵ء) وغیرہ ہیں۔ ان درس گاہوں میں سنن ابوداؤد، مشارق الانوار، مصابیح السنۃ، صحیحین، سنن اربعہ، سنن البیہقی، المستدرک حاکم، شرح معانی الآثار، مسند فردوس الدیلمی، مشکوۃ المصابیح، مسند فردوس وغیرہ ہیں۔

عہد مغلیہ کے مشہور محدثین کے اسم گرامی یہ ہیں:

(۱) ابوبکر محمد بھروچی (م ۱۵۰۹ء)
(۲) میر سید عبد الاول حسینی زید پوری (م ۱۵۶۰ء)
(۳) خواجہ مبارک بن مخدوم ارجانی رحمتی بنارسی (م ۱۵۷۳ء)
(۴) شیخ بخاری کاکوروی (۱۴۸۵ء-۱۵۷۳ء)
(۵) ظاہر پٹنی (۱۵۰۸ء-۱۵۷۸ء)
(۶) شیخ محمد طیب سندھی (م ۱۵۹۰ء)
(۷) شیخ عبد اللہ انصاری سلطان پوری (م ۱۵۸۲ء)
(۸) شیخ عبد النبی گنگوہی (متوفی ۱۵۸۲ء)
(۹) شیخ وجیہ الدین علوی گجراتی (۱۵۰۴ء-۱۵۸۰ء)
(۱۰) شیخ طاہر بن یوسف سندھی برہان پوری (متوفی ۱۸۹۵ء)
(۱۱) شیخ یعقوب بن حسن صرفی کشمیری (۱۵۰۲ء-۱۵۹۵ء)
(۱۲) حاجی محمد کشمیری (۱۵۹۵ء)
(۱۳) شیخ احمد سرہندی (۱۵۶۴ء-۱۶۲۴ء)
(۱۴) شیخ عبد الحق محدث دہلوی (۱۵۵۱ء-۱۴۴۲ء) وغیرہ۔

ڈاکٹر حامد رضوی نے ایک مقالہ 'ادب اردو کے ارتقاء میں بھوپال کا حصہ' میں لکھتے ہیں کہ شمالی ہند میں سب سے پہلے قرآن کریم کا اردو ترجمہ قاضی معظم سنبھلی (مرادآباد) نے (۱۷۱۹ء-۱۱۳۱) میں کیا۔ اور اس کا ایک غیر مطبوعہ نسخہ بھوپال کے کتب خانے میں موجود ہے۔ (بحوالہ، تاریخ اسلامیہ، ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد محمد ابن قاسم سے اورنگ زیب تک، تاریخ دعوت و عزیمت، تاریخ قاسم فرشتہ، تاریخ ابن خلدون، (ڈاکٹر غضنفر اے خان، (ماہر انڈو اسلامک کلچر ماہر تاریخ اسلامیہ) شمسل عارفین، اور ذیشان حیدر (ماہر تاریخ واسلامک تحریب کے مقالوں سے بھی ماخوذ) و دیگر مضامین اسلامیہ

رابطہ: 9968012976

اسلام میں اوقاف

ثناء الہدی قاسمی



اسلام میں انفاق فی سبیل اللہ اور صدقہ نافلہ کی بڑی اہمیت ہے، یہ زکوۃ، صدقات واجبہ اور ایسے نسبی رشتوں پر خرچ کی جانے والی رقم سے الگ ایک چیز ہے، جن کا نان ونفقہ واجب ہوتا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ رب العزت نے انفاق کی تلقین کی ہے، اور فرمایا کہ جو بچ جائے اسے خرچ کیا کرو اور جو کچھ بھی تم مال خرچ کرتے ہو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے، ایک اور آیت میں اللہ رب العزت نے واضح کردیا کہ تم بھلائی کے مقام کو اس وقت تک پا نہیں سکتے جب تک تم اپنی محبوب چیز کو خرچ نہ کرو۔ انسان کی سب سے پسندیدہ چیز جان ومال اور اولاد ہیں، ان کی محبوبیت دلوں میں اس قدر بیٹھی ہوئی ہے کہ آدمی اپنا سب کچھ اس کے حصول کے لیے قربان کرنے کو تیار رہتا ہے، جہاد میں جان ومال اور سماجی تقاضوں اور ضرورتوں کی تکمیل کے لیے اللہ رب العزت نے انفاق فی سبیل اللہ کی تلقین کی، یہ صدقات نافلہ، قرض حسنہ کی شکل میں عموما ہوا کرتے ہیں، اللہ رب العزت نے اس پر بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے۔ ارشاد ربانی ہے: مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗ وَلَہٗ اَجْرٌ کَرِیْم۔ لیکن مال میں منقولہ اور غیر منقولہ ہر قسم کی مالیت اور ملکیت شامل ہے، اس لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد سے ہی اللہ کے راستے میں غیر منقولہ جائیداد کنویں، باغات اور کھیتوں کے وقف کو رواج ملا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی فرمائی؛ بلکہ دینے والوں کو مختلف قسم کی بشارتیں دیں۔ کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلا وقف خود اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد قبا کی زمین کے حصول کے بعد کیا، مدینہ پہونچنے کے بعد مخیریق نامی یہودی نے سات باغ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مرنے کے بعد پیش کرنے کی وصیت کی تھی، غزوہ احد میں جب وہ مارا گیا تو وہ ساتوں باغ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ (وقف) کردیا، اس کے بعد صحابہ کرام ؓ نے کثرت سے وقف کرنا شروع کیا، چنانچہ حضرت عمر ؓ نے خیبر کی زمین، حضرت عثمان نے ''بئر رومہ'' اور حضرت ابوطلحہ انصاری ؓ نے ''بیرحا'' نامی باغ وقف کیا۔ جو اوقاف کی مشروعیت اور اس کی اہمیت بتانے کے لیے کافی ہیں۔ وقف کا اطلاق ہر قابل انتفاع چیز کو اپنی ملکیت سے نکال اللہ کی ملکیت میں دے دینے پر ہوتا ہے، جس کا نفع دائمی تو نہیں دیرپا ہو، دائمی اس لیے نہیں کہ یہ دنیا ہی فانی ہے، اس لیے یہاں کسی چیز کے بارے میں دوام کے ساتھ انتفاع کی شرط نہیں لگائی جاسکتی۔ ہندوستان میں مساجد، مدارس، خانقاہیں، قبرستان، مزارات، مسافر خانے وغیرہ کے لیے زمینوں کے وقف کرنے کا عام مزاج رہا ہے، جس سے امت کی مختلف قسم کی ضروریات پوری ہوتی رہی ہیں، اسلامی تعلیمات کے مطابق وقف کرنے کے لیے تحریری دستاویز کی بھی ضرورت نہیں ہے، زبانی کہہ دینا کافی ہے، فقہاء نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ کسی نے اپنی زمین میں اپنے صرفہ سے مسجد بنوائی اور عوام الناس کو نماز پڑھنے کی عمومی اجازت دیدی تو اسے مسجد کے طور پر وقف مانا جائے گا، جس زمین، دوکان، مکان وغیرہ کو وقف کردیا گیا تو وہ بندے کی ملکیت سے نکل کر اللہ کی ملکیت میں چلا جاتا ہے، اللہ بے نیاز ہے اسے کسی چیز کی حاجت نہیں، اس لیے ملکیت اللہ کی اور اس کا نفع بندگان خدا کے لیے ہوا کرتا ہے، یعنی اللہ کی ملکیت میں جانے کے بعد کسی کے لیے یہ ممکن نہیں کہ اس کی ملکیت تبدیل کردے، اسی لیے اوقاف کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی خرید وفروخت کسی کے لیے درست نہیں ہے، اوقاف کی زمینوں کو بار آور بنانا ایک دوسری چیز ہے اور اس کو فروخت کرکے دوسرے کے نام کرنا الگ چیز ہے، فروختگی سے اس کی ملکیت اور اوقاف کی حیثیت عرفی زائل ہوجاتی ہے، اس لیے کسی کو اس کی اجازت نہیں دی جاسکتی، بعض مخصوص حالتوں میں قاضی شرع کی اجازت سے کچھ تغیر وتبدل کی گنجائش ہے، لیکن عمومی طور پر ایسا کرنے کی گنجائش کسی مرحلے میں نہیں ہے۔ وقف کردہ جائیدادیں چوں کہ اللہ کی ملکیت میں چلی گئیں، اس لیے اسلام نے اس کے انتظام وانصرام کا الگ سے نظام بنایا، چنانچہ اس کی دیکھ ریکھ کے لیے جب تک واقف حیات سے ہے وہ خود یا جس کو چاہے متولی کی حیثیت سے نامزد کرسکتا ہے، اس کو انتظام وانصرام کے لیے اوقاف کی تولیت دوسروں کو منتقل کرنے کا پورا اختیار ہے وہ اگر یکے بعد دیگرے متولی کی تعیین کرنا چاہے تو اس کی بھی اسے اجازت ہے، لیکن متولی کا مالکانہ حق نہیں ہوتا کہ وہ جیسے چاہے اس میں تصرف کرے اور جب متولی کو یہ اختیار نہیں ہے تو سرکار کی قائم کردہ وقف کونسل، ریاستی وقف بورڈ، وقف بورڈ کی ضلعی کمیٹیاں اور ضلع کے کلکٹر کو بھی اسے خرد برد کرنے کا حق نہیں ہے، اور اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو یہ شرعی اور قانونی طور پر بھی جرم ہے، کیوں کہ وہ امانت میں خیانت کا مرتکب ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''لا ایمان لمن لا امانۃ لہ'' جس کو امانت کا پاس نہیں اس کا ایمان معتبر نہیں، آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ وہ گوشت جو حرام چیزوں سے تیار ہوا، وہ جہنم کا زیادہ مستحق ہے، حضرت عائشہ کی ایک روایت میں ہے کہ اگر کسی نے ایک بالشت زمین بھی ظلما لیا تو اس کی گردن میں سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔ متولی کبھی خود واقف ہوتا ہے یعنی جس نے اللہ کی رضا کے لیے بندوں کی ضروریات کو سامنے رکھ کر کسی چیز کو اللہ کی ملکیت میں بشکل وقف دے دیا، اس کا نفع کہاں خرچ ہوگا، یہ واقف کی تعیین پر موقوف ہے، واقف نے جس کام کے لیے دیا ہے اور اس نے جن مقاصد کے لیے اسے وقف کیا ہے، اس سے سرمو انحراف کی گنجائش نہیں ہے، اگر اس نے غرباء، یتامی، مساکین اور ضرورت مندوں کی ضروریات کی تکمیل کے لیے وقف کیا ہے تو اس کی آمدنی ان ہی مدات میں خرچ کی جائے گی، لیکن اگر اس نے مدارس، مساجد، مسافر خانے وغیرہ کے لیے وقف کیا ہے تو اس کی آمدنی دوسری چیزوں پر خواہ وہ جس قدر بھی ضروری ہوں، خرچ نہیں کی جاسکتی، اسلام میں واقف کی منشا اور مقاصد کی تعیین کا وہی مقام ہے جیسا قرآن واحادیث میں مذکور احکام کا ہے، اسی لیے منشاء واقف کو ''کنص الشارع'' سے تعبیر کیا گیا ہے۔ کبھی کبھی واقف یہ چاہتا ہے کہ اس کی زمین تقسیم نہ ہو اور اس سے اس کی اولاد ہی نفع حاصل کرے تو وہ اپنے اولاد پر وقف کردیتا ہے، جس کو وقف علی الاولاد کہتے ہیں، اس کی تولیت کی شکلیں طے کرتا ہے اور ان زمینوں کی آمدنی کا کچھ حصہ خیراتی کاموں کے لیے وقف کردیتا ہے، شریعت میں اس کی بھی گنجائش ہے اور ہندوستان میں بہت سارے اوقاف کی حیثیت وقف علی الاولاد کی ہے۔ اسی طرح بہت ساری زمین وقف کی وہ ہیں جو نہ تو وقف بورڈ میں درج ہیں اور نہ ہی ان کے کاغذات موجود ہیں، لیکن برسہا برس اور بعضے سینکڑوں سال سے مسجد، قبرستان اور دوسرے کاموں میں استعمال ہورہے ہیں، شریعت کی نظر میں وہ بھی وقف ہی ہیں اور ان کو نہ تو سرکار کو دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس میں کوئی تبدیلی کی جاسکتی ہے، شریعت نے پورا انتظام وقف مسلمانوں کو دیا ہے اس کی ضرورت اور اہمیت کے ساتھ اس کی نفع بخشی اور انتظام وانصرام کا جامع طریقہ کار بھی عطا کیا ہے، ہم اس کے پابند ہیں کہ اس کے تحفظ کے لیے شرعی نظام کے حساب سے لگے رہیں اور چوں کہ اس کو تبدیل کرنے کا حق کسی کو نہیں ہے اس لیے ایسی تمام کوششوں کو ہم مداخلت فی الدین سمجھیں اور ہر سطح پر دین میں مداخلت کرنے والی قوتوں کو ناکام کرنے کی سعی کریں۔ ہندوستان میں کثرت سے سروے کرنے والوں نے قبرستان اور غیر مزروعہ عام کو بہار سرکار لکھ دیا ہے، حالاں کہ قبرستان کی زمینیں مسلمان مردوں کو دفن کرنے کے لیے وقف کی گئی ہیں، اس لیے سروے میں اسے بہار سرکار لکھ دینا اوقاف کی زمین پر سرکاری قبضہ کے مترادف ہے، بہار میں جدید سروے کا کام شروع ہوگیا ہے، ایسے میں اپنی زمین وجائیداد کے ساتھ گاؤں میں اوقاف کی زمینوں کا سروے بھی وقف کی حیثیت سے کرنا چاہیے، اور اس کے لیے گاؤں اور محلوں کے لوگوں کو سرگرم ہونا ہوگا تاکہ اوقاف کی زمینوں پر سرکاری قبضہ کو روکا جاسکے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی مجلس عاملہ نے ترمیمی بل آنے کے قبل ہی عوام کو بیدار کرنے کے لیے مختلف زون میں وقف بیداری کانفرنس کرنے کا فیصلہ لیا تھا، لہذا اسی تجویز کے مطابق مفکر ملت، امیر شریعت حضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی دامت برکاتہم نے بہار اڈیشہ جھارکھنڈ اور مغربی بنگال کے لوگوں کا ایک بڑا اجتماع 29 رجون 2025 کو گاندھی میدان پٹنہ میں ''وقف بچاؤ، دستور بچاؤ کانفرنس'' کے عنوان سے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس میں شرکت کے لئے ان صوبوں کے علاوہ ہندوستان بھر سے بڑی تعداد میں لوگ شرکت کے لیے پٹنہ پہونچ رہے ہیں، معاملہ وقف کا ہو یا مدارس کا، وقف ایکٹ میں مجوزہ ترمیمات کی بات ہو یا مدارس اسلامیہ کی حیثیت کے ختم کرنے پر بچوں کو اسکول میں داخل کرانے کی سرکاری مہم، دونوں انتہائی خطرناک ہیں، اور اس سے ہمارے ملی وجود اور دین کو خطرہ ہے، اللہ کا شکر ہے کہ مختلف ملی تنظیموں نے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی اس مہم پر لبیک کہا ہے اور انہوں نے اپنے اپنے بینر تلے تحفظ اوقاف کی مہم چلا رکھی ہے، امارت شرعیہ مختلف ملی تنظیموں کو اپنے ساتھ لیکر چل رہی ہے، اس نے سرکاری وزراء اور سیاست دانوں سے مل کر مشترکہ میمورنڈم بھی پیش کیا ہے، گفتگو کی حد تک ان کی جانب سے مثبت باتیں سامنے آتی رہی ہے، اس کے علاوہ مختلف تنظیموں کے ذریعہ الگ الگ میمورنڈم بھی پیش کیا گیا ہے، ہمارے نزدیک یہ طریقہ کار مناسب تھا، جو امارت شرعیہ نے کیا ہے، بہر کیف کوششیں جس طرف سے بھی کی جارہی ہیں، قابل تحسین ہیں، اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ ہندوستان کی چھوٹی بڑی سبھی ملی تنظیمیں آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے ساتھ ہیں اور سب مسلم پرسنل لا بورڈ کی تجویز کے مطابق ہی آگے بڑھ رہی ہیں، یہ بڑی اچھی بات ہے، امت کا اتحاد ہی ہماری طاقت وقوت کا سرچشمہ ہے اور ہمیں اسے ہر حال میں باقی رکھنا چاہیے۔

’ہندوستان عظیم الشان نظر آتا ہے‘، خلائی سفر کر رہے شبھانشو شکلا سے پی ایم مودی نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ بات کی



نئی دہلی 29 جون: وزیر اعظم نریندر مودی نے ہندوستانی خلائی مسافر شبھانشو شکلا سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ بات چیت کی۔ خلا میں موجود شبھانشو سے انھوں نے کہا کہ ’’آپ آج مادر وطن ہندوستان کی سرزمین سے بہت دور ہیں، لیکن ہندوستانیوں کے دلوں کے سب سے قریب ہیں۔ آپ کے نام میں بھی شُبھ ‘ ہے، آپ کا سفر بھی نئے دور کا شُبھ آرمبھ‘ (مبارک شروعات) ہے۔ میرے ساتھ 140 کروڑ ہندوستانیوں کے جذبات ہیں۔ میری آواز میں تمام ہندوستانیوں کا جوش و جذبہ شامل ہے۔‘‘ ساتھ ہی وزیر اعظم نے کہا کہ ’’خلا میں ہندوستان کا جھنڈا لہرانے کے لیے آپ کو دلی مبارک باد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔‘‘ بات چیت کے دوران وزیر اعظم مودی نے ہندوستانی خلاباز سے پوچھا کہ خلا میں سب کچھ ٹھیک ہے؟ اس کے جواب میں شبھانشو نے کہا کہ بہت اچھا لگ رہا ہے، میرے لیے یہ ایک بہت ہی نیا تجربہ ہے۔ زمین سے مدار تک کا میرا یہ سفر 400 کلومیٹر کی دوری پر مشتمل ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ صرف میرا ہی نہیں بلکہ تمام ہندوستانیوں کا سفر ہے۔ میرے لیے یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے سوال کیا کہ آپ جو گاجر کا حلوہ اپنے ساتھ لے گئے ہیں، کیا اسے ساتھیوں کو کھلایا؟ جواب میں شبھانشو نے کہا کہ میں اپنے ساتھ کچھ چیزیں لے کر آیا تھا، جس میں گاجر اور مونگ کا حلوہ بھی شامل تھا۔ ہم تمام نے ایک ساتھ بیٹھ کر اس کا ذائقہ چکھا۔ وزیر اعظم مودی نے شبھانشو سے کئی سوال کیے، جن میں سے ایک سوال یہ بھی تھا کہ خلا کی وسعت دیکھ کر سب سے پہلے آپ کے ذہن میں کیا خیال آیا؟ جواب میں شبھانشو نے کہا کہ ’’خلا میں پہنچنے کے بعد سب سے پہلا نظارہ زمین کا تھا۔ خلا سے پوری زمین ایک طرح دکھائی دیتی ہے۔ اوپر سے دیکھنے میں ایسا لگتا ہے کہ زمین پر کوئی بارڈر نہیں ہے۔ ہاں، ہندوستان حقیقی معنوں میں عظیم الشان نظر آتا ہے۔‘‘ پھر وزیر اعظم نے پوچھا کہ آپ طویل ٹریننگ کے بعد وہاں پہنچے ہیں، وہاں کے حالات کتنے مختلف ہیں؟ اس کے جواب میں ہندوستانی خلاباز نے کہا کہ ’’یہاں تو سب کچھ مختلف ہے۔ یہاں آتے ہی سب کچھ بدل گیا۔ یہاں کشش ثقل نہیں ہے، اس لیے چھوٹی چھوٹی چیزیں بھی مشکل ہو جاتی ہیں۔ پانی پینا، پیدل چلنا اور سونا بہت بڑا چیلنج ہے۔ ٹریننگ اچھی ہے، لیکن ماحول بدلتا ہے تو ایڈجسٹ کرنے میں ایک دو دن کا وقت لگتا ہے۔‘‘ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ مجھے آپ کے اہل خانہ سے ملنے کا موقع ملا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کے ذمہ بہت کام ہے۔ آج میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہندوستان کے گگن یان مشن کی کامیابی کا پہلا باب ہے۔ آپ کا یہ پہلا خلائی سفر صرف خلا تک ہی محدود نہیں ہے، بلکہ یہ ہمارے ترقی یافتہ ہندوستان کو ایک رفتار اور نئی طاقت دے گا۔ ہندوستان دنیا کے لیے خلا کے نئے امکانات کے دروازے کھولنے جا رہا ہے۔ اب ہندوستان صرف پرواز نہیں بھرے گا، بلکہ مستقبل میں نئی پروازوں کے لیے پلیٹ فارم بھی تیار کرے گا۔

اوڈیشہ رتھ یاترا سانحہ: بھگدڑ سے 3 اموات پر راہل و کھڑگے کا اظہار افسوس، حکومت سے جوابدہی اور راحت میں تیزی کا مطالبہ

اوڈیشہ 29 جون: اوڈیشہ کے پوری ضلع میں واقع گنڈیچا مندر کے قریب سالانہ جگن ناتھ رتھ یاترا کے دوران پیش آنے والے حادثے پر کانگریس پارٹی نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کی صبح سارد ھابلی مقام پر بھگدڑ کے باعث 3 عقیدت مندوں کی موت اور درجنوں کے زخمی ہونے کے بعد کانگریس کے سینئر رہنماؤں راہل گاندھی اور ملکارجن کھڑگے سمیت پارٹی نے اس افسوسناک واقعے پر شدید دکھ کا اظہار کیا۔ راہل گاندھی نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا، ’’پوری میں رتھ یاترا کے دوران ہوئی بھگدڑ کی خبر انتہائی افسوس ناک ہے۔ سوگوار خاندانوں کے ساتھ میری گہری ہمدردی ہے اور زخمی عقیدت مندوں کی جلد صحتیابی کی امید کرتا ہوں۔‘‘ انہوں نے اوڈیشہ حکومت سے اپیل کی، ’’راحت کاری کے کاموں میں تیزی لائے اور کانگریس کارکنان سے گزارش ہے کہ وہ ہر ممکن مدد فراہم کریں۔‘‘ راہل گاندھی نے اس سانحے کو ایک سنگین تنبیہ قرار دیتے ہوئے لکھا، ’’ایسے بڑے مذہبی اجتماعات میں سکیورٹی اور بھیڑ نظم و نسق کی تیاری کو سنجیدگی سے جانچنے اور مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انسانی جانوں کی حفاظت سب سے اہم ہے، اور اس ذمہ داری میں کسی بھی قسم کی کوتاہی نا قابل قبول ہے۔‘‘ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے اپنے بیان میں گہرے رنج کا اظہار کیا، ’’جگن ناتھ رتھ یاترا کے دوران پیش آنے والے بھگدڑ کے حادثے سے میں سخت دکھی ہوں، جس میں تین عقیدت مند جاں بحق اور کم از کم پچاس زخمی ہوئے۔‘‘ انہوں نے مزید کہا، ’’یہ سانحہ ان خبروں کے بعد پیش آیا ہے جن میں بتایا گیا کہ جمعہ کو یاترا کے دوران 500 عقیدت مند زخمی ہوئے تھے۔ اس قسم کی لاپروائی اور بدنظمی نا قابل قبول ہے۔‘‘ کھڑگے نے مطالبہ کیا، ’’ریاستی حکومت اور متعلقہ حکام واقعے کی مکمل اور گہرائی سے جانچ کریں۔ طے شدہ مذہبی تقاریب کے دوران عوامی سلامتی اور بھیڑ نظم و نسق کی مکمل تیاری ہونی چاہیے۔ جو بھی اس حادثے کا ذمہ دار ہو، اسے قانون کے مطابق جواب دہ بنایا جائے۔‘‘ انہوں نے یہ بھی کہا، ’’کانگریس پارٹی متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی میں کھڑی ہے اور ہر طرح کی امدادی کوششوں، طبی سہولیات اور راحت کاری میں تعاون کرے گی۔‘‘ کانگریس کے سرکاری ایکس ہینڈل سے بھی اس واقعے پر ردعمل آیا، ’’اوڈیشہ کے پوری میں رتھ یاترا کے دوران بھگدڑ کے باعث تین عقیدت مندوں کی موت کی خبر نہایت تکلیف دہ ہے۔‘‘ مزید کہا گیا، ’’ہم دعا گو ہیں کہ خدا مرحومین کو ابدی سکون عطا کرے اور زخمی جلد صحت یاب ہوں۔ اس غم کی گھڑی میں ہماری ہمدردیاں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔‘‘ حادثے کی ابتدائی تفصیلات کے مطابق، رتھ یاترا کے دوران صبح کے وقت عقیدت مندوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جب اچانک بھگدڑ کا واقعہ پیش آیا۔ ضلع انتظامیہ نے معاملے کی تفتیش شروع کر دی ہے اور راحت کاری کے اقدامات جاری ہیں۔

جمشید پور میں موسلادھار بارش سے رہائشی اسکول زیر آب، 162 بچے رات بھر چھت پر پھنسے رہے، انتظامیہ نے کیا ریسکیو

جمشید پور 29 جون: جھارکھنڈ کے ضلع مشرقی سنگھ بھوم (جمشید پور) کے کووالی تھانہ علاقے میں ہفتے کی رات سے جاری موسلادھار بارش نے تباہی مچا دی۔ لگاتار بارش کے باعث مقامی گُڈرا ندی کا پانی خطرے کے نشان سے اوپر چلا گیا، جس کے نتیجے میں ندی کا پانی پانڈرشولی گاؤں میں گھس آیا۔ اسی گاؤں میں واقع ایک نجی رہائشی اسکول ’لو کیش انگلش اسکول‘ کا ہاسٹل بھی پانی کی زد میں آ گیا، جہاں 162 بچے موجود تھے۔ بارش کے دوران اچانک پانی کی سطح بڑھنے لگی تو اسکول کے ہاسٹل میں سوئے ہوئے بچوں کو سنبھلنے کا بھی موقع نہ ملا۔ جیسے ہی پانی ہاسٹل کے اندر داخل ہونے لگا، بچوں کو فوراً چھت پر لے جایا گیا، جہاں انہوں نے پوری رات خوف اور بے بسی کے عالم میں گزاری۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی دیہاتی موقع پر پہنچے اور فوری طور پر پولیس و انتظامیہ کو خبر دی۔ اتوار کی صبح ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔ اس مہم میں پٹکا کے بی ڈی او ارون کمار منڈا، سی او نکیتا بالا، کووالی تھانہ انچارج دھننجے پاسوان اور دیگر افسران شامل رہے۔ ٹیم نے بڑی احتیاط اور تدبر سے بچوں کو کشتیوں اور رسیوں کے ذریعے بحفاظت نکالا۔ ریسکیو ٹیم مسلسل بچوں سے رابطے میں رہی اور انہیں تسلی دیتی رہی تاکہ وہ خوفزدہ نہ ہوں۔ تمام بچوں کو نکالنے کے بعد قریبی اسپتال میں ان کی صحت کی جانچ کی گئی۔ خوش قسمتی سے کوئی بچہ شدید طور پر متاثر نہیں ہوا، تاہم کئی بچے سردی اور خوف کے باعث تھکے اور نڈھال تھے۔ اس اسکول میں زیر تعلیم زیادہ تر بچے پٹکا اور آس پاس کے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ انتظامیہ نے بچوں کے والدین کو فوراً اطلاع دی، جن میں سے کئی والدین اپنے بچوں کو لینے اسکول پہنچ گئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق یکم جون سے 29 جون کے درمیان مشرقی سنگھ بھوم ضلع میں 537.9 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے، جو معمول سے 137 فیصد زیادہ ہے۔ اگلے چار دنوں میں بھی یہاں معمول سے 76 سے 100 فیصد زیادہ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ انتظامیہ نے مقامی اسکولوں اور ہاسٹلز کو خبردار کیا ہے کہ وہ بارش کے دوران حفاظتی اقدامات کو ترجیح دیں اور ندیوں کے نزدیک رہنے والے افراد احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

درخت لگانا نسلوں کو بچانا ہے: مودی

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ہم وطنوں سے درخت لگانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ آنے والی نسلوں کو بچانے کے لیے ہے۔ اتوار کو آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات کے 123 ویں ایپی سوڈ میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ ماحولیات کو بچانے میں ہر ایک کا تعاون زمین کے لیے ایک بڑی طاقت بن رہا ہے۔ پونے کے مسٹر رمیش کھرملے کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ انہوں نے صرف دو مہینوں میں 70 گھاٹیاں بنائی ہیں۔ انہوں نے کئی چھوٹے تالاب بنائے اور سینکڑوں درخت لگائے۔ وہ ایک آکسیجن پارک بھی بنا رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے پرندے واپس لوٹنے لگے ہیں اور جنگلی حیات کو نئی سانسیں مل رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گجرات کے احمد آباد شہر میں میونسپل کارپوریشن نے 'مشن فار ملین ٹری 'مہم شروع کی ہے۔ اس کا ہدف لاکھوں درخت لگانا ہے۔ اس مہم کے تحت 'سندور جنگل' بنایا جا رہا ہے۔ یہ جنگل آپریشن سندور کے ہیروز کے لیے وقف ہے۔ ملک کے لیے اپنا سب کچھ قربان کرنے والے بہادر لوگوں کی یاد میں سندور کے پودے لگائے جا رہے ہیں۔ مسٹر مودی نے کہا کہ 'ایک پیڑ ماں کے نام 'مہم کے تحت ملک میں کروڑوں درخت لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "آپ بھی اپنے گاؤں یا شہر میں جاری اس طرح کی مہموں میں ضرور حصہ لیں، درخت لگائیں، پانی بچائیں، زمین کی خدمت کریں، کیونکہ جب ہم فطرت کو بچاتے ہیں، تو در اصل ہم اپنی آنے والی نسلوں کی حفاظت کرتے ہیں۔"

سونے چاندی کی قیمتوں میں نمایاں کمی، خریداروں کے لیے سنہری موقع

نئی دہلی 29 جون: سونے اور چاندی کے خریداروں کے لیے ایک بڑی خوشخبری سامنے آئی ہے، کیونکہ اس ہفتے ان قیمتی دھاتوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی دیکھی گئی ہے۔ اس کمی کے باعث سونا دوبارہ 96000 روپے فی 10 گرام سے نیچے آ گیا ہے، جبکہ چاندی بھی 1.06 لاکھ روپے فی کلو سے کم ہو گئی ہے۔ انڈیا بلین اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن (آئی بی جے اے) کے جاری کردہ تازہ اعداد و شمار کے مطابق 24 قراط سونے کی قیمت 95784 روپے فی 10 گرام ہو گئی ہے، جو ایک ہفتے پہلے 98691 روپے تھی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہفتے میں سونے کی قیمت میں 2907 روپے کی کمی واقع ہوئی ہے۔ اسی طرح، 22 قراط سونے کا ریٹ بھی گھٹ کر 87738 روپے فی 10 گرام ہو گیا ہے، جو پہلے 90404 روپے تھا۔ 18 قراط سونا جو پہلے 74018 روپے فی 10 گرام تھا، اب کم ہو کر 71838 روپے فی 10 گرام رہ گیا ہے۔ چاندی کی قیمت میں بھی قابل ذکر کمی دیکھی گئی ہے۔ ایک ہفتے میں چاندی 1582 روپے فی کلو سستی ہو کر 105193 روپے فی کلو پر آ گئی ہے، جبکہ اس سے پہلے یہ 106775 روپے فی کلو تھی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ 18 جون کو چاندی نے 109550 روپے فی کلو کا آل ٹائم ہائی بھی عبور کیا تھا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں بھی اسی طرح کا رجحان دیکھنے کو ملا ہے۔ کامیکس (COMEX) پر سونے کی قیمت 3,400 ڈالر فی اونس سے کم ہو کر 3,300 ڈالر فی اونس پر آ گئی ہے، جب کہ چاندی کی قیمت بھی 36 ڈالر فی اونس پر پہنچ گئی ہے، جو اس سے پہلے زیادہ تھی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق حالیہ عالمی سیاسی اور اقتصادی حالات اس قیمت میں کمی کی بڑی وجہ ہیں۔ خاص طور پر ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں کمی، عالمی استحکام میں بہتری، اور امریکی ڈالر کی قدر میں کمی نے ان دھاتوں کی قیمتوں پر اثر ڈالا ہے۔ اگر سال کے آغاز سے اب تک کی بات کی جائے، تو 24 قراط سونے کی قیمت 76,162 روپے فی 10 گرام سے بڑھ کر 95,784 روپے ہو چکی ہے، یعنی 19,622 روپے یا تقریباً 25.76 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح چاندی کی قیمت 86,017 روپے فی کلو سے بڑھ کر 1,05,193 روپے ہو چکی ہے، یعنی 19,176 روپے یا 22.29 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ کمی عارضی ہو سکتی ہے، اور مستقبل میں سونے اور چاندی کی قیمتیں دوبارہ بڑھ سکتی ہیں، اس لیے خریداروں کے لیے یہ ایک نادر سنہری ہو سکتا ہے۔

نفرت کی سیاست کے ذریعہ ملک کو کمزور کرنے کی کوشش، آر جے ڈی لیڈر چندر شیکھر یادو



پٹنہ 29 جون: بہار آر جے ڈی رکن اسمبلی چندر شیکھر یادو نے آئین کی تمہید میں موجود الفاظ ’سیکولرازم‘ اور ’سوشلزم‘ کے متعلق چل رہی بحث پر بی جے پی اور آر ایس ایس کو ہدف تنقید بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ’’جب سے مرکز میں موجودہ حکومت اقتدار میں آئی ہے، تب سے اسے نہ تو ملک کے نوجوانوں کی بے روزگاری کی فکر ہے اور نہ ہی کسانوں کی بدحالی کی۔‘‘ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ’’ان کی توجہ نہ تو ملک کی ترقی پر ہے اور نہ ہی عام لوگوں کے مسائل پر۔‘‘ آر جے ڈی رکن اسمبلی نے نیوز ایجنسی ’آئی اے این ایس‘ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ’’2022 تک کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنے کی بات کرنے والی بی جے پی حکومت اب 2025 میں نفرت پھیلانے اور سماج کو تقسیم کرنے کی سیاست کر رہی ہے۔‘‘ چندر شیکھر کے متعلق روزگار، غریبی اور ترقی جیسے بنیادی مسائل سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے یہ لوگ اب آئین پر حملہ کر رہے ہیں۔ آر جے ڈی لیڈر نے سوال کیا کہ ’’سیکولرازم اور سوشلزم سے لوگوں کو آخر دقت کیا ہے؟ جب ہم تمام مذاہب کے درمیان برابری کی بات کرتے ہیں وہی سیکولرازم ہے۔ سوشلزم آئین کا حصہ ہے، جو سماجی انصاف اور مساوات کی بنیاد رکھتا ہے۔ کیا ان الفاظ پر اس لیے اعتراض ہے کہ یہ ملک کو متحد کرتے ہیں اور تقسیم نہیں کرتے ہیں۔‘‘ ساتھ ہی انہوں نے الزام عائد کیا کہ ’’بی جے پی اور آر ایس ایس سے وابستہ لوگ نفرت کی سیاست کے ذریعہ ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔‘‘ چندر شیکھر یادو نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ’’یہ لوگ جمہوریت، سوشلزم اور سیکولرازم کے خلاف ہیں۔ یہ لوگ ملک کو تقسیم کرنے اور فروخت کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ سرکاری اداروں کی نجکاری کی جا رہی ہے، سرکاری نوکریوں کو ختم کیا جا رہا ہے۔ بے روزگاری عروج پر ہے، لیکن اس پر کوئی بات نہیں ہو رہی۔‘‘ آر جے ڈی رکن اسمبلی نے واضح کیا کہ ’’ان کی پارٹی آئین میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے سخت خلاف ہے۔ وہ اس کے بنیادی اصولوں- سیکولرازم، سوشلزم اور جمہوریت کے تحفظ کے لیے پر عزم ہے۔‘‘

فٹ سے بنیں گے سپر ہٹ: مودی

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے کھانے میں تیل 10 فیصد کم کرنے کے اپنے مطالبے کو دہرایا اور کہا کہ 'فٹ آپ کو سپر ہٹ بنا دے گا'۔ اتوار کو آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات ' کے 123 ویں ایپی سوڈ میں مسٹر مودی نے کہا کہ "اگر ہم اپنی صلاحیت کو بڑھانا چاہتے ہیں، تو سب سے پہلے ہمیں اپنی 'فٹنس اور تندرستی 'پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔ فٹنس کے لیے موٹاپا کم کرنا ضروری ہے۔" مسٹر مودی نے کہا کہ " کھانے میں تیل 10 فیصد کم کریں، موٹاپا کم کریں۔ جب آپ فٹ ہوں گے تو آپ زندگی میں زیادہ سپر ہٹ ہوں گے۔" مسٹر مودی نے آسام کے بوڈو لینڈ علاقے میں فٹ بال کے جنون کا ذکر کیا اور ہالی چرن نرزاری، درگا بورو، اپور بانرزاری، منبیر باسوماتاری جیسے فٹ بال کھلاڑیوں کی مثال دی جو بین الاقوامی سطح پر ابھرے ہیں۔

اتراکھنڈ: چار دھام یاترا پر 24 گھنٹوں کے لیے روک، شدید بارش کے پیش نظر مسافروں سے احتیاط برتنے کی اپیل

اتراکھنڈ 29 جون: اتراکھنڈ میں چار دھام یاترا 24 گھنٹوں کے لیے روک دی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اتراکھنڈ میں شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے پیش نظر انتظامیہ کافی احتیاط برت رہی ہے اور فوری طور پر اس یاترا کو 24 گھنٹوں کے لیے روک دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اطلاع کے مطابق چار دھام راستے پر جگہ جگہ لینڈ سلائیڈ کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ ایسے میں مسافروں اور عقیدت مندوں کو مستعد رہنے اور توجہ سے سفر کرنے کی اپیل کی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتراکھنڈ کے کئی حصوں میں اگلے 24 سے 48 گھنٹوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔ اس وجہ سے چار دھام راستوں پر خطرہ بڑھ گیا ہے۔ بدری ناتھ، کیدار ناتھ، گنگوتری اور یمونوتری جیسے اہم تیرتھ استھلوں کی طرف جانے والے راستوں پر لینڈ سلائیڈ اور سڑک جام کے معاملے سامنے آ رہے ہیں۔ انتظامیہ نے مسافروں کی تحفظ کو اولیت دیتے ہوئے یاترا پر فی الحال روک لگانے کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے چمولی، رودر پریاگ، اترکاشی اور پتھوڑا گڑھ جیسے ضلعوں میں بارش کو لے کر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ان علاقوں میں شدید بارش کے ساتھ ساتھ سیلاب اور لینڈ سلائیڈ کا خطرہ بنا ہوا ہے۔ انتظامیہ نے ندیوں اور آبی ذخائر کے آس پاس رہنے والے لوگوں کو بھی مستعد رہنے کی صلاح دی ہے۔ اتراکھنڈ انتظامیہ نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم کے معمول پر آنے تک سفر کو معطل رکھیں۔ ساتھ ہی سفر کے دوران مقامی انتظامیہ اور پولیس کے رہنما اصول پر عمل کرنے کی صلاح دی گئی ہے۔ لینڈ سلائیڈ کے خطرے کو دیکھتے ہوئے پہاڑی علاقوں میں احتیاط برتنے اور محفوظ مقامات پر رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ انتظامیہ نے سبھی جگہ این ڈی آر ایف اور ایس ڈی آر ایف کی ٹیمیں تعینات کی ہیں۔ یاترا روکنے کے پیچھے یہی مقصد ہے کہ مسافروں کو بڑے نقصان سے بچایا جا سکے۔ یہاں جون کے تیسرے ہفتہ سے مسلسل موسم بگڑ رہا ہے اور جس طرح موسم کے تیور بنے ہوئے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے ابھی جلد یاترا شروع ہونے کی امید نہیں ہے۔

بلڈوزر کارروائی کے خلاف عآپ کا مظاہرہ، کجریوال نے جھگیاں توڑنے پر مودی اور بی جے پی حکومت کو بنایا نشانہ

نئی دہلی 29 جون: عام آدمی پارٹی نے اتوار کو دہلی میں جھگیوں کے خلاف چل رہی بلڈوزر کارروائی کے خلاف جنتر منتر پر مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے تمام بڑے رہنما اروند کجریوال، منیش سسودیا، سوربھ بھاردواج، سنجے سنگھ شامل ہوئے۔ اس دوران اروند کجریوال نے بی جے پی حکومت کو جم کر اپنی تنقید کا نشانہ بنایا۔ اروند کجریوال نے کہا، ’’بی جے پی کی حکومت نے جھگیاں توڑ کر لوگوں کی زندگی برباد کر دی، جو جھگی میں رہتے ہیں، وہ آس پاس ہی نوکری کرتے ہیں، لیکن جھگی ٹوٹنے سے روزگار روزگار چلا جاتا ہے۔ انہوں نے ایک طرح سے آپ کو کھولتے ہوئے تیل میں ڈال دیا ہے۔‘‘ کجریوال نے آگے کہا، ’’انتخاب کے وقت وزیر اعظم مودی نے کہا تھا کہ جہاں جھگی، وہاں مکان.. لیکن اس کا مطلب یہ تھا کہ وہاں جھگی، وہاں میدان.. مودی کی گارنٹی فرضی نکلی ہے۔ مودی کی گارنٹی جھوٹی ہے۔ انتخاب سے پہلے ان کے رہنما آپ کے گھروں میں آ کر سوتے تھے۔ میں نے کہا تھا کہ ان کے رہنما آپ کی جھگی دیکھنے کے لیے آ رہے ہیں۔‘‘ کجریوال نے سوال کیا کہ اگر سارے غریبوں کی جھگیاں توڑ دی اور انہیں بھگا دیا تو آپ کا کام کیسے چلے گا۔ کھانا بنانے سے لے کر ڈرائیور، سیکورٹی گارڈ، آٹو ڈرائیور، اخبار والا اور دودھ والا تک جھگی سے آتے ہیں۔ کجریوال نے کہا کہ بی جے پی والوں کا منصوبہ سبھی جھگیوں کو توڑنے کا ہے۔ دہلی میں 40 لاکھ لوگ جھگیوں میں رہتے ہیں، سبھی لوگ یکجا ہو جاؤ، جس دن آپ سڑک پر آ گئے تو ان کی مشکلیں بڑھ جائیں گی۔ کجریوال نے کہا کہ بی جے پی کے 5 سال کے بعد دہلی 50 سال پیچھے چلی جائے گی۔ یہ پارٹی صرف امیروں کے لیے کام کرتی ہے جبکہ عام آدمی پارٹی غریبوں کی پارٹی ہے اور اپنے 10 سال کی مدت کار میں ہم نے دہلی کے اسکول ٹھیک کیے، محلہ کلینک بنائے، بجلی سستی کی۔ اس موقع پر عآپ رہنما سوربھ بھاردواج نے کہا کہ وزیر اعظم مودی سمیت بی جے پی کے تمام بڑے رہنماؤں نے غریب جھگی والوں سے وعدہ کیا تھا کہ جہاں جھگی ہے، وہاں مکان بنا کر دیں گے۔ حکومت بننے کے چند دنوں بعد ہی ان غریبوں کی جھگیاں اجاڑنا شروع کر دیا ہے۔ اب تک تقریباً 10 ہزار جھگیاں توڑی جا چکی ہیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ غریب جھگی والے بے گھر ہو چکے ہیں۔ بی جے پی حکومت نے ان کے پاس رہنے کا کوئی ٹھکانہ نہیں چھوڑا ہے۔

یوگا کی عظمت لوگوں کو متاثر کرے گی: مودی

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگا کو با اختیار بنانے کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سال کی یوگا کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کے شاندار انعقاد سے لوگوں کو یوگا کو اپنانے کی ترغیب ملے گی۔ اتوار کو آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام ’من کی بات‘ کے 123 ویں ایپی سوڈ میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ اس بار بھی 21 جون کو ’یوگا کا بین الاقوامی دن‘ میں ملک اور دنیا کے کروڑوں لوگوں نے شرکت کی۔ یہ 10 سال پہلے شروع ہوا تھا اور ہر سال پورے جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ پوری دنیا میں یوگا کے تئیں لوگوں کی دلچسپی بڑھ رہی ہے اور لوگ یوگا کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں شامل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کے یوگا کے بین الاقوامی دن کا مرکزی موضوع ’ایک کرہ ارض- ایک صحت‘ کے لئے تھا۔ یہ وسودھیو کٹمبکم کا احساس دلاتا ہے۔ مسٹر مودی نے کہا ’مجھے یقین ہے کہ اس سال کے یوگا ڈے کی شان یقیناً زیادہ سے زیادہ لوگوں کو یوگا کو اپنانے کی ترغیب دے گی۔‘‘ یوگا سیشن کے انعقاد کی عظمت کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ وشاکھا پٹنم کے ساحل پر تین لاکھ لوگوں نے ایک ساتھ یوگا کیا۔ وشاکھا پٹنم میں ہی دو ہزار سے زیادہ قبائلی طلباء نے 108 منٹ تک 108 سوریہ نمسکار ادا کئے۔ یہ ڈسپلن اور لگن کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا ’ہمارے بحری جہازوں پر بھی یوگا کی شاندار جھلک دیکھی گئی۔ تلنگانہ میں تین ہزار دویانگوں نے ایک ساتھ یوگا کیمپ میں حصہ لیا۔ انہوں نے دکھایا کہ کس طرح یوگا با اختیار بنانے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ دہلی کے لوگوں نے یوگا کو سوچھ جمنا کے عزم سے جوڑا اور یمنا کنارے جا کر یوگا کیا۔ جموں و کشمیر میں لوگوں نے دنیا کے بلند ترین ریلوے پل چناب پل پر یوگا کیا۔ انڈو- تبت بارڈر پولیس کے جوانوں نے ہمالیہ کی برفیلی چوٹیوں پر یوگا کیا۔ وڈنگر، گجرات میں، 2121 لوگوں نے مل کر بھوجنگا آسن کیا اور ایک نیا ریکارڈ بنایا۔ نیویارک، لندن، ٹوکیو، پیرس، دنیا کے ہر بڑے شہر سے یوگا کا اہتمام کیا گیا۔ یوگا کی ہر تصویر میں امن، استحکام اور توازن نظر آتا تھا۔

کھرگے نے رتھ یاترا میں بھگدڑ سے ہونے والے نقصان پر رنج وغم کا اظہار کیا

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے بھگوان جگن ناتھ رتھ یاترا کے دوران بھگدڑ کی وجہ سے عقیدت مندوں کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور سوگوار خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر کھرگے نے کہا کہ "مجھے مہاپربھو جگن ناتھ رتھ یاترا کے دوران بھگدڑ سے بہت دکھ ہوا ہے، جس میں تین لوگوں کی موت ہوئی تھی اور کم از کم 50 لوگ زخمی ہوئے تھے۔ یہ سانحہ جمعہ کو یاترا کے دوران 500 عقیدت مندوں کے زخمی ہونے کی اطلاع کے بعد پیش آیا ہے۔ میری تعزیت اور دعائیں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ میں تمام زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ "اس سانحہ میں جو غفلت اور بد انتظامی ہوئی وہ نا قابل معافی ہے۔ "انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت اور عہدیداروں کو اس واقعہ کے ذمہ دار سنگین غلطیوں کی مکمل تحقیقات کرنی چاہیے۔ عوامی تحفظ کو یقینی بنانا اور مؤثر ہجوم کا انتظام سب سے اہم ہے۔ جب ہجوم پر مشتمل بڑے واقعات پہلے سے طے شدہ تقریبات کے لیے طے کیے جاتے ہیں، تو ایسے سانحات کے ذمہ داروں کو قانون کے تحت جوابدہ ہونا چاہیے۔

ٹرمپ کے مرید ہوئے پوتن، امریکہ، مشرق وسطیٰ اور یوکرین میں کیے جارہے کاموں کی تعریف کی

روس 29 جون: روس کے صدر ولادیمیر پوتن امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مرید بن گئے ہیں۔ انہوں نے ٹرمپ کی زوردار تعریف کرتے ہوئے انہیں ایک بہادر شخص قرار دیا اور کہا کہ وہ دو بار قاتلانہ حملے میں بچ گئے ہیں۔ ساتھ ہی پوتن نے اس بات پر بھی اعتماد ظاہر کیا کہ ٹرمپ حقیقت میں ایمانداری کے ساتھ یوکرین کے ساتھ جنگ کو ختم کروانا چاہتے ہیں۔ وہ امریکہ، مشرق وسطیٰ اور یوکرین میں جو کر رہے ہیں ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔ ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے پوتن نے ٹرمپ کے ساتھ میٹنگ کے معاملے پر کہا کہ ہم دونوں کے درمیان مستقبل میں ہونے والی میٹنگ کے لیے ہم تیار ہیں۔ انہوں نے کئی بار اس طرح کے امکانات کی صلاح بھی دی تھی۔ پوتن نے کہا، "ڈونالڈ ٹرمپ کی بدولت امریکہ اور روس کے تعلقات اب کچھ بڑھ رہے ہیں۔ ہمارے درمیان ممکنہ میٹنگ دونوں ملکوں کی شراکت داری کو ایک نئی سطح کی طرف لے جا سکتی ہے۔" روسی صدر نے کہا کہ یوکرین میں جنگ کو حل کرنا شروع کرنا کافی مشکل تھا۔ انہوں نے کہا، "یہ سچ ہے اور اس کی امید ہے۔ جب ہم کسی چیز کو باہر سے دیکھتے ہیں تو وہ الگ دکھتی ہے۔ ہم جب اس کے اندر سے دیکھتے ہیں تو وہ اور بھی زیادہ الگ دکھتی ہے۔ حقیقی طور پر ہم دیکھیں تو زندگی ہمیشہ مشکل ہی ہوتی ہے۔" پوتن کی طرف سے امریکی صدر کو لے کر دیے گئے بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ روس-یوکرین جنگ کو ختم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ حالانکہ وہ امریکہ کی ایران کے اوپر کیے گئے حملے کی بھی مذمت کر چکے ہیں کیونکہ ایران روس کے سب سے اچھے دوست ملکوں میں سے ایک ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں ہیگ میں منعقد ناٹو چوٹی کانفرنس میں بھی امریکی صدر کو گھیرا گیا تھا۔ جہاں ٹرمپ نے یہ تسلیم کیا تھا کہ یوکرین بحران کو سلجھانا ان کے شروعاتی اندازے سے کہیں زیادہ مشکل ثابت ہوا ہے۔ اس سے پہلے جب ولادیمیر پوتن نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری لڑائی کے دوران ثالثی کروانے کی بات کی تھی تو ٹرمپ نے کہا تھا کہ وہ پہلے اپنی پریشانی سلجھائیں۔

غزہ کا معاہدہ کرواور قیدیوں کو واپس لاؤ: ٹرمپ کا ایک پھر جنگ بندی پر زور

واشنگٹن، 29 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں معاہدہ کرنے اور تمام قیدیوں کو واپس لانے پر زور دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر غزہ میں حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی پر زور دیا ہے جبکہ اسرائیلی وزیر اعظم نے کرپشن کیس کی مذمت کرنے پر امریکی صدر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے ساتھ مل کر مشرق وسطیٰ کو دوبارہ عظیم بنانے کے عزم کا اظہار کردیا۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹروتھ سوشل" پر ٹرمپ نے واضح الفاظ میں لکھا کہ "غزہ کا معاہدہ کرواور قیدیوں کو واپس لاؤ"۔ اس سے قبل اتوار کی صبح ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو غزہ میں موجود قیدیوں کی رہائی کے لیے حماس کے ساتھ ایک معاہدے پر گفت وشنید کر رہے ہیں۔ انہوں نے بنجمن نیتن یاہو کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے خلاف کرپشن کے مقدمات کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے ان کے خلاف عدالتی کارروائی کو "شدید ظلم" قرار دیا جو ان کے بقول مشرق وسطیٰ میں جاری سفارتی کوششوں کو متاثر کر سکتی ہیں۔ ٹرمپ نے ہفتے کی شب اپنے ایک اور بیان میں کہا کہ "یہ تماشا خود انصاف کے نام پر ہو رہا ہے ایران اور حماس کے ساتھ مذاکرات کو بری طرح متاثر کرے گا۔ نیتن یاہو فی الوقت حماس کے ساتھ ایک معاہدے پر بات چیت کر رہے ہیں جس کا مقصد یرغمالیوں کی واپسی ہے۔" یہ بیانات ایک ایسے وقت میں سامنے آئے جب ہفتے کے روز تل ابیب میں ہزاروں افراد نے "اسیران چوک" میں جمع ہو کر غزہ میں جاری جنگ کے خاتمے اور قیدیوں کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ اسرائیلی اخبار "یدیعوت احرونوت" نے ایک اعلیٰ سیاسی ذریعے کے حوالے سے بتایا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ غزہ کی جنگ کو جلد از جلد ختم کرانا چاہتے ہیں۔ اسی ذریعے نے یہ بھی بتایا کہ صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی، اسٹیو وٹکوف، کی غزہ سے متعلق مجوزہ منصوبے کا دوبارہ جائزہ لینے کی تجویز پر غور ہے۔ اسرائیلی چینل 13 کے مطابق، نیتن یاہو جلد ہی واشنگٹن کا دورہ کریں گے جہاں وہ غزہ میں لڑائی کے خاتمے اور ممکنہ امن معاہدوں پر بات کریں گے۔ چینل کے مطابق نیتن یاہو آئندہ دو ہفتوں میں وائٹ ہاؤس کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ واضح رہے کہ جمعے کو صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا تھا کہ انہیں یقین ہے کہ ایک جنگ بندی قریب ہے اور یہ اگلے ہفتے کے اندر طے پاسکتی ہے۔

ملائیشیا میں کشتی پلٹنے سے تین افراد ہلاک

کوالالمپور، 29 جون (یو این آئی) ملائیشیا کے مشرقی ساحل پر ہفتہ کو دریا میں ایک کشتی پلٹنے سے تین افراد کی موت ہوگئی۔ حکام نے اتوار کو یہ اطلاع دی۔ بیسوت ضلع کے پولیس چیف سپرنٹنڈنٹ اعظم احمد ابو نے ایک پریس بریفنگ میں بتایا کہ کشتی موسلا دھار بارش اور طوفان کے دوران ریاست تیرینگانو کے ایک ساحلی مقام پرہنتیان جزیرے کے قریب پلٹ کر ڈوب گئی۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے میں ایک 40 سالہ شخص، اس کی تین سالہ بیٹی اور ایک 10 سالہ رشتہ دار کی موت ہوگئی۔

چین میں شدید بارش کے لیے یلو الرٹ جاری

بیجنگ، 29 جون (یو این آئی) چین کے بعض علاقوں میں اتوار کو تیز بارش کے لیے یلو الرٹ جاری کر دیا گیا۔ قومی موسمیاتی مرکز نے کہا کہ اتوار کی صبح 8 بجے سے پیر کی صبح 8 بجے تک، سچوان، گانسو، شانسی، چونگ چنگ، ہوبئی، ژی جیانگ، فوجیان، انہوئی، جیانگ سو، شان ڈونگ، ہیبئی اور لیاوننگ کے صوبائی سطح کے علاقوں کے کچھ حصوں میں تیز اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ مرکز نے کہا کہ سچوان بیسن کے کچھ حصوں میں 300 ملی میٹر تک شدید بارش کے آثار ہیں۔ مرکز نے مقامی افسران کو موسلا دھار بارش سے محتاط رہنے کا مشورہ دیا ہے اور مشورہ دیا ہے کہ شہری علاقوں اور زرعی اراضی میں پانی کی نکاسی کے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

مالی کی فوج نے اسلامک اسٹیٹ کے غیر ملکی لیڈر کو کیا گرفتار

بماکو، 29 جون (یو این آئی) مغربی افریقی ملک مالی کی فوج نے شمالی مالی میں 'اسلامک اسٹیٹ ان دی گریٹر صحارا' کے لیڈر اور اس کے محافظ کو گرفتار کر لیا ہے۔ فوج نے ہفتے کے روز کہا کہ چا-مانے علاقے میں ایک انکاؤنٹر کے دوران ایک غیر ملکی شدت پسند گرد کو گرفتار کیا گیا۔ وہ مقامی لوگوں کو زبردستی مہم میں شامل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ یہ گرفتاری خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی۔ دیگر گرفتار افراد کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی ہے۔

ویتنام میں فضلے مرکز میں آگ لگنے سے چار افراد ہلاک

ہنوئی، 29 جون (یو این آئی) شمالی ویتنام کے ہنگ ین صوبے میں ہفتہ کو فضلے کے ایک مرکز میں آگ لگنے سے چار افراد ہلاک اور تین دیگر زخمی ہوگئے۔ مقامی میڈیا تائیوٹرے (یوتھ) نے یہ اطلاع دی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ آگ وان لام ضلع میں واقع مرکز میں دوپہر تقریباً 2:00 بجے لگی۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ پہلے اس علاقے سے لگی اور پھر اس نے دوسرے حصوں کو بھی لپیٹ میں لے لیا۔ آگ لگنے کی وجہ کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

وینس میں بڑے پیمانے پر سیاحت اور عدم مساوات پر بیزوس کی شادی پر احتجاج

وینس29 جون: مقامی سیاست دانوں نے مظاہرہ کو اقلیت کا ایک مظاہرہ قرار دیا۔ مظاہرین نے کہا کہ وینس کی خوبصورتی کا شہرت یافتہ بیزوس نے اپنے پیسے کے بل پر اس کا استحصال کیا۔ زیادہ رکاوٹوں کے خدشات نے بیزوس اور اس کی دلہن کو اپنی آخری اور سب سے بڑی پارٹی کو وسطی ضلع سے لگون شہر کے مشرقی حصے میں ایک الگ تھلگ مقام پر منتقل کرنے پر مجبور کیا۔ ہفتہ کو مقامی وقت کے آخری احتجاج میں، تقریباً 1,000 رہائشیوں اور کارکنوں نے چلچلاتی دھوپ کے نیچے وینس کے ٹرین اسٹیشن کے سامنے ریلی نکالی، اس سے پہلے کہ تقریباً 1.5 کلومیٹر ریالٹو پل تک مارچ کیا۔ وینیشین کاروباری اداروں اور سیاست دانوں نے اس تقریب کا خیر مقدم کیا، اور مقامی معیشت کے لیے اس کے بڑے فروغ کو سراہا۔ وینس کے ارد گرد وینیٹو کے علاقائی گورنر لوکا زیا نے کہا کہ شہر کو شادی کی میزبانی پر فخر ہونا چاہیے۔ یونیورسٹی کی ایک 24 سالہ طالبہ ایلس بازولی نے بیزوس کو "منافق" قرار دیا جس نے وینس کو 3 ملین یورو کا عطیہ دیا جبکہ اس کے نازک ماحولیاتی نظام کو زیادہ آلودگی پھیلانے والے نجی جیٹ طیاروں اور یاٹوں سے بھر دیا ہے۔ "میں پسند کروں گا کہ وینس شہریوں کے لیے تیار کیا جائے، نہ کہ سیاحوں کے لیے، سستی رہائش کے ساتھ،" بازولی نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ طالب علموں کو باہر کیا جا رہا ہے کیونکہ ان سے زیادہ قیمت وصول کی جارہی ہے اور زائرین کو بہترین رہائش کی پیشکش کی گئی ہے۔ وینس میں پیدا ہونے والی 49 سالہ اطالوی فلم ڈائریکٹر آندریا سیگری نے کہا کہ شہر عام رہائشیوں کو بھی باہر دھکیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا "25 سے 35 سال کی عمر کے لوگ - وہ عمر کا گروپ جو خاندانوں کا آغاز کرتا ہے - وینس میں رہنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اس کا نتیجہ تنوع اور سماجی زندگی کی کمی ہے۔ "وینس تیزی سے غیر آباد ہو رہا ہے، جس کی بڑی وجہ زندگی کے بحران کی قیمت ہے۔ اس کے تاریخی شہر کے مرکز میں اب 50,000 سے بھی کم رہائشی ہیں، جو کہ 50 سال پہلے 100,000 سے زیادہ تھے۔ شہر نے متعدد دیگر وی آئی پی شادیوں کی میزبانی کی ہے، بشمول اداکار جارج کلونی اور انسانی حقوق کے وکیل امل عالم الدین کی 2014 میں، لیکن تازہ ترین شادیوں میں بیزوس کے کارپوریٹ اور سیاسی کردار کی وجہ سے کہیں زیادہ ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ ایمیزون کے بانی دنیا کے چوتھے امیر ترین آدمی ہیں، اور انہوں نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ تعلقات استوار کیے ہیں، جن کی بیٹی ایوانکا اور داماد شادی میں شریک تھے۔

تکنیکی خرابی کے باعث اٹلی میں تین سو پروازیں منسوخ کی گئیں

روم، 29 جون (یو این آئی) اٹلی کے ایئر کنٹرول سینٹر میں ہفتہ کی شام ڈیٹا ٹرانسمیشن فیل ہونے کے بعد ملک کے شمال مغربی علاقے کے کئی شہروں میں 300 سے زیادہ پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ یہ اے این ایس اے نیوز ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ یہ واقعہ مقامی وقت کے مطابق رات 9 بجے کے قریب پیش آیا۔ جس کی وجہ سے میلان، برگامو، جینوا اور تورین سمیت متاثرہ فضائی حدود کے ہوائی اڈوں پر پروازیں ملتوی یا ٹیک آف اور لینڈنگ پر بڑی پابندیاں عائد کردی گئیں۔ اس نے یہ بھی کہا کہ تکنیکی ماہرین اب بھی مسئلے کو حل کرنے اور ٹریفک آپریشن کو بحال کرنے میں مصروف ہیں۔ واضح رہے کہ میلان میں ایریا کنٹرول سینٹر ان چار علاقائی کنٹرول سینٹرز میں سے ایک ہے جو اطالوی ایئر نیویگیشن سروس فراہم کرنے والے ای این اے وی کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔

جاپان نے ایچ 2اے راکٹ کو آخری بار کیا لانچ

ٹوکیو، 29 جون (یو این آئی) جاپان کے ایچ 2اے راکٹ کا 50واں اور آخری کامیاب لانچ آج صبح کے وقت کیا گیا، جس سے اس کے 20 سال سے زیادہ خدمات فراہم کرنے والے سفر کا اختتام ہوگیا۔ یہ لانچ کاگوشیما صوبے کے تانیگاشیما خلائی مرکز سے شیڈول کے مطابق کیا گیا تھا۔ آخری مشن میں 'ابوکی-جی ڈبلیو' سیٹلائٹ بھیجا گیا، جسے جاپان کی ماحولیات کی وزارت، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف انوائرمنٹل اسٹڈیز اور خلائی ایجنسی نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے۔ یہ سیٹلائٹ خلا سے گرین ہاؤس گیسوں کی نگرانی کرے گا۔ واضح رہے کہ 2001 کے آغاز سے ایچ 2اے راکٹ نے جاپان کی خلائی اور سائنسی پیش رفت میں اہم رول ادا کیا ہے اور کئی سیٹلائٹ مدار میں بھیجے۔ اس دوران 2003 میں ایک ناکامی کے علاوہ تمام لانچ کامیاب رہے۔ اس کے بعد جاپان اب مکمل طور پر اپنی اگلی نسل کے ایچ 3 راکٹ پر منحصر ہو جائے گا، جس کا مقصد لاگت کو کم کرنا اور عالمی مسابقت کو بڑھانا ہے۔

ٹیکساس میں سات گاڑیوں کے تصادم میں پانچ افراد ہلاک

ہیوسٹن، 29 جون (یو این آئی) شمالی ٹیکساس میں ٹیریل کے قریب سات گاڑیوں کے تصادم میں پانچ افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ حکام نے یہ جانکاری دی ہے۔ ٹیکساس ڈپارٹمنٹ آف پبلک سیفٹی کے حکام نے بتایا کہ یہ حادثات ہفتے کے روز اس وقت پیش آئے جب ایک ٹرک ڈرائیور کو نیند آگئی اور پانچ افراد کو لے جانے والی دوسری گاڑی سے ٹکرا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹرک نے دو دیگر گاڑیوں سے ٹکرانے کے بعد تین دیگر کاروں کو بھی ٹکر ماری۔ ٹیریل رضا کار فائر ڈپارٹمنٹ نے بتایا کہ زخمیوں میں سے کم ازکم ایک کی حالت تشویشناک ہے۔ حادثے کے باعث انٹراسٹیٹ 20 کو بند کرنا پڑا اور متعدد ایجنسیوں نے ہنگامی کارروائیاں شروع کردیں۔

بنگلہ دیش میں کورونا سے دو افراد کی موت

ڈھاکہ، 29 جون (یو این آئی) بنگلہ دیش میں کورونا انفیکشن (کووڈ-19) سے دو افراد کی موت ہوگئی اور سات نئے معاملے درج کیے گئے ہیں۔ بنگلہ دیش میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا انفیکشن سے دو افراد کی موت ہوئی جس کے بعد رواں ماہ اب تک ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 22 ہوگئی ہے۔ کووڈ 19 سے پہلی موت اس سال 5 جون کو راجدھانی ڈھاکہ میں درج کی گئی تھی۔ ہفتہ کو مقامی وقت کے مطابق صبح 8 بجے تک 24 گھنٹوں میں یومیہ ٹیسٹ مثبت ہونے کی شرح 3.87 فیصد تک پہنچ گئی۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 174 نمونوں کی جانچ کی گئی۔ کئی پڑوسی ممالک میں کووڈ 19 انفیکشن کے معاملے میں دوبارہ سے اضافے کے درمیان، بنگلہ دیش کی عبوری حکومت نے لوگوں سے کہا ہے کہ جب تک ضروری ہو ان مقامات کا سفر کرنے سے گریز کریں۔ یہاں کے افسران نے متعلقہ محکموں کو انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے تمام بندرگاہوں پر ہیلتھ چیک اپ اور نگرانی کے اقدامات میں اضافے کی ہدایت بھی دی ہے۔

اسرائیل میں مواخذے کا سامنا کرنے والے عرب قانون ساز نے اتحاد کا مطالبہ کیا

اسرائیل29 جون: ایمن اودے نے کہا کہ ''ہمیں ایک جامع ڈیل پر پہنچنا چاہیے۔ ہمیں تمام یرغمالیوں کو واپس لانا چاہیے۔ ہمیں غزہ پر جنگ ختم کرنی چاہیے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ ''بہت ہوگیا! جنگوں کے ساتھ رہتے ہوئے بہت ہوگیا!'' ہجوم سے اپیل کرتے ہوئے، اودے نے کہا، "میں آپ کا ساتھی ہوں۔ اور آپ میرے شراکت دار ہیں۔ ہاں، اختلافات ہیں، لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ جان لیں: میں آپ کا ساتھی ہوں، کیونکہ میری روح آج بھی آزادی کے لیے تڑپتی ہے۔ میں آپ کا ساتھی ہوں، کیونکہ میں اب بھی انسانیت پر یقین رکھتا ہوں۔" اودے، جسے مظاہرے کے منتظمین نے تقریر کرنے کے لیے مدعو کیا تھا، مظاہروں کو جاری رکھنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنے تبصرے کا اختتام کیا۔ "اتنی موت، تکالیف اور آنسوؤں کے بعد، اچھے دن آئیں گے، ہم انہیں لائیں گے۔'' جنوری میں اسرائیل اور غزہ کی آخری جنگ بندی کے آغاز میں سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کے بعد اودے کو مواخذے کی کارروائی کا سامنا ہے، جس میں "(اسرائیلی) یرغمالیوں اور (فلسطینی) قیدیوں کی رہائی کا خیر مقدم کیا گیا تھا۔" اس پوسٹ نے اسرائیل کی پارلیمنٹ کے دائیں بازو کے ارکان کو ناراض کیا اور کارروائی شروع کی۔ پوسٹ کے بعد کے دفاع میں، اودے نے کہا کہ رہا کیے گئے قیدیوں میں سے بہت سے نابالغ تھے جن پر کسی جرم کا الزام نہیں لگایا گیا تھا۔ اودے نے کہا کہ "اگرچہ یہ واضح ہے کہ آپ میں سے بہت سے لوگ بنیادی طور پر یہودیوں کے مصائب کو دیکھتے ہیں، میں دونوں لوگوں کے دکھوں کو دیکھتا اور محسوس کرتا ہوں۔'' دوسری جانب دسیوں ہزار جنگ مخالف مظاہرین نے ہفتے کے روز تل ابیب میں یرغمالی چوک پر غزہ جنگ کے خاتمے اور باقی یرغمالیوں کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ یرغمالیوں اور لاپتہ خاندانوں کے فورم کے اندازے کے مطابق 30,000 افراد باہر آئے۔ بہت سے لوگوں کے پاس یرغمالیوں کی تصویریں دکھائی دینے والی نشانیاں تھیں جن میں کہا گیا تھا، "انہیں گھر لے آؤ"۔ دوسروں کے پاس ایسے پلے کارڈ تھے جن میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے اپیل کی گئی تھی کہ وہ آگے بڑھیں اور جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کریں۔ ایک پلے کارڈ پر لکھا تھا، "صدر ٹرمپ، غزہ کا بحران ختم کریں! نوبل اعزاز انتظار کر رہا ہے!"

پاکستان میں بارشوں سے متعلقہ واقعات میں 38 افراد ہلاک، 63 زخمی

اسلام آباد، 29 جون (یو این آئی) پاکستان میں 26 جون کو مانسون شروع ہونے کے بعد سے بارش سے متعلق واقعات میں کم ازکم 38 افراد ہلاک اور 63 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے ہفتے کی رات جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا کہ طوفانی بارشوں سے 78 مکانات بھی تباہ ہوگئے ہیں اور 30[?][?] مویشی ہلاک ہوگئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کا شمال مغربی صوبہ خیبر پختونخوا سب سے زیادہ متاثر ہوا، جہاں 19 افراد ہلاک اور 41 زخمی ہوئے۔ اس کے بعد مشرقی پنجاب کا صوبہ ہے جہاں 12 افراد ہلاک اور 6 زخمی ہوئے۔ این ڈی ایم اے کا کہنا تھا کہ زیادہ تر اموات چھتیں گرنے اور سیلاب کے باعث ہوئیں، جس نے لوگوں، گھروں اور انفراسٹرکچر کو بہا لے گئے۔ این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر نے اتوار اور پیر کو ملک کے مختلف حصوں میں بارش، آندھی/گرج چمک کے ساتھ ساتھ گلیشیل لیک آؤٹ برسٹ فلڈ (جی ایل او ایف)، شہری سیلاب اور اچانک سیلاب کے خطرے کے پیش نظر موسم پر مبنی کئی وارننگز جاری کی ہیں۔

جنوبی لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے میں دو افراد جاں بحق

بیروت، 29 جون (یو این آئی) لبنان کے جنوبی قصبے میرونہ میں ہفتے کے روز اسرائیلی ڈرون حملے میں دو افراد کی موت اور ایک دیگر زخمی ہوگیا۔ لبنانی سیکیورٹی ذرائع اور سرکاری میڈیا نے بتایا کہ موٹر سائیکل پر سوار حزب اللہ رکن عباس وہبی کو اس حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ حملے میں اس نے موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ گزرنے والی گاڑی میں سوار ایک خاتون بھی جاں بحق جبکہ اس کا شوہر زخمی ہوگیا۔ یہ خاتون جنوبی لبنان کے گاؤں جویا کی رہائشی تھی۔ لبنان کی سرکاری قومی خبر رساں ایجنسی نے ڈرون حملے اور ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ یہ حملہ 27 نومبر 2024 سے نافذ جنگ بندی معاہدے کے باوجود ہوا، جو حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان امریکہ اور فرانس کی ثالثی میں کرایا گیا تھا۔ یہ معاہدہ غزہ جنگ کے بعد شروع ہونے والی سرحد پار جھڑپوں کو روکنے کے لیے کیا گیا تھا۔ اسرائیلی فوج حزب اللہ کے خطرے کا حوالہ دیتے ہوئے لبنان میں وقفے وقفے سے حملے کرتی رہتی ہے۔ حزب اللہ کے سکریٹری جنرل نعیم قاسم نے کہا کہ ان کی پارٹی نے جنگ بندی کی شرائط کی مکمل تعمیل کی ہے جبکہ انہوں نے اسرائیل پر معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی لبنان میں اسرائیل کی مسلسل خلاف ورزیاں ناقابل قبول ہیں اور اس کا جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حزب اللہ مستقبل میں کسی بھی اسرائیلی کارروائی کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے اور کسی دھمکی یا بیرونی دباؤ سے نہیں ڈرے گا۔

عالمی تجارتی مسائل کے حل میں ڈبلیو ٹی او کا اہم کردار ہے'

روم، 29 جون (یو این آئی) اطالوی اقتصادیات کے ایک ماہر نے کہا ہے کہ امریکہ کی طرف سے شروع کیے گئے عالمی درآمدی محصولات سے متعلق مسائل اور تناؤ کو عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیو ٹی او) کے کثیر جہتی پلیٹ فارم کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ روما ٹری یونیورسٹی میں معاشیات کے پروفیسر ماریو تیریلی نے جمعہ کے روز کہا کہ امریکہ کی قیادت میں موجودہ تجارتی تنازعات یورپی یونین (ای یو) سمیت تقریباً پوری دنیا کو متاثر کرنے کے لیے پھیل چکے ہیں اور اس سے غیر یقینی صورتحال بڑھ رہی ہے۔ یہ یورپی یونین کے لیے بہت برا ہے۔ مسٹر تیریلی نے کہا کہ "یورپی یونین اور امریکہ کے درمیان بین الاقوامی تجارت کے سب سے اہم شعبے مشینری اور نقل وحمل کے آلات ہیں، جو 2024 میں امریکہ کو یورپی یونین کی تمام برآمدات کا تقریباً 40 فیصد ہوں گے۔" "انہوں نے کہا کہ یہ شعبے نئے عائد کردہ درآمدی محصولات سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ انہوں نے تجارتی تعلقات کے بارے میں ٹرمپ انتظامیہ کے نقطہ نظر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بنیادی طور پر کثیر جہتی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ہمیں اس قسم کے مذاکرات کو کثیر جہتی فورمز پر واپس لانے کی کوشش کرنی ہوگی۔ ڈبلیو ٹی او ایک مثالی مقام ہے جہاں ممالک کے خدشات کو کھلے اور منصفانہ طور پر حل کیا جا سکتا ہے۔''

مصری ماہرین آثار قدیمہ نے تین قدیم قبریں دریافت کیں

قاہرہ، 29 جون (یو این آئی) مصری ماہرین آثار قدیمہ نے اسوان کے قریب قبۃ الھوا قبرستان میں پتھر کی تین قدیم قبریں دریافت کی ہیں جو 2181-2686 قبل مسیح کے دور کی ہیں۔ وزارت سیاحت اور نوادرات نے ہفتے کے روز ایک بیان میں کہا کہ یہ دریافت موجودہ کھدائی کے دوران اس مقام پر کام کرنے والی ایک مصری ٹیم نے کی ہے۔ مصر کی قدیم نوادرات کی سپریم کونسل (ایس سی اے) کے سکریٹری جنرل محمد اسماعیل خالد نے کہا کہ کچھ قبروں کو مشرق وسطیٰ کے دور (2055-1650 قبل مسیح) میں بھی دوبارہ استعمال کیا گیا تھا۔ اس دریافت سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم مصر کے مختلف ادوار میں قبۃ الھوا ایک اہم تدفین کی جگہ رہی ہے اور اس دریافت سے قدیم سلطنت اور اولین قرون وسطیٰ کے درمیان ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ قبروں پر کوئی کتبہ نہیں تھا لیکن اس پر روایتی تدفین کے فن تعمیر اور رسم ورواج کو نظر آرہے ہیں جو اس وقت معاشی وسائل کی کمی کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ مصر کے محکمہ نوادرات کے سربراہ محمد عبدالبدیع نے کہا کہ دو قبروں کی خصوصیات ایک جیسی ہیں اور ان میں میزیں، مٹی کے برتن، لکڑی کے تابوت اور ڈھانچے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تیسری قبر کا ڈیزائن مختلف تھا اور اس میں اچھی طرح سے محفوظ شدہ مٹی کے برتن اور بالغوں اور بچوں کے ڈھانچے تھے۔ اسوان کے بالمقابل دریائے نیل کے مغربی کنارے پر واقع قبۃ الھوا کئی خاندانوں کے رئیسوں اور افسران کے چٹان سے تراشی گئی قبروں کے لیے جانا جاتا ہے۔ وزارت سیاحت کے مطابق، یہ دریافت جنوبی مصر کے اہم آثار قدیمہ کے مقامات میں قبۃ الھوا کی اہمیت کو مزید تقویت بخشتی ہے اور قدیم مصر میں تبدیلی کے دور میں تدفین کی روایات اور تعمیراتی انداز کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

ایوین جیل پر اسرائیلی حملے میں 71 افراد کی موت ہوئی تھی: ایرانی عدلیہ

تہران، 29 جون (یو این آئی) ایرانی عدلیہ کے ترجمان اصغر جہانگیری نے تصدیق کی ہے کہ 23 جون کو ایران کے دارالحکومت تہران میں واقع ایوین جیل پر اسرائیلی حملے میں 71 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق ایران کے ساتھ فضائی جنگ کے اختتام پر اسرائیل نے تہران میں واقع سیاسی قیدیوں کی جیل 'ایوین' کو نشانہ بنایا، جو اس بات کا مظہر تھا کہ اسرائیل نے اپنے اہداف کو صرف فوجی، شہری اور جوہری تنصیبات تک محدود رکھنے کے بجائے اب ایران کے حکومتی نظام کی علامتوں تک وسعت دے دی ہے۔ ایرانی وزارت صحت کے اعداد وشمار کے مطابق اس 12 روزہ جنگ میں ایران میں 610 افراد شہید ہوئے، جن میں 13 بچے اور 49 خواتین شامل تھیں۔ اصغر جہانگیری نے عدلیہ کی سرکاری ویب سائٹ 'میزان' پر جاری بیان میں کہا کہ 'ایوین جیل پر حملے میں 71 افراد کی موت ہوئی جن میں انتظامی عملہ، فوجی جوان، قیدی، قیدیوں سے ملاقات کے لیے آئے ہوئے اہل خانہ اور جیل کے آس پاس کے مکین شامل تھے'۔ جہانگیری پہلے ہی یہ تصدیق کر چکے تھے کہ ایوین جیل کی انتظامی عمارت کا ایک حصہ اس حملے میں تباہ ہوا اور اس میں شہادتیں اور زخمی ہونے کے واقعات پیش آئے، عدلیہ کا کہنا ہے کہ بچ جانے والے قیدیوں کو تہران صوبے کی دیگر جیلوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایوین جیل میں متعدد غیر ملکی شہری بھی قید ہیں، جن میں دو فرانسیسی شہری سیسیل کوہلر اور ژاک پیری بھی شامل ہیں، جو گزشتہ 3 سال سے زیر حراست ہیں۔

فلیٹ میں پراسرار آتشزدگی سے کوئلے کے تاجر سمیت 3 افراد جاں بحق

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): کوئلہ تاجر ہبلو سنگھ، ان کے سسر بیریندر ناتھ چند اور ساس گایتری چند آسنسول میونسپل کارپوریشن کے وارڈ نمبر 57 میں فتح پور سوالتم ریذیڈنسی کے مکان نمبر B-2 میں کل رات تقریباً 11 بجکر 30 پر آگ لگنے سے جل کر ہلاک ہوگئے اس حادثے میں ہبلو سنگھ کی بیوی شلپی چٹرجی شدید زخمی ہو گئی تھیں اور ان کا علاج درگاپور کے ایک پرائیویٹ ہسپتال میں ہو رہا ہے مقامی لوگوں کے مطابق رات 11 بجکر 30 کے قریب شور اور چیخیں سنائی دیں یہ آوازیں سن کر لوگ اپنے گھروں سے باہر نکلے تو دیکھا کہ ہبلو سنگھ کا گھر پوری طرح آگ کی لپیٹ میں ہے فائر بریگیڈ اور آسنسول ساؤتھ پولیس کو فوری طور پر اس کی اطلاع دی گئی فائر بریگیڈ کی گاڑی موقع پر پہنچ گئی اور کافی کوشش کے بعد آگ پر قابو پا لیا۔ آسنسول ساؤتھ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال بھیج دیا پولیس نے گھر کے باہر سکیورٹی فورسز کو تعینات کر دیا ہے اور آگ لگنے کی وجوہات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں فائر ڈپارٹمنٹ اس بات کی بھی تحقیقات کر رہا ہے کہ آگ کیسے اور کیوں لگی۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ ہبلو سنگھ اور شلپی چٹرجی کا ایک بیٹا ترتھنکر چٹرجی ہے جو کہ نویں جماعت کا طالب علم ہے اس کے علاوہ یہ بھی انکشاف ہوا کہ ہبلو سنگھ کا جھارکھنڈ کے ضلع دھنباد کے علاقے نیرسا نیاڈنگل میں ایک اور گھر ہے جہاں ان کی پہلی بیوی، والدین، دو بیٹے اور ایک بیٹی رہتی ہے بتایا جا رہا ہے کہ ہبلو سنگھ کی دوسری بیوی شلپی چٹرجی آسنسول میں رہتی تھیں اس واقعہ نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے آگ لگنے کی وجہ اور اس حادثے میں تین افراد کی موت کا معمہ تاحال حل نہیں ہو سکا پولیس اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں معاملے کی گہرائی سے تحقیقات کر رہی ہیں اس واقعے سے علاقے میں خوف و ہراس کا ماحول ہے اور لوگ اس پراسرار آگ کے پیچھے کی حقیقت جاننے کے لیے بے تاب ہیں۔

پولس اور آر پی ایف کی ناک کے نیچے چترنجن کے 3 گھروں میں چوری

آسنسول، 29/ جون،(عوامی نیوز سروس): چترنجن ریلوے سٹی میں ریلوے کے تین رہائش گاہوں میں چوری کی وارداتوں سے مقامی باشندوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے ریلوے ملازمین کی رہائش گاہوں میں شرپسندوں کی اس شرمناک حرکت کے باوجود پولیس اور ریلوے پروٹیکشن فورس (RPF) سکون کی نیند سو رہی ہے۔ تین الگ الگ واقعات میں چوروں کی ڈھٹائی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بے عملی نے شہر میں سیکورٹی انتظامات پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ پہلا واقعہ اماڈیہا بازار کے قریب روڈ نمبر 25 پر ریلوے کے ایک رہائش گاہ میں پیش آیا۔ ریلوے ملازم ایدیش پرساد نے اپنی رہائش گاہ کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ایک دوست کو دی تھی جب وہ کچھ دن پہلے باہر گئے تھے تاہم صبح جب دوست گھر آیا تو دیکھا کہ دروازے کا تالا ٹوٹا ہوا تھا اور گھر کا سامان لوٹ لیا گیا تھا۔ اطلاع ملتے ہی چترنجن تھانے کی پولیس اور آر پی ایف موقع پر پہنچ گئے، لیکن ان کی سرگرمی قابل توجہ نہیں تھی مقامی لوگوں کا الزام ہے کہ پولیس کی یہ سست تفتیش وقت کے ضیاع کے سوا کچھ نہیں۔ اسی دن ایک اور چوری روڈ نمبر 23 پر واقع ایک اور رہائش گاہ میں پیش آئی۔ ریلوے ورکر شریواس راؤ نے صبح کام پر جانے سے پہلے اپنے گھر کو تالا لگا دیا دوپہر کو واپس آیا تو دروازہ ٹوٹا ہوا، الماری کھلی اور قیمتی سامان غائب پایا۔ شرپسندوں نے اتنی بے خوفی سے کام کیا کہ اس محلہ کو کچھ نظر نہ آیا اگرچہ پولیس تھوڑی دیر کے لیے آئی اور چلی گئی لیکن مقامی لوگوں نے الزام لگایا کہ تحقیقات کے نام پر صرف کاغذی کارروائی کی جا رہی ہے۔ اسی طرح ایک اور ریلوے کارکن نارائن ساو کے گھر پرشانت ایونیو پر واقع رہائش گاہ میں بھی لوٹ مار کی گئی اس نے صبح ڈیوٹی پر جانے سے پہلے دروازہ بند کر رکھا تھا دوپہر کو اس کا نوکر آیا اور گھر کا دروازہ کھلا اور گھر کے اندر سب کچھ بے ترتیب پایا۔ شرپسند اس قدر بے خوف ہیں کہ انہوں نے یہ جرم دن دیہاڑے انجام دیا، حالانکہ وہاں کوئی پولیس یا آر پی ایف گشت نہیں تھی۔ ایک ہی دن میں ہونے والی تین چوریوں نے شہر میں کھلبلی مچا دی ہے۔ مقامی لوگ سوال کر رہے ہیں کہ پولیس اور آر پی ایف کیا کر رہے ہیں؟ کیا سیکورٹی کے نام پر ان فورسز کی موجودگی صرف کاغذوں پر ہے یا وہ واقعی جرائم کی روک تھام میں کوئی کردار ادا کر رہی ہیں؟ پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے کچھ معلومات اکٹھی کی ہیں اور تحقیقات جاری ہیں لیکن اس طرح بار بار ہونے والی چوریوں کے پیش نظر ان کی یقین دہانیاں خالی الفاظ کی طرح لگتی ہیں۔ شہر کے مکین اب خوف کی زندگی گزار رہے ہیں۔ اگر پولس اور آر پی ایف کی یہ بے حسی اسی طرح جاری رہی تو یقینی بات ہے کہ مجرموں کے مزید حوصلے بلند ہوں گے۔ اب وقت آگیا ہے کہ یہ قوتیں شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جاگیں ورنہ شہر مزید انارکی کی طرف بڑھے گا۔

ریلپار کی گمشدہ خاتون حنا کوثر کا ہنوز سراغ نہیں ملا

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): آسنسول شمال ریلپار نیا محلّہ کے رہنے والے بیگ کے معروف کاروباری الحاج محفوظ عارف کی اہلیہ حنا خاتون 26 جون کی رات دوران سفر اچانک ٹرین سے لا پتہ ہوگئیں الحاج محفوظ عارف اپنی اہلیہ کو لیکر بغرض علاج رانچی 13304 وانچل اکسپریس ٹرین سے جا رہے تھے دوران سفر حنا کوثر کی گمشدگی سے اہل خانہ بالخصوص خاوند دو بچے پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے گمشدگی کی پوری تفصیل 27 جون کے عوامی نیوز روزنامہ اردو اخبار کے آسنسول صفحہ نمبر 10 میں شائع ہوئی ہے شکیل انور معروف صحافی رکن مغربی بنگال اردو اکاڈمی آسنسول شاخ سے ملی اطلاع کے مطابق ابھی تک خاتون کا کوئی سراغ نہیں ملا ہے کچھ عزیز و اقارب رشتہ دار کچھ اہل خانہ کے افراد بوکارو اور دھنباد اسٹیشن کے پلیٹ فارم میں نصب سی سی ٹی وی میں قید فوٹیج کو دیکھنے کی بھی کوشش کی اور اطراف و اودھر ادھر اپنے رشتہ داروں کے گھروں میں تلاش کی جانکاری لی مگر ہر طرف سے مایوسی ہی ہاتھ لگی تلاش بسیار کے بعد اہل خانہ و دیگر تمام لوگ مایوسی لئے آسنسول سپنا گھر واپس آگئے خاندان پر غم کا پہاڑ ٹوٹا۔ اب سارا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا گیا ہے اللہ پاک جلد لاپتہ خاتون کو اپنی فیملی سے ملا دے حنا خاتون علاج کی غرض سے اپنے شوہر الحاج محفوظ عارف کے ساتھ رانچی جارہی کس طرح غائب ہوگئیں دھنباد، بوکارو، چندر پورا اور کتراس کی آبادیوں میں انکے رشتہ داروں نے تلاش کی کہ کہیں کوئی سراغ مل جائے مگر اب تک کچھ بھی پتہ چل نہ سکا سبھی لوگ اس گمشدہ خاتون کے لئے دعا کر رہے ہیں کہ اللہ اسے اپنی حفاظت میں رکھے اور اسے اپنوں سے جلد از جلد ملا دے۔ آمین !۔ الحاج محفوظ عارف صاحب نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ انکی اہلیہ کے سلسلے سے کسی کو بھی کچھ جانکاری ملے تو برائے مہربانی فوراً اس نمبر پر رابطہ قائم کرنے کی زحمت گوارا کریں عین نوازش ہوگی۔ موبائل نمبرات یہ 9563742629851196130 ہے۔

☆☆☆

آمدڈیہہ: سڑک حادثہ میں ای سی ایل ورکر کی فوت

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): دوپہر بارہ بونی تھانے کے تحت امدیہا موڑ کے قریب پٹرول پمپ کے پاس سڑک حادثہ میں ایک ای سی ایل سیکورٹی اہلکار کی موت ہو گئی جس کی وجہ سے خاندان میں سوگ چھا گیا۔ متوفی کی شناخت پنچھیا کے رہنے والے نجو نایک کے طور پر کی گئی ہے اطلاع کے مطابق نجو اپنی دو پہیہ گاڑی پر امدیہا موڑ سے پنچھیا کی طرف اپنے گھر جا رہا تھا اس دوران اسے ایک بڑی گاڑی نے ٹکر ماردی۔ وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا بارہ بونی پولیس موقع پر پہنچی اور نجو کو ضلع اسپتال لے گئی، جہاں ڈاکٹر نے اس کی موت کی تصدیق کر دی۔ واقعہ کے بعد بڑی گاڑی موقع سے فرار ہوگئی حادثے کے بعد پولیس گاڑی کی تلاش کر رہی ہے پولیس نے دعویٰ کیا کہ گاڑی کو جلد پکڑ لیا جائے گا۔

بھینس بچانے کی کوشش میں ایک شخص گھاگھر بوڑھی ندی میں گر گیا، تلاش جاری

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): ماں گھاگھر بڑھی مندر کے پیچھے ندی کے قریب ایک شخص اپنی بھینسیں چرانے آیا تھا لیکن اس کی بھینس اچانک پانی میں پھنس گئی سریندر یادو نامی شخص بھینس کو نکالنے کے لیے پانی کے قریب پہنچا تو کسی وجہ سے اس کا پاؤں پھسل گیا اور وہ بھی پانی کے اندر گر گیا اور لاپتہ ہوگیا۔ اس نے خود کو بچانے کی بہت کوشش کی لیکن عینی شاہدین کے مطابق وہ بھی پانی میں ڈوب گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، انتظامیہ اور ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور اسے بچانے کی کوشش شروع کر دی تادم تحریر سریندر یادو کا کوئی سراغ نہیں ملا۔

رانی گنج کی لائف لائن کہلانے والی سڑک این ایس بی روڈ خستہ حالی کا شکار

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): رانی گنج کی مرکزی سڑک نیتاجی سبھاش چندر بوس روڈ (این ایس بی روڈ) ان دنوں اپنی خراب حالت کی وجہ سے خبروں میں ہے۔ پنجابی موڑ سے رانی گنج ریلوے اسٹیشن تک تقریباً 2 کلومیٹر تک پھیلی یہ سڑک کئی مقامات پر گہرے اور خطرناک گڑھوں میں تبدیل ہو چکی ہے بارش کے دنوں میں یہ گڑھے نظر بھی نہیں آتے جس سے حادثات کا امکان اور بھی بڑھ جاتا ہے مقامی باشندوں کا کہنا ہے کہ یہ سڑک رانی گنج کی لائف لائن ہے یہاں سے روزانہ ہزاروں لوگ اسٹیشن، بس اسٹینڈ، بازار اور دفتر جاتے ہیں۔ رانی گنج پوسٹ آفس کے سامنے موجود گڑھوں کے بارے میں مقامی ٹیچر وشواجیت بنرجی کہتے ہیں کہ یہ علاقہ بہت مصروف ہے، اور یہاں سڑکوں کا اتنا خراب ہونا بہت تشویشناک ہے بس اسٹینڈ علاقے کے رہائشی نجے صراف کا کہنا ہے کہ یہاں سے منی بسیں اور بڑی گاڑیاں گزرتی ہیں۔ گڑھوں کی وجہ سے گاڑیوں کی رفتار رک جاتی ہے جس کی وجہ سے شدید ٹریفک جام ہے اور عام لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے صورتحال اس قدر خراب ہے کہ نہ صرف این ایس بی روڈ بلکہ تار بنگلہ موڑ جیسے علاقے جو پہلے ہی حادثات کا شکار قرار پا چکے ہیں وہاں کی حالت بھی انتہائی تشویشناک ہے معمولی بارش سے سڑکیں کیچڑ اور پانی میں تبدیل ہو جاتی ہیں اس تناظر میں رانی گنج میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین مزمل حسین شہزادہ کا کہنا ہے کہ این ایس بی روڈ نیشنل ہائی وے کے تحت آتا ہے اس لیے مقامی انتظامیہ اس میں براہ راست مداخلت نہیں کر سکتی انہوں نے کہا کہ شہر کے باقی علاقوں کی گلیوں اور سڑکوں کی مرمت کا کام جاری ہے اہل علاقہ کا مطالبہ ہے کہ این ایس بی روڈ کی جلد مرمت کر کے اسے محفوظ اور ہموار بنایا جائے تاکہ روزانہ سفر کرنے والے عام شہریوں کو ریلیف مل سکے۔

کلٹی: پولس کی حادثات کو روکنے کیلئے سڑک کے گڈھے کو بھرنے میں مصروف

آسنسول، 29/ جون،(عوامی نیوز سروس): کلٹی جی ٹی روڈ پر ایک گڑھا بن گیا ہے۔ اور اس برسات کے موسم میں اس میں پانی جمع ہو جاتا ہے اور پیدل چلنے والے حادثات کا شکار ہوتے راگیروں کو پریشانی اور ہونے والے حادثے سے بچانے کے لئے سڑک میں ہوئے نمودار گڈھے کو پولیس اینٹ ریت سے بھرائی کر رہی ہے یہ شہری انتظامیہ کا ہے پی ڈبلو ڈی یا پھر مقامی انتظامیہ لگتا ہے سرد مہری کا شکار ہے اس بار ٹریفک پولیس سڑک کی مرمت پر اتر آئی کلٹی ٹریفک گارڈ پولیس اہلکاروں نے شہری رضا کاروں کے ساتھ کلٹی کے برلا چوراہے پر جی ٹی روڈ کی مرمت کی ٹریفک گارڈ کی ٹریفک پولیس نے جی ٹی روڈ کی اینٹوں اور مٹی سے مرمت کر دی ان کے مطابق اگر سڑک خراب ہو تو پیدل چلنے والے حادثات کا شکار ہو سکتے ہیں یا گاڑیاں توازن کھو بیٹھیں گی تو حادثے ہو سکتے ہیں اس لیے انہوں نے خود کوشش کی ہے کہ جس حد تک ممکن ہو سکے سڑک کی مرمت کی جائے اس اقدام کو مقامی لوگوں اور عام لوگوں نے سراہا ہے۔

ریٹائرڈ ملازمین کا رہائش کے مطالبہ پر دھرنا، اے بی ایل انتظامیہ پر وعدہ خلافی کا الزام

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): درگاپور شہر کے وارڈ نمبر 26 میں اے بی ایل افسر اجول گنگولی نے اپنے دفتر مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا اور افسر کو مطالبات کا ایک میمورنڈم سونپا احتجاج میں اے بی ایل کے سینکڑوں ریٹائرڈ ملازمین نے شرکت کی احتجاج سے قبل ملازمین نے علاقے میں ریلی نکالی اور مختلف علاقوں سے ہوتے ہوئے دفتر پہنچے۔ مظاہرے کے دوران سابق ملازم نانی گوپال نندی سمیت کئی لوگوں نے انتظامیہ پر وعدہ خلافی کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ کمپنی 5000 روپے دے رہی ہے۔ سابق ملازم کو 10000 رہائش خالی کرنے کا نوٹس بھیج دیا گیا ہے۔ جبکہ کمپنی نے دس سال قبل رضا کارانہ طور پر ملازمت چھوڑنے والے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے فوائد دیے ہیں رقم ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ملازمین جس رہائش میں رہتے ہیں وہ ان کے حوالے کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا انہوں نے کمپنی کی یقین دہانی پر رضا کارانہ طور پر رضامندی ظاہر کی وہ نوکری سے ریٹائر ہو چکے تھے۔ کمپنی کے قوانین کے مطابق رہائش کے لیے ایک مخصوص رقم ادا کی جاتی تھی لیکن اب اچانک کمپنی نے رہائش خالی کرنے کا نوٹس بھیج دیا ہے جس کی وجہ سے سابق ملازمین کو اپنے گھروں سے محروم ہونے کا خدشہ ہے ریٹائرڈ ملازمین نے سوال اٹھایا کہ رہائش کے لیے مخصوص رقم ادا کرنے کے بعد بھی انہیں 30 جون تک رہائش خالی کرنے کا نوٹس بھیجا گیا ہے انتظامیہ کو سابق ملازمین کو رہائش فراہم کرنا ہوگی بصورت دیگر کمپنی کے خلاف بھرپور تحریک شروع کی جائے گی۔

یا اللہ میرے ملک ہندستان کو فرقہ پرستی، بدعنوانی اور دہشتگردی سے پاک کر دے! آمین
مسجد الحرام میں الحاج نعمان اسفر خان کی دعا

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): شہر کی معروف شخصیت مشہور سماجی کارکن اور نامور فلاحی تنظیم آواز کے ضلع سکریٹری نعمان اسفر خان ان دنوں حج کی سعادت حاصل کرنے کے لئے سعودی عرب کے مکہ مکرمہ میں ہیں اس جمعہ کی نماز کے بعد انہوں نے اللہ کے حضور ہندوستان کی سلامتی، ترقی کے لئے خانہ کعبہ کے سامنے ہاتھ اٹھا کر دعا کی اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے یہ دعا مانگی کہ الٰہی؟ ہمارے ملک ہندوستان کو تمام طرح کی فرقہ پرستی، بدعنوانی اور دہشت گردی سے ہندوستان کو پاک کر دے، انہوں نے ہندوستان کی سیاست کو چال بازوں، مفاد پرستوں اور رشوت خوروں سے آزاد کرنے کی پر جوش دعا کی جنت نظیر ہندوستان جہاں سے میر عرب نے ٹھنڈی ہوا آنے کی بشارت دی، آج چند مفاد پرست اور فرقہ پرست سیاست دانوں کی وجہ سے بربادی کے دہانے پر ہے سیاسی مفاد پرستی کی وجہ سے حزب مخالف کے سیاست دانوں اور کارکنان کو جھوٹے مقدمات میں پھنسایا جا رہا ہے، ان کی زندگی اور مستقبل سے کھلواڑ کیا جا رہا ہے ہندوستان سے بیروزگاری، جاہلیت اور مہنگائی ختم کرنے کی جگہ فرقہ پرستی گھولی جا رہی ہے جس سے ہندوستان کا مستقبل تاریک نظر آرہا ہے جو لوگ ہندوستان کے مستقبل کے لئے فکر مند ہیں، وہ ہر وقت عوام کو بیدار کرنے کی دن رات کوشش کرتے جا رہے ہیں وہ ملک اور بیرون ملک جہاں بھی رہے، انہیں ہندوستان کی فکر لاحق رہتی ہے۔ ہندستان کے ساتھ پوری دنیا کے سیاست داں بھی علاقائیت کو ترجیح دے کر اپنے مفاد کے لئے دوسروں کی زندگی سے کھلواڑ کر رہے ہیں۔ فلسطین، برما کے حالات دن بدن خراب ہوتے جا رہے ہیں، فلسطینی عوام کو قتل کیا جا رہا ہے، پوری دنیا خاموش ہے ایسے میں امن پسند لوگوں کا اللہ؟ کے حضور ہاتھ اٹھانا لازمی ہے اللہ ہماری دعا قبول کر لے فلسطین کو آزاد کرا دے، ان کی شہادت کو قبول فرما، معصوموں کو شہادت اور بھوک مری سے بچا لے، آمین!۔

بینچ کے اس پار ایک بیڈ بنایا گیا، وہاں گینگ ریپ ہوا؟ پیلی چادر میں چھپے تمام اسرار

کولکاتا،29/ جون:(عوامی نیوز سروس) قصبہ کیس میں نیا موڑ آیا۔ سوالات اٹھ رہے ہیں کہ کیا ملزم نے پہلے سے منصوبہ بندی کر کے دوشیزہ کے ساتھ اجتماعی زیادتی کی؟ پولس کو شبہ ہے کہ ملزم نے گارڈ روم کے اندر جہاں یہ واقعہ پیش آیا وہاں بنچوں کو جوڑ کر بستر بنایا۔ پھر پیلی چادر پر متاثرہ لڑکی کے ساتھ اجتماعی زیادتی کی گئی۔ پولس ذرائع کے مطابق تفتیش کاروں کو گارڈ روم میں بیڈ شیٹ پر داغ ملے۔ یہ جاننے کے لیے پولس نے چادر کے ٹکڑے ضبط کر لیے۔ پولس ذرائع کے مطابق تفتیش کے دوران گارڈ کے کمرے سے پیلی چادر ملی۔ جب اس چادر کی جانچ کی گئی تو اس پر داغ پائے گئے۔ شیٹ کے اس حصے کو کاٹ کر فرانزک جانچ کے لیے بھیجا جا رہا ہے۔ کچھ تفتیش کاروں کو شبہ ہے کہ شیٹ پر منی موجود ہے۔ لہٰذا فرانزک رپورٹ تصدیق کا انتظار کر رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ گارڈ روم میں بیڈ بنانے کے لیے تین بنچوں کو جوڑا گیا تھا۔ اس پر پیلی چادر بچھی ہوئی تھی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ متاثرہ کے ساتھ وہاں اجتماعی عصمت دری کی گئی۔ خیال رہے کہ گزشتہ بدھ کو قصبہ کے ایک کالج میں اجتماعی عصمت دری کا واقعہ پیش آیا۔ کالج کی ایک طالبہ نے وہاں اجتماعی عصمت دری کا الزام لگایا۔ الزام ہے کہ متاثرہ لڑکی کو گارڈ روم میں بلا کر جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ اس پورے واقعے میں چار افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس کے بعد جیسے جیسے پولس کی تفتیش آگے بڑھ رہی ہے، ایک کے بعد ایک دھماکہ خیز معلومات سامنے آرہی ہیں۔

آسنسول کارپوریشن میں منائی گئی آشوتوش مکھرجی کی جینتی

آسنسول، 29/ جون،(عوامی نیوز سروس): سر آشوتوش مکھرجی کے یوم پیدائش کے موقع پر اتوار کو آسنسول میونسپل کارپوریشن کے آشوتوش ہال میں ان کی بڑی تصویر پر مالا دان کر کے خراج عقیدت پیش کیا گیا اس موقع پر آسنسول میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین امرناتھ چٹرجی، کارپوریشن کے ایگزیکٹو وریین ادھیکاری، کونسلر مینا ہنسدا اور دیگر ملازمین موجود تھے سب نے آشوتوش مکھرجی کو خراج تحسین پیش کیا اس موقعے پر چیئرمین امرناتھ چٹرجی نے کہا کہ سر آشوتوش مکھرجی ہم سب کے لیے مشعل راہ ہیں، انھوں نے انگریزوں کے دور میں بھی اپنا سر نہیں جھکنے دیا انہیں ہمیشہ ہندوستانی ہونے پر فخر تھا اور یہی ان کی سب سے بڑی پہچان ہے انہوں نے برطانوی حکومت کو سینیٹ کا رکن بننے کے لیے خط لکھا اور کہا کہ وہ برطانوی انتظامیہ کی جانب سے سینیٹ کا رکن بننے کی تجویز کا مثبت جواب اسی وقت دے سکتے ہیں جب ان کی تنخواہ برطانوی افسر کے برابر ہو انہوں نے کہا کہ آشوتوش مکھرجی نے کئی اہم ذمہ داریاں نبھائیں، وہ کلکتہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر بنے اور حکومت ہند میں ایک مفکر کی ذمہ داری سنبھالی۔ لیکن سر آشوتوش مکھرجی کے بارے میں جو سب سے بڑی بات کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ تعلیم نے انہیں خود اعتمادی بخشی جس نے انہیں بنگال ٹائیگر بنا دیا جسے ہم سب عظیم کے طور پر جانتے ہیں اگر عظمت اعلیٰ درجے کے کردار اور ذہانت پر مشتمل ہے اور اسے کسی کے خیالات اور عمل کی لازوال قدر سے پرکھنا ہے تو بلا شبہ آشوتوش مکھرجی سب سے نمایاں آدمی تھے ان کی زندگی ایک کے بعد ایک اہم کامیابیوں کی کہانی ہے۔ آشوتوش مکھرجی 29 جون 1864 کو پیدا ہوئے تھے وہ ریاضی کے ماہر تھے اس کے ریاضی کے مقالے، جن میں سے کچھ اس نے اسکول میں ہی لکھے تھے، قومی اور بین الاقوامی شہرت کے جرائد میں شائع ہوئے وہ ایک باصلاحیت انسان تھے۔

درگاپور: ساون میلے کا انعقاد، بنگال اور جھارکھنڈ سے 45 اسٹال لگے

آسنسول،29/ جون،(عوامی نیوز سروس): درگاپور ساگر بھنگا میں واقع شیام مندر کے احاطے میں آل انڈیا مارواڑی خواتین کانفرنس بیدھان نگر شاخ کی طرف سے ایک روزہ ساون میلے کا انعقاد کیا گیا میلے کا افتتاح درگاپور میونسپل کارپوریشن کی ایڈمنسٹریٹر آنندیتا مکھرجی نے کیا۔ اس موقع پر اے ڈی ڈی اے کے چیئرمین کاوی دت، چینکل انفوٹیک کے چیئرمین ول پٹواری، درگاپور سیوا سمیتی کے سکریٹری بنواری کھیتان مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے انہیں تنظیم کی جانب سے مبارکباد دی گئی۔ میلے میں بنگال کے مختلف شہروں نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ پڑوسی ریاست جھارکھنڈ سے تقریباً 45 رنگ برنگے اسٹال لگائے گئے تھے اسٹالز میں بیڈ شیٹس، کپڑے، زیورات، ہاتھ سے بنے کاسمیٹکس، بچوں اور بڑوں کے لیے گفٹ آئٹمز، گیمز، کھانا وغیرہ موجود تھے اس کے بعد قرعہ اندازی کی گئی اور جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ میلے کے دوران نابینا افراد کی امداد سوسائٹی کی جانب سے لوگوں کو آنکھوں کے عطیہ کے بارے میں آگاہی دی گئی اور ہر ایک میں پمفلٹ تقسیم کیے گئے۔ صوبائی قابل ستائش سربراہ منجو بہاری، خواتین کو بااختیار بنانے کی شریک سربراہ شلپی اگروال، برانچ کی صدر انیتا مہیشوری، سکریٹری کویتا شراف، خزانچی جیوتی جین، سمن شرما، ریکھا لکھوٹیا، انیتا مہیشوری، کویتا شراف، جیوتی جین، سمن شرما، نیلا اگروال، نیلا اگروال، جیوتی اگروال، شیوتی اگروال، سواتی بجاج وغیرہ نے میلے کے انعقاد میں فعال کردار ادا کیا۔

2 جولائی سے شروع ہونے والا دوسرا ٹسٹ انڈیا اور انگلینڈ کے درمیان اہم
اگر جسپریت بمراہ کو آرام دیا جاتو تو ارشدیپ کی شمولیت ٹیم میں ضروری ہوگی

لندن، 29 جون: انڈیا اور انگلینڈ کے درمیان پانچ ٹسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹسٹ 2 جولائی سے شروع ہوگا۔ ہیڈ نگلے میں کھیلے گئے پہلے ٹسٹ میں انگلینڈ نے انڈیا کو پانچ وکٹوں سے شکست دیدی تھی جس میں بین ڈکٹ کے 149 رن اور جیک کراؤلے کی نصف سنچری نے انگلینڈ کو ڈیڑھ دنوں میں 371 کا ہدف پار کرنے میں کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ انگلینڈ کی پہلی اننگ کے موقع پر جسپریت بمراہ نے 5 وکٹیں حاصل کی تھیں نیز محمد سراج نے 2 اور پراسیدھ کرشنا نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ لیکن انگلینڈ کی دوسری اننگ کے دوران پراسیدھ کرشنا نے دو وکٹ اور شاردل ٹھاکر نے دو وکٹ لئے اور ایک وکٹ رویندر جڈیجہ نے حاصل کیا۔ جیک کراؤلے نے 65، بن ڈکٹ نے 149 اور جوروٹ نے 53 کے علاوہ بین اسٹوکس نے 33، جیمی اسمتھ نے 44 رن بنائے جبکہ 21 رن ایکسٹرا آئے اور انگلینڈ نے 82 اوور میں 5 وکٹوں پر 373 رن بنا کر یہ ٹسٹ 5 وکٹوں سے جیت لیا تھا۔ انڈیا کی طرف سے پہلے ٹسٹ میں یشسوی جیسوال، شبھمن گل، کے ایل راہل کے علاوہ رشبھ پنت نے دونوں اننگوں میں سنچریاں بنائیں اور کل ملا کر 5 سنچریاں بنائی گئیں لیکن اس کے باوجود دوسری اننگ میں انڈیا اپنی بیٹنگ میں کمان نہیں رکھ سکا۔ دوسرے بالنگ کے شعبہ میں جسپریت بمراہ کو دوسرے ٹسٹ میں آرام دیا جاسکتا ہے ایسے میں فاسٹ بالنگ کی کمان محمد سراج پر ہوگی، پراسیدھ کرشنا کے علاوہ شاردل ٹھاکر اور ارشدیپ سنگھ کو شامل کیا جاسکتا ہے۔ انڈین سلیکٹروں نے حیرت انگیز طور پر اس سیریز کے لئے محمد شامی کو نظر انداز کرکے جھک ماری ہے اس وقت بھی محمد شامی ٹسٹ میچوں کے لئے بالکل فٹ ہے بھلے ہی محدود اوور کے آئی پی ایل سیریز میں اسے زیادہ کامیابی نہیں ملی لیکن شامی تو اوریجنل ٹسٹ میچ کھیلنے والا فاسٹ بالر ہے۔ جسپریت بمراہ ایک بہترین فاسٹ بالر ہے اور اس میں کوئی بھی شک نہیں ہے لیکن اسے لگاتار استعمال نہیں کیا جاسکتا کیونکہ وہ مکمل طور پر فٹ نہیں ہے اور اسے اگر زیادہ استعمال کیا گیا تو پھر انڈیا کو زبردست نقصان ہوسکتا ہے کیونکہ بمراہ سبھوں کو ہر دلعزیز ہے اس وقت انڈیا اور انگلینڈ کے درمیان 2 جولائی سے شروع ہونے والے دوسرے ٹسٹ کی بات کریں تو انگلینڈ کی ٹیم میں اس وقت بلے باز کے طور پر جیک کراؤلے، بینک ڈکٹ، اولی پاپ، جو روٹ، بین اسٹوکس اور جیمی اسمتھ بہترین بلے باز ہیں اور ان کے درمیان جو روٹ کی حیثیت ریکارڈ ساز بلے باز کی ہے جبکہ انڈین ٹیم میں بلے باز کے طور پر یشسوی جیسوال، شبھمن گل، کے ایل راہل رشبھ پنت اور رویندر جڈیجہ مستند ہیں اس کے علاوہ دیگر بھی بلے بازی کر سکتے ہیں لیکن انڈیا کے جو مستند بلے باز ہیں وہ بھی ٹی-20 کھیلنے والے کھلاڑی ہیں اور ان سے اگر دو گیندوں میں کوئی رن نہ بنے تو وہ تیسری گیند پر کھسیا کر الٹا سیدھا شاٹ اور خاص طور پر ریورس سوئپ شاٹ مارنے کی کوشش کرتے ہیں اور پھر ان کا پویلین واپسی یقین ہوتا ہے۔ بھلا ٹسٹ میچ میں بھی ریورس سوئنگ کھیلی جائے اس کے بارے میں تو سوچا نہیں جاسکتا ٹیم میں اس وقت شاردل ٹھاکر، پراسیدھ کرشنا اور محمد سراج بالکل غیر موثر ہیں اور اس کی سب سے بڑی وجہ وہ دو مہینوں تک مسلسل آئی پی ایل کھیل کر حد سے زیادہ تھک چکے ہیں اور ان تھکے تھکے بوجھل قدموں والے کھلاڑیوں کو انگلینڈ کے محاذ پر بھیجا گیا ہے اور پہلے ٹسٹ میں تو کسی طرح سے اتنی ساری سنچریاں بن گئیں لیکن دوسرے ٹسٹ میں دیکھنا ہوگا کہ کیا ہوتا ہے اور کون کون سنچری بناتا ہے اور کون ڈک؟

☆

کھیل کے میدان میں بوڈولینڈ کی شناخت: مودی

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جس بوڈولینڈ شناخت کبھی جدوجہد ہوا کرتی تھی وہ آج قومی کھیلوں کے پلیٹ فارم پر ایک نئی شناخت کے ساتھ کھڑا ہوگیا ہے اور وہاں منعقد ہونے والے فٹ بال ٹورنامنٹ میں 70 ہزار سے زیادہ فٹ بال کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جس سے یہ ایونٹ میدان میں ایک نئے انقلاب کا اشارہ ہے۔ اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات' کے 123 ویں ایپی سوڈ میں مسٹر مودی نے دلچسپ انداز میں کہا 'آپ ایک تصویر کا تصور کیجئے۔ صبح کی دھوپ پہاڑیوں کو چھو رہی ہو، آہستہ آہستہ روشنی میدانی علاقوں کی طرف بڑھ رہی ہے اور اس روشنی کے ساتھ فٹبال کے شائقین کا گروپ آگے بڑھ رہا ہے۔ سیٹی بجتی ہے اور چند لمحوں میں میدان تالیوں اور نعروں سے گونج اٹھتا ہے۔ ہر پاس، ہر گول کے ساتھ لوگوں کا جوش بڑھتا جا رہا ہے۔ آپ سوچ رہے ہوں گے کہ یہ کیسی خوبصورت دنیا ہے۔ دوستو، یہ تصویر آسام کے ایک بڑے علاقے بوڈولینڈ کی حقیقت ہے۔' انہوں نے کہا کہ بوڈولینڈ جہاں کبھی مشکل دور سے گزر رہا تھا، آج ایک نئے روپ کے ساتھ ملک کے سامنے کھڑا ہے۔ نوجوانوں میں جو توانائی اور اعتماد ہے وہ فٹ بال کے میدان میں سب سے زیادہ نظر آتا ہے۔ بوڈولینڈ سی ای ایم کپ کا انعقاد بوڈو ٹیری ٹوریل علاقہ میں کیا جا رہا ہے۔ یہ صرف ایک ٹورنامنٹ نہیں ہے، یہ اتحاد اور امید کا جشن بن گیا ہے۔ مسٹر مودی نے کہا ہے کہ صورتحال ایسی ہے کہ اس خطے میں 3700 سے زیادہ ٹیمیں ہیں، تقریباً 70 ہزار کھلاڑی ہیں اور ان میں ہماری بیٹیاں بڑی تعداد میں حصہ لے رہی ہیں۔ یہ اعداد و شمار بوڈولینڈ میں ایک بڑی تبدیلی کی کہانی بیان کر رہے ہیں۔ بوڈولینڈ اب ملک کے کھیلوں کے نقشے پر اپنی چمک میں اضافہ کر رہا ہے۔

انہوں نے کہا ''ایک وقت تھا جب جدوجہد اس جگہ کی پہچان تھی۔ پھر یہاں کے نوجوانوں کے لیے راستے محدود ہوگئے۔ لیکن آج ان کی آنکھوں میں نئے خواب اور دلوں میں خود کفیلی کا حوصلہ ہے۔ یہاں سے آنے والے فٹ بال کھلاڑی اب بڑے پیمانے پر اپنی شناخت قائم کر رہے ہیں۔ ہالی چرن نارزاری، درگا بورو، اپوربا نرزاری، منبیر باسوماتاری- یہ صرف فٹ بال کھلاڑیوں کے نام نہیں ہیں- یہ نئی نسل کی پہچان ہیں جنہوں نے بوڈولینڈ کو میدان سے قومی سطح تک پہنچایا۔ ان میں سے کئی نے محدود وسائل کے ساتھ پریکٹس کی، کئی نے مشکل حالات میں اپنا راستہ بنایا اور آج ان کا نام لے کر ملک کے کتنے ہی ننھے بچے اپنے خوابوں کا آغاز کرتے ہیں۔'

انگلینڈ کی خواتین ٹیم پر سست اوور ریٹ کے سبب جرمانہ عائد

ناٹنگھم، 29 جون (یو این آئی) انگلینڈ کی خواتین ٹیم پر ہندوستان کے خلاف کھیلے گئے پہلے ٹی 20- میچ میں سست اوور ریٹ کے لیے میچ فیس کا دس فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ہفتہ کی رات کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ کو مقررہ وقت سے دو اوورز کم پھینکنے کا قصوروار پایا گیا۔ آئی سی سی ضابطہ اخلاق کے سست اوور ریٹ سے متعلق آرٹیکل 2.22 کے مطابق کھلاڑیوں پر مقررہ وقت میں گیند بازی نہ کرنے پر ہر اوور کے لیے ان کی میچ فیس کا پانچ فیصد جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ میدانی امپائرز جیکلین ولیمز اور جیمز ٹڈل بروک، تیسرے امپائر سو ریڈفرن اور چوتھے امپائر انا ہیرس نے الزام عائد کیا، جسے انگلینڈ کی کپتان نیٹ ساؤور- برنٹ نے قبول کر لیا۔ اس لیے رسمی سماعت کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔ واضح رہے کہ ہندوستان نے انگلینڈ کو پہلے ٹی 20- میچ میں 97 رنز سے شکست دی تھی۔

گولفر انیربن لاہری نے ہندوستانی پیشہ ورانہ گولف کو نئی سطحوں پر پہنچایا

نئی دہلی، 29 جون (یو این آئی) انیربان لہری ایک ہندوستانی پیشہ ور گولفر ہیں۔ وہ ایشین ٹور، یوروپی ٹور، پی جی اے ٹور اور ایل آئی وی گالف کھیل چکے ہیں۔ انہیں 2014 کا ارجن ایوارڈ دیا جا چکا ہے۔ انہیں سال 2015 میں آنند بازار پتریکا کی طرف سے دیا جانے والا "سیرا بنگالی" ایوارڈ بھی مل چکا ہے۔ انیربن لاہری ہندوستانی گولف کے ٹریل بلزرز میں سے ایک رہے ہیں، ایک ایسے کیریئر سے لطف اندوز ہو رہے ہیں جس نے انہیں دنیا بھر میں 18 پیشہ ورانہ جیت کا جشن مناتے ہوئے دیکھا ہے اور دو بار اولمپکس اور گولف کے ورلڈ کپ میں اپنے ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ 29 جون 1987 کو پونے میں ایک آرمی ڈاکٹر کے گھرانے میں پیدا ہوئے، انیربن لاہری کے پاس گولف کورسز تک آسان رسائی تھی- انیربان لہری پیدائش 29 جون 1987 کو ہوئی۔ لاہری کا تعلق بنگالی خاندان سے ہے۔ انہوں نے آٹھ سال کی عمر میں اپنے والد ڈاکٹر تشار لاہری سے گولف کھیلنا سیکھا، جو مسلح افواج کے ماہر معالج اور اپنے زمانے کے معروف گولفر تھے۔ یہ ان کے والد کی گولف سے محبت تھی جس نے نوجوان لاہری کی اس کھیل میں دلچسپی کو جنم دیا، لیکن پیشہ ور ہونے کی راہ میں ان کا پہلا چیلنج خاندان اور دوستوں کو اس بات پر قائل کرنا تھا کہ یہ ایک قابل عمل کیریئر ہے۔

جب لاہری گولف میں داخل ہوئے تو یقینی طور پر ان کے والدین پر خاندان کی طرف سے بہت زیادہ دباؤ تھا کیونکہ ہندوستان ایسا ملک نہیں ہے جو کھیل کو بطور پیشہ تسلیم کرتا ہے- ان کے والد ڈاکٹر اور والدہ انگریزی کی پروفیسر ہونے کی وجہ سے امیدیں بہت زیادہ تھیں، لیکن وہ ان کے دو سب سے بڑے حامی تھے۔ لاہری پام بیچ گارڈنز، فلوریڈا کا رہائشی ہیں۔ وہ بنگال سے تعلق رکھتے ہیں۔ انگریزی کے علاوہ بنگالی، ہندی اور پنجابی زبان میں بھی مہارت رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے دیرینہ ساتھی اپسا جموال سے شادی کی۔ ان کی ذاتی دلچسپیوں میں موسیقی اور کمپیوٹر گیمنگ شامل ہے۔

اپنے والد کے ساتھ، جو ایک تفریحی گولفر تھے، باقاعدگی سے ان کے کورسز میں جانا اور گولف کی گیندوں کو بازیافت کرنے میں ان کی مدد کرنے سے لاہری میں اس کھیل کا شوق پیدا ہوا۔ اس وقت ان کی عمر صرف آٹھ سال تھی۔ اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے، وہ 2005 میں کوچ وجے دیویچا کے تحت ٹریننگ کے لیے بنگلور چلے گئے۔

لاہری نے جلد ہی گولف کلب میں اپنی شناخت قائم کی اور مسابقتی دنیا میں قدم رکھا، جس کی شروعات 1998 میں کلکتہ میں سب جونیئر گالف ٹورنامنٹ سے ہوئی۔ انیربن لاہری نے جونیئر سرکٹ میں 2005 میں ایشین جونیئر ٹیم چیمپئن شپ میں اپنی پہلی جیت سے سب کو بے حد متاثر کیا۔ دو بار کے اولمپیئن انیربن لاہری ایک دہائی سے ہندوستانی گولف کے پرچم بردار ہیں۔ سات ایشین ٹور ٹائٹلز اور یوروپی ٹور پر اپنی بیلٹ میں دو جیت کے ساتھ، انیربن لاہری سب سے زیادہ سجے ہوئے ہندوستانی پیشہ ور گولفرز میں سے ایک ہیں۔ لاہری 2007 میں پروفیشنل ہو گئے اور پروفیشنل گولف ٹور آف انڈیا (پی جی ٹی آئی) میں شمار ہونے والی شخصیت بن گئے۔ انہوں نے 2008 میں ایشین ٹور میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے 2011 میں اپنا پہلا براعظمی ٹورنامنٹ پیناسونک اوپن جیتا تھا۔ اگلے سال نے انیربن لاہری کو بڑی کامیابیاں فراہم کیں۔ اس نے ملائیشین اوپن جیت کر یوروپی ٹور پر اپنی پہلی فتح کا دعویٰ کیا اور جب وہ وسکونسن، امریکہ میں 2015 پی جی اے چیمپئن شپ میں پانچویں پوزیشن کے لیے برابر ہوئے تو وہ میجر کے ٹاپ فائیو میں شامل ہونے والے پہلے ہندوستانی بن گئے۔

لاہری نے 2008 میں ایشین ٹور میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے 2011 میں پیناسونک اوپن میں پہلی اور 2012 میں سیل-ایس بی آئی اوپن میں اپنی دوسری فتح حاصل کی۔ بہترین کارکردگی کا سال 2014 رہا۔ جس میں ایشین ٹور [؟] سی آئی ایم بی نیاگا انڈونیشین ماسٹرز میں ان کی پہلی بیرون ملک جیت، اس کے بعد وینیشین مکاؤ اوپن میں ایک اور تمغہ جیتنا شامل ہے۔ وہ 2013 میں اپنی قابلیت کی بنیاد پر تیسرے نمبر پر رہے۔ کے ٹورنامنٹ کے آغاز میں 40 ویں نمبر پر تھے۔

فروری 2015 میں، لاہری نے برنڈ ویزبرگر پر ایک اسٹروک سے فتح کے ساتھ مے بینک ملائیشین اوپن میں یورپی ٹور پر اپنی پہلی باضابطہ جیت کا دعویٰ کیا۔ انہوں نے تیسرے راؤنڈ کے دوران 62 کے 10 انڈر پار راؤنڈ میں آخری دن میں جگہ دی اور چار شاٹس پیچھے سے آئے اور حاصل کی۔ انہوں نے 2017 میں سی آئی ایم بی کلاسک کے دوران پی جی اے ٹور ایونٹ میں 54 ہولز کے بعد پہلی بار قیادت کی۔

لاہری نے 2017 کا پی جی اے ٹور سیزن مکمل کیا اور فیڈ ایکس کپ اسٹینڈنگ میں کیریئر کا اعلیٰ 51 واں مقام حاصل کیا۔ 2018 کے پی جی اے ٹور سیزن میں، لاہری نے پی جی اے ٹور پر اپنا سب

لاہری نے مسلسل سیزن کے بعد مارچ 2014 میں پہلی بار آفیشل ورلڈ گالف رینکنگ میں ٹاپ 100 میں جگہ بنائی جس میں ایشین ٹور پر دو فتوحات شامل تھیں۔ لاہری کو پروفیشنل گالف ٹور آف انڈیا پر بھی کافی کامیابی ملی ہے، جہاں انہوں نے 2009 میں گیارہ ایونٹس اور آرڈر آف میرٹ جیتا ہے۔ ان کے لیے بڑا بریک اس وقت آیا جب وہ اپنے پہلے بڑے ٹورنامنٹ [؟] لنکا شائر کے رائل لیتھم اور سینٹ اینس گالف کلب میں 2012 اوپن چیمپئن شپ کے لیے کوالیفائی کر گئے۔ انہوں نے پہلے کٹ (72-68) کرکے اور پھر تیسرے راؤنڈ میں پار 3 9-ویں ہول میں ٹی 31 ختم کرنے کے راستے میں ایک ہول ان ون کے ساتھ اسے سب سے یادگار آؤٹنگ بنا دیا۔ لاہری کو 2015 کے پریذیڈنٹ کپ اسکواڈ میں شامل کیا گیا تھا، یہ اعزاز حاصل کرنے والے ہندوستان کے پہلے کھلاڑی تھے۔ وہ فائنل میں سب سے زیادہ رینک والے کھلاڑی تھے، چار ایونٹس ایک شاٹ سے غالب رہے۔ اسی مہینے کے آخر میں لاہری نے اپنے آبائی ملک ہندوستان میں یورپی ٹور پر اپنا دوسرا ایونٹ ہیرو انڈین اوپن میں جیتا تھا۔ وہ فائنل راؤنڈ میں سات اسٹروک پیچھے سے شیو چورسیا کے ساتھ پلے آف پر کھیلنے کے لئے مجبور ہوئے، جو انہوں نے پہلے اضافی ہول پر برڈی کے ساتھ جیتا۔ ان دونوں جیتوں نے لاہری کو آفیشل ورلڈ گالف رینکنگ کے ٹاپ 50 میں شامل کر دیا اور اس طرح انہوں نے 2015 کے ماسٹرز ٹورنامنٹ کے لیے کوالیفائی کیا۔ جیو ملکھا سنگھ اور ارجن اٹوال کے بعد وہ ماسٹرز میں کھیلنے والے تیسرے ہندوستانی شہری بنے۔ انہوں نے اپنی پہلی پیشی میں کٹ بنائی اور اپنے چار راؤنڈز کے اسکور کے ساتھ ٹورنامنٹ کا اختتام کیا، جس سے وہ جیسن ڈفنر کے ساتھ 49 ویں نمبر پر رہے۔

لاہری نے 2016 کے سمر اولمپکس کے لیے بھی کوالیفائی کیا، جس نے ریوڈی جنیرو میں اولمپک گالف کورس میں حصہ لینے کے لیے 60 کھلاڑیوں کے میدان میں جگہ سے کم راؤنڈ لگایا۔ لاہری نے 2020 کے پی جی اے ٹور پر جدوجہد کی اور فیڈ ایکس کپ اسٹینڈنگ میں 219 ویں نمبر پر رہے۔ انہوں نے 2021 کے سیزن کے فیڈ ایکس کپ میں 2022 کے پی جی اے ٹور سیزن کے لیے اپنے کارڈ کو برقرار رکھتے ہوئے بار باسول چیمپئن شپ میں ٹی 3 کی سب سے زیادہ تکمیل کے ساتھ 118 واں مقام حاصل کیا۔ تاہم، ہندوستانی گولفر ریو 2016 اولمپکس میں اپنی رفتار کو برقرار نہیں رکھ سکے کیونکہ اس نے اپنی پہلی اولمپک مہم 57 ویں مقام پر ختم کی۔ ان کے ہم وطن ایس ایس پی چورسیا 50 ویں نمبر پر رہے۔

انیربن لاہری نے ایک ہندوستانی گولفر کے ذریعہ اب تک کا سب سے بڑا انعامی چیک حاصل کیا جب وہ پی جی اے ٹور کی پلیئرز چیمپئن شپ 2022 میں رنر اپ رہے ہیں۔ اسی سال انہوں نے ویلز فارگو چیمپئن شپ میں چھٹا مقام حاصل کیا اور پی جی اے ٹور پر ونڈھم چیمپئن شپ میں آٹھویں نمبر پر رہے۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Monday, 30th June 2025

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
سوموار، ۳۰ رجون ۲۰۲۵ء

SPORTS
کھیل کی دنیا

خلیل احمد کی قسمت چمکی اب انگلینڈ میں دھوم مچائیں گے

ممبئی، 29 جون: ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے لیفٹ آرم فاسٹ بولر خلیل احمد اب انگلینڈ میں کھیلتے نظر آئیں گے۔ خلیل آئی پی ایل 2025 میں چنئی سپر کنگز کی ٹیم کا حصہ تھے۔ خلیل احمد نے انڈیا-اے کے لیے کھیلتے ہوئے انگلینڈ میں مہلک گیند بازی کی۔ انہوں نے ہندوستان کے لئے 11 ون ڈے اور 18 ٹی 20 میچ کھیلے ہیں۔ خلیل کو کاؤنٹی ٹیم ایسیکس نے سائن کیا ہے۔ فاسٹ باؤلر خلیل احمد نے 2025 کے سیزن کے اختتام تک کاؤنٹی چیمپئن شپ اور ون ڈے کپ کے میچز کھیلنے کے لیے ایسیکس کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ 27 سالہ خلیل احمد مئی کے آخر سے انگلینڈ میں ہیں، وہ انڈیا-اے کے لیے کھیلے تھے۔ اس نے نارتھمپٹن ؟؟ میں پہلے میچ میں جیمز ریو، جارج ہل، کرس ووکس اور اپنی ایسیکس ٹیم کے ساتھی جارڈن کوکس کو آؤٹ کیا۔ خلیل احمد نے ہفتے کے روز کلب کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا، "میں نے کلب کی تاریخ کے بارے میں بہت کچھ سنا ہے۔ اس کا حصہ بننے کے لیے پر جوش ہوں اور فوری اثر ڈالنے کی کوشش کروں گا۔ میں چیلمسفورڈ میں کھیلنے، ایسیکس کے اراکین اور مداحوں سے ملنے اور اس طرح پرفارم کرنے کا منتظر ہوں جس پر وہ فخر کر سکیں۔" ایسیکس کے ڈائریکٹر آف کرکٹ کرس سلور ووڈ نے کہا، "ہم انڈیا اے کے لیے ان کی کارکردگی سے متاثر ہوئے اور ہمیں پختہ یقین ہے کہ وہ ہمارے پہلے سے بہت مضبوط سیون اٹیک کو مزید مضبوط کر سکتے ہیں۔ بائیں ہاتھ کے سیمر کے طور پر، وہ کچھ مختلف پیش کرتے ہیں اور ون ڈے کپ اور کاؤنٹی چیمپئن شپ دونوں میں ٹیم میں ایک نئی قوت ڈالے گا۔" ڈومیسٹک کرکٹ میں راجستھان کے لیے کھیلتے ہوئے خلیل احمد نے 63 میچوں میں 27.92 کی اوسط سے 92 وکٹیں حاصل کیں، ان کی بہترین کارکردگی 4-35 ہے۔ اس کے ساتھ ہی 20 فرسٹ کلاس میچوں میں احمد نے 27.67 کی اوسط سے 56 وکٹیں حاصل کیں جن میں ان کی بہترین کارکردگی 5-37 ہے۔

پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا سے شکست کے بعد ویسٹ انڈیز کے کپتان کا امپائروں پر پھوٹا غصہ، سزا دینے کا کیا مطالبہ

پورٹ آف اسپین، 29 جون: ویسٹ انڈیز کے خلاف شروع ہوئی ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ جیت کر آسٹریلیا نے ڈبلیو ٹی سی ٹورنامنٹ میں اپنی بہترین شروعات کر دی ہے۔ آسٹریلیائی کھلاڑی جہاں اس جیت کا جشن منا رہے ہیں، وہیں ویسٹ انڈیز کے کپتان جوسٹن چیز انتہائی مایوس اور غصے میں ہیں۔ ان کا غصہ امپائروں کے خلاف ہے۔ روسٹن کا ماننا ہے کہ امپائروں نے اس میچ میں کئی غلط فیصلے دیے، اور اس کے لیے امپائروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ قابل ذکر ہے کہ آسٹریلیا نے تیسرے دن یہ ٹیسٹ میچ 159 رنوں سے اپنے نام کر لیا۔ جیت کے لیے میزبان ویسٹ انڈیز کو 301 رنوں کی ضرورت تھی، جو وہ بنا نہیں پائی اور 141 رنوں پر ہی سمٹ گئی۔ اس شکست کے بعد روسٹن نے کہا کہ امپائروں نے اس میچ میں کئی غلط فیصلے کیے۔ انھوں نے کہا کہ غلط فیصلوں کے لیے امپائروں پر پنالٹی لگائی جانی چاہیے، کیونکہ ایک غلط فیصلہ کھلاڑی کے کیریر کو برباد کر سکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جب کھلاڑی کچھ غلط کرتے ہیں تو ان کو سخت سزا دی جاتی ہے، اور ایسا ہی امپائروں کے ساتھ ہونا چاہیے۔

روسٹن چیز کا کہنا ہے کہ ''امپائروں کو کچھ نہیں ہوتا۔ وہ غلط فیصلہ کرتے ہیں، سوال اٹھانے والا فیصلہ کرتے ہیں، پھر بھی کچھ نہیں ہوتا۔ آپ کھلاڑیوں کے کیریر کی بات کر رہے ہیں، ایک غلط فیصلہ کھلاڑی کے کیریر کو بنا اور مٹا سکتا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ اس سلسلے میں سبھی کے لیے یکساں اصول ہونے چاہئیں۔ جب کھلاڑی حدود سے باہر جاتے ہیں تو ان کو سزا ملتی ہے، اور مجھے لگتا ہے کہ جب آپ کے خلاف کوئی غلط فیصلہ کیا جائے تو اس معاملے میں بھی پنالٹی ہونی چاہیے۔'' واضح رہے کہ اس میچ میں 3 فیصلوں پر تنازعہ دیکھنے کو ملا ہے۔ میچ کے پہلے دن ٹی وی امپائر نے آسٹریلیائی بلے باز ٹریوس ہیڈ کو آؤٹ نہیں دیا، کیونکہ ان کے پاس پختہ ثبوت نہیں تھے۔ دوسرے دن روسٹن چیز کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ دیا گیا، جبکہ کیمرہ میں بلے کا کنارہ لگتا ہوا صاف دکھائی دے رہا تھا۔ تیسرا فیصلہ شائی ہوپ سے جڑا ہوا تھا، انھیں تب آؤٹ دے دیا گیا جب وکٹ کیپر ایلیکس کیری نے کافی نیچا کیچ لیا۔ اس کیچ کو دیکھ کر لگ رہا تھا کہ گیند زمین پر بھی لگی ہے۔ ویسٹ انڈیز ٹیم کے ہیڈ کوچ ڈیرین سیمی نے اس سلسلے میں میچ ریفری جواگل سری ناتھ سے بات بھی کی تھی اور اپنی فکر کا اظہار کیا تھا۔

آئی سی سی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ڈیرن سیمی پر جرمانہ عائد

دبئی، 29 جون (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے ہیڈ کوچ ڈیرن سیمی پر پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن آئی سی سی ضابطہ اخلاق کے لیول 1 کی خلاف ورزی کے لیے میچ فیس کا 15 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ یہ جرمانہ سیمی کی جانب سے دوسرے دن کے اختتام پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیے گئے تبصروں سے متعلق ہے۔ انہوں نے پورے دن کے کھیل میں پیش آنے والے کئی واقعات کے حوالے سے میچ آفیشلز میں سے ایک کی تنقید کی تھی۔ 41 سالہ سیمی کو ضابطہ کے آرٹیکل 2.7 کی خلاف ورزی کا قصوروار پایا گیا۔ یہ کسی بین الاقوامی میچ یا کسی کھلاڑی، کھلاڑی کے معاون عملے، میچ آفیشل یا کسی بین الاقوامی میچ میں حصہ لینے والی ٹیم کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کے حوالے سے عوامی تنقید یا نامناسب تبصرے سے متعلق ہے۔ سیمی پر میچ فیس کا 15 فیصد جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے انضباطی ریکارڈ میں ایک ڈیمیریٹ پوائنٹ بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ 24 ماہ کی مدت میں ان کا پہلا جرم ہے۔ سیمی نے جرم قبول کر لیا ہے۔ واضح رہے کہ اس ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کو مہمان آسٹریلیائی ٹیم نے 159 رنز سے شکست دی تھی۔

ہندوستان کے گولڈن بوائے نیرج چوپڑا بنے دنیا کے نمبر-1 جیولن تھرووَر، پاکستانی ارشد ندیم کو چھوڑا بہت پیچھے

نئی دہلی، 29 جون: ہندوستان مایہ ناز جیولن تھرووَر نیرج چوپڑا نے ایک بار پھر بڑی کامیابی اپنے نام کر لی ہے۔ 'گولڈن بوائے' کے نام سے مشہور نیرج چوپڑا دنیا کے نمبر-1 جیولن تھرووَر بن گئے ہیں۔ انھوں نے گرینیڈا کے اینڈرسن پیٹرس کو پیچھے چھوڑ کر یہ مقام حاصل کیا ہے۔ پاکستان کے ارشد ندیم جیولن تھرو کی عالمی رینکنگ میں نیرج سے بہت پیچھے، چوتھے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ نیرج چوپڑا کے اس وقت 1445 پوائنٹس ہیں، جبکہ دوسرے مقام پر موجود پیٹرس ان سے 14 پوائنٹس پیچھے ہیں۔ ان کے 1431 پوائنٹس ہیں۔ 1407 پوائنٹس کے ساتھ جرمنی کے جولین ویبر تیسرے مقام پر، جبکہ پاکستان کے ارشد ندیم 1370 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ نیرج چوپڑا نے اس سال بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جس کی وجہ سے انھوں نے عالمی رینکنگ میں پہلا مقام حاصل کر لیا ہے۔ نیرج چوپڑا نے 17 ستمبر 2024 کو پیرس اولمپک کے بعد نمبر-1 کی رینکنگ گنوا دی تھی، لیکن انھوں نے لگاتار شاندار کارکردگی پیش کرتے ہوئے اسے پھر سے حاصل کر لیا ہے۔ 2 مرتبہ کے اولمپک میڈل فاتح اس کھلاڑی نے رواں سیزن کا ا؟ غاز جنوبی افریقہ کے پوچیفسٹروم میں انویٹیشنل ٹورنامنٹ جیت کر کی تھی۔ اس کے بعد ڈائمنڈ لیگ کے دوحہ لیگ میں نیرج چوپڑا نے 9023 میٹر کا تھرو کر کے نیا قومی ریکارڈ اپنے نام کر لیا تھا اور مشہور 90 میٹر کلب میں شامل ہو گئے۔ حالانکہ انھیں اس مقابلے میں دوسرے مقام سے اکتفا کرنا پڑا تھا۔ اس کے علاوہ نیرج نے پولینڈ میں جانوج کسوکنسکی میموریل میں سلور میڈل حاصل کیا تھا۔ قابل ذکر ہے کہ نیرج چوپڑا 2022 میں آخری مرتبہ اینڈرسن پیٹرس سے ہارے تھے۔ اس مقابلے میں پیٹرس نے 89.91 میٹر کا تھرو کر کے گولڈ میڈل جیتا تھا، جبکہ نیرج 88.39 میٹر تھرو کر کے دوسرے مقام پر رہے تھے۔ اس کے بعد سے نیرج نے لگاتار اچھا کھیل پیش کرتے ہوئے پیٹرس کو ہر مقابلے میں پیچھے چھوڑا ہے۔ اب تو ان کا آمنے سامنے کا ریکارڈ بھی 165 ہو گیا ہے۔ تازہ عالمی کپ رینکنگ ٹوکیو 2020 کے سلور فاتح چیک جمہوریہ کے یعقوب واڈلیج پانچویں مقام پر ہیں۔

آیوش شیٹی اور تنوی شرما یو ایس اوپن کے فائنل میں

آیووا (امریکہ)، 29 جون (یو این آئی) ہندوستانی نوجوان بیڈمنٹن کھلاڑی آیوش شیٹی اور تنوی شرما نے یو ایس اوپن 2025 میں تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مردوں اور خواتین کے سنگلز ایونٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ ہفتہ کی رات ایک گھنٹے سات منٹ تک جاری رہنے والے میچ میں عالمی بیڈمنٹن رینکنگ میں 34 ویں نمبر پر موجود 20 سالہ آیوش شیٹی نے سیمی فائنل مقابلے میں ٹاپ سیڈ اور عالمی نمبر 9 چینی تائی پے کے چو تیین چن کو 23-21، 15-21، 14-21 سے شکست دی۔ آیوش نے پہلی بار کسی بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ وہ ٹائٹل مقابلے میں تیسرے سیڈ کینیڈا کے برائن یانگ سے مقابلہ کریں گے۔ ادھر خواتین کے ایونٹ میں 16 سالہ تنوی شرما نے سیمی فائنل میں یوکرین کی ساتویں سیڈ کھلاڑی پولینا بوہروا کو 14-21، 16-21 سے ہرا کر خواتین کے سنگلز فائنل میں داخلہ حاصل کیا۔ اس جیت کے ساتھ تنوی بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور فائنل میں پہنچنے والی سب سے کم عمر ہندوستانی کھلاڑی بن گئی ہیں۔

کھیل سیاحت کا تیرتھ بن چکا ہے اتراکھنڈ: ریکھا آریہ

ہریدوار/دہرادون، 29 جون (یو این آئی) اتراکھنڈ کی وزیر کھیل ریکھا آریہ نے اتوار کو 42 ویں نیشنل تائیکوانڈو چیمپئن شپ اور 28 ویں نیشنل پومسے تائیکوانڈو چیمپئن شپ کے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے روشن آباد کے وندنا کٹاریا اسٹیڈیم میں میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کو تمغے پہنا کر اعزاز سے نوازا۔ ان مقابلوں میں ملک کی 18 ریاستوں سے آئے 700 سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔

اس موقع پر محترمہ آریہ نے کہا کہ مذہبی سیاحت کے بعد اب اتراکھنڈ کھیل سیاحت کا بھی تیرتھ (مقدس مقام) بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین دنوں میں انہوں نے چار قومی سطح کی کھیلوں کی تقریبات کا افتتاح اور اختتام کیا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اتراکھنڈ اب دیو بھومی کے ساتھ ساتھ کھیل بھومی بھی بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نظم وضبط، عزم، ایمانداری اور لگن جیسے زندگی کے اقدار بھی سکھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن کھلاڑیوں نے اس قومی مقابلے میں تمغے جیتے ہیں، وہ آگے چل کر بین الاقوامی سطح پر بھی ملک کے لیے تمغے جیتیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ ہند کی کوششوں سے یہ بہت ممکن ہے کہ 2036 کے اولمپک کھیلوں کا انعقاد ہندوستان میں ہو، اور کھلاڑیوں کو ابھی سے اس کو ہدف بنا کر تیاری شروع کر دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح اتراکھنڈ میں ہر گھر سے ایک فوجی نکلتا رہا ہے، بالکل اسی طرح مستقبل میں یہاں ہر گھر سے ایک کھلاڑی بھی نکلنا چاہیے۔ اس موقع پر ہندوستان میں تائیکوانڈو کے بانی ڈاکٹر جمی آر جگتیانی، تائیکوانڈو فیڈریشن آف انڈیا کے ڈائریکٹر پیٹر جگتیانی، ضلعی کھیل افسر شیالی گرونگ، دیو بھومی اتراکھنڈ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے صدر اودیش کمار، جنرل سیکریٹری راہل دھیمان، تکنیکی ڈائریکٹر منوج تیاگی، آنند بھارتی، جتیندر سنگھ اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

زمبابوے کے سلامی بلے باز بینیٹ زخمی ہونے کی وجہ سے بلاوایو ٹیسٹ سے باہر

بلاوایو، 29 جون (یو این آئی) زمبابوے کے سلامی بلے باز برائن بینیٹ کو میدان میں چوٹ لگنے کی وجہ سے بلاوایو ٹیسٹ سے باہر ہونا پڑا ہے۔ آج یہاں کھیلے جا رہے میچ میں سلامی بلے باز برائن بینیٹ نے آٹھویں اوور میں ریٹائرڈ آؤٹ ہونے سے پہلے 28 گیندوں پر 19 رنز بنائے۔ بینیٹ کو چھٹے اوور میں کوینا مفاکا کی گیند کو ہک کرنے کی کوشش کے دوران ہلکی چوٹ لگی تھی اور انہیں میدان سے باہر جانا پڑا تھا۔ چوٹ کے پروٹوکول کے مطابق، برائن بینیٹ ٹیسٹ میں مزید کوئی کردار ادا نہیں کریں گے۔ ان کی جگہ پرنس ماسوارے کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ ماسوارے اپنا 10 واں ٹیسٹ میچ کھیلیں گے۔

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor- Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30 ر چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804